بیاضِ مہتاب
حکیم حاجی مہتاب حسین دہلوی

پوشیدہ مجربات پر مشتمل خوردنی اور خارجی علاج بشمول روحانی عملیات کا خزانہ

بیاض مہتاب

ترتیب وتصنیف، حکیم حاجی مہتاب حسین دہلوی

نزد آرمر کالونی نمبر 2 حکیم آباد۔ نوشہرہ کینٹ

موبائل نمبر 03219867091

انتساب

ذات کبریا رب ذوالجلال والاکرام کے نام جو اپنے بندوں پر

شفاء رحمت کا نزول فرماتا ہے

اپیل

دعائے مغفرت برائے زوجہ محترمہ حاجن صاحبہ کے لئے جس نے ہر ہر قدم پر اس
کتاب کی ترتیب وتصنیف میں میری معاونت فرمائی اللہ تعالی مرحومہ کو جنت
الفردوس عطا فرمائی (آمین) ثمہ آمین

دیباچہ

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الرحمین

شروع اس ذات ربانی کے نام سے جو واحد و یکتا اپنی مخلوقات کے لئے رحمان اور رحیم شافی کافی ہمیشہ سے موجود اور ہمیشہ کے لئے قائم و دائم ہے۔ جس نے اپنے حبیب لبیب احمد مجتبے حضرت محمد ﷺ کو ظہور فرما کر اس کائنات پر احسان عظیم فرمایا۔

محترم قارئین اکرام مصدقہ و مجربہ معیاری مجربات پر مشتمل بیاض مہتاب دراصل ہماری خاندانی قلمی بیاض ہے میرے اباؤ اجداد میں سے میرے پردادا کا نام بھی حکیم مہتاب حسین تھا اور ان کا دوران حیات 1815ء سے 1890ء تک تھا۔ نے ایک جگہ ایک نسخہ تحریر کرتے ہوئے 12.7.1836ء لکھی ہے۔ اس سے پہلے کا ذکر کہیں نہیں ملا۔ میری تحریر کا مطلب ہے۔ کہ ڈیڑھ سو سالوں سے بیاض مہتاب کے مجربات ہمارے خاندان میں تجربہ کی کسوٹی پر پرکھے ہیں میں نے یعنی حکیم حاجی مہتاب حسین دہلوی نے بھی ان معیاری و مجربہ ادویات سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں مریضوں کو ان کے فوائد سے مستفید کیا ہے پھر میں نے ان فوائد کو مزید بانٹنے کیلئے بیاض مجربات مہتاب کے مجربات کو بیاض مہتاب ہی کے نام سے مختلف طبی جرائد میں شائع کروائے۔ جن میں خصوصی طور پر ماہنامہ اسرار حکمت لاہور، ماہنامہ لقمان وزیر آباد، طبیب حاذق گجرات اور حکیم حاذق گجرات اکثر و بیشتر ان طبی جرائد میں شائع ہوتے رہے ہیں اللہ تبارک وتعالی ان سب ایڈیٹروں کی مغفرت فرمائے (آمین) بیاض مہتاب میں کئی نسخہ جات آپ کو ایسے ملیں گے۔ جن کی تصدیق کی خاطر مجھے بے شمار دولت اور وقت صرف کرنا پڑا۔ اس۔ سے قطع نظر اپنے سینے سے نجات کا قفل توڑ کر تمام مجربات آپ کے سامنے رکھدیئے ہیں۔ اور میری دعا ہے کہ اللہ تبارک تعالی میری اس تصنیف سے جو ایمانداری اور صفائی نیت سے لکھی گئی ہے۔ میرے وطن کے

نونہالاں جو میری کل ہیں کو فائدہ پہنچے گا تو میرے لئے حقیقی راحت کا باعث ہوگا۔بے نظیر مجربات واسرار مخفیہ کا خزانہ آپ کی خدمت پیش کیا جا رہا ہے جس کے لئے امید ہی نہیں بلکہ یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ اپنی نوعیت کی واحد مثال ہے۔اس کی صداقت کا ثبوت یہ ہے کہ اس کتاب میں درج تمام مجربات ہمارے پاس سے آپ کو ہر وقت تیار مل سکتے ہیں آخر میں میں رب العزت سے دعا کرتا ہوں کہ میری اس ناچیز تالیف سے ملک کے نوجوانوں کی اصلاح ہو اور اطباء اکرام کیلئے ایک صحیح راہ عمل کی ترویج کا باعث ہو۔اور میری دنیا و آخرت میں خیر و برکت ہو (آمین ثمہ آمین)

اپیل:

دعائے مغفرت برائے زوجہ محترمہ حاجن صاحبہ کے لئے جس نے ہر ہر قدم پر اس کتاب کی ترتیب وتصنیف میں میری معاونت فرمائی اللہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس عطا فرمائی (آمین)

احقر

حکیم حاجی مہتاب حسین دہلوی

نزد آرمر کالونی نمبر 2 حکیم آباد۔نوشہرہ کینٹ

موبائل نمبر (03219867091)

امراض سر

امراض سر میں زیادہ تر دردسر ہی قابل ذکر ہے۔اس کی بہت سی وجوہات ہیں اور بہت سی اقسام ہیں لیکن میں یہاں صرف دو وجوہات بیان کرنا چاہتا ہوں۔دردسر کی ایک وجہ بلڈ پریشر ہائی اور لو دونوں ہی دردسر کا سبب بنتے ہیں

دوسری وجہ قبض

قبض کی وجہ سے تبخیر معدہ دردسر کا سبب بنتا ہے لیجئے مجربات برائے دردسر حاضر خدمت ہیں سب سے پہلے میں دردسر کیلئے ایسا نایاب نسخہ پیش کرتا ہوں کہ جو کبھی بھی خطا نہیں ہوتا دائمی سر درد کے مریض کو چاہئے کہ وہ چالیس دن تک بلاناغہ پانچوں فرض نمازیں اسطرح پڑھیں کہ تکبیر ز شروع ہونے سے پہلے صف میں کھڑے ہوں اور نیت کر کے امام کے اللہ اکبر کہنے کے ساتھ ہی اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ باندھ لیں اور فرض نماز کا سلام پھیرنے کے بعد تین دفعہ استغفراللہ کہیے اور پھر سر پر ہاتھ رکھ کر 21 دفعہ یاقوی کہیئے۔یہ عمل صرف اور صرف فرض نماز کے بعد ہی کرنا ہے

سفوف برائے دردسر بوجہ ہائی بلڈ پریشر

ھوالشافی:۔ سورنجان شریں اسطخودوس کشنیز الائچی خورد۔ہڑ،بہیڑہ،آملہ،چھوٹی چندن صندل سفید ہر ایک 2 1/2 تولہ سب کو دردرا کوٹ لیں اور ان کی چالیس پڑیاں بنالیں رات کو سوتے وقت ایک گلاس پانی میں بھگو دیں صبح کو پانی چھان لیں اور میٹھا ملا کر پی لیں

سفوف برائے دردسر بوجہ لو بلڈ پریشر

ھوالشافی:۔ زنجبیل،اسطخودوس،ہڑ،بہیڑہ،آملہ،سورنجان شیریں،تربدسفید ،گاؤزبان،اجوائن،خولنجان،ہر ایک تین تین تولہ اس کو بھی دردرا کوٹ کر چالیس ہڑیاں بنالیں ایک پڑی صبح 7 بجے ایک گلاس پانی میں ڈال کرر کھ چھوڑیں شام کو عصر کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز سے پہلے پہلے یہ پانی چھان لیں اور میٹھا ملالیں نوش فرمالیں۔

سفوف برائے دردسر بوجہ قبض

ھوالشافی:۔ سورنجان شیریں سناء مکی اسطخودوس، ہڑ، بہیڑہ، آملہ، سفوف، اجوائن ،تربد سفید، ہر ایک ایک تولہ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر ایک شیشی میں محفوظ رکھیں اور دن میں تین دفعہ تین تین ماشہ گرم پانی یا گرم قہوہ کے ساتھ استعمال کریں

سفوف برائے دردسر بوجہ قبض وامراض معدہ

ھوالشافی، ہلیلہ کابلی، اسطخودوس، سناء مکی، گل سرخ، بنفشہ، ایک ایک تولہ، مغز بادام 5 تولہ الائچی خورد 1 تولہ، چینی 5 تولہ تمام ادویہ کو کوٹ لیں اور 6 ماشہ دوا رات کو سوتے وقت گرم دودھ سے استعمال کریں یہ نسخہ دردسر بوجہ قبض پیٹ کی خرابی اور دائمی قبض کیلئے مفید ہے۔

دردسر کیلئے خارجی علاج مہتابی بام

ھوالشافی، ست اجوائن، ست پودینہ کافور، ہر ایک ایک تولہ روغن لونگ روغن دارچینی 2،2 تولہ روغن ناریل 2 تولہ ویزلین ایک چھٹانک، موم سفید 2 تولہ ست پودینہ ست اجوائن اور کافور کے علاوہ باقی تمام ادویہ کو ایک کڑچھے میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں کہ تمام ادویہ یکجان ہو جائیں تو اتار لیں ست اجوئن، ست پودینہ، اور کافور کو ایک شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھ لیں یہ تینوں مل کر مائع بن جائیں گے ۔اس سیال کو ان میں ملا لیں اور خوب یکجان کر لیں اور ایک کھولے منہ کی شیشی میں محفوظ کر لیں دردسر کیلئے تھوڑی سی دوا۔دردزدہ حصہ پر مالش کریں۔انشاء اللہ دردسر چٹکی بجاتے غائب ہو جائے گا۔

ضعف دماغ

سفوف دماغ محافظہ حافظہ

یہ سفوف ماشاء اللہ قوت حافظہ، کمزوری دماغ، اور دائمی نزلہ وزکام کو دور کرنے میں اللہ

تبارک وتعالی کے فضل وکرم سے شافی کا درجہ رکھتی ہے سکول کے طالب علم، وکیل، ڈاکٹر، اور دفتروں میں بیٹھ کر دماغی کام کرنے والوں کیلئے نعمت خداوندی سے کم نہیں۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء

ھوالشافی:۔ برہمی بوٹی، بادیاں، خشخاش، سفید، کشنیز ہر ایک 6،6 تولہ دانہ الائچی خورد، ا تولہ، صندل سفید 2 تولہ، کشتہ مرجان، کشتہ زمرد، ہر ایک 1،1 تولہ، جوہر مغز 5 تولہ تمام ادویات ماسوائے کشتہ جات کے کوٹ کر چھان لیں اور کول میں ڈال کر کشتہ جات بھی شامل کر کے کھرل کر لیں کہ یکجان ہو جائے تو 10 تولہ کوزہ مصری ڈال کر مرتبان میں محفوظ کر لیں ایک تولہ دوا صبح اور ایک تولہ دوا رات کو سوتے وقت ایک پاؤ دودھ سے استعمال کریں۔

دماغ افروز کیپسول

یہ کیپسول بفضل تعالی ضعف دماغ کند ذہن حافظہ کی کمزوری کیلئے اکسیر بے نظیر ہیں۔ ایسے طالب علم جو محنت تو دن رات کرتے ہیں۔ لیکن امتحان میں کامیابی نصیب نہیں ہوتی اس کے استعمال سے انشاء اللہ اچھی پوزیشن حاصل کر سکتے ہیں۔ مختصر یہ کہ دماغی کام کرنے والوں کیلئے اکسیر ہے۔ نسخہ کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء

ھوالشافی:۔ نمک برہمی 5 تولہ، جوہر مغز 5 تولہ، کشتہ مرجان 1 تولہ، کشتہ نقرہ 1 تولہ، طباشیر کبود 1 تولہ دانہ الائچی خورد 1 تولہ کشتہ زمرد 1 تولہ تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں کہ تمام ادویہ یکجان ہو جائیں تو چھوٹے کیپسول بھر لیں

ترکیب استعمال

ایک کیپسول صبح اور ایک رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں یہ ایک ایسا نسخہ

ہے جو کمزور دماغ کا سو فیصد علاج ہے دماغی کام کرنے والوں کیلئے بہترین شے ہے علاوہ ازیں آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا، سر چکرانا، کمزوری باہ، جریان، احتلام، کیلئے بھی مفید ہے۔ ایک کیپسول کھانے سے انسان گھنٹوں کام کر سکتا ہے تکان محسوس نہیں ہوتی۔

ترکیب تیاری جوہر مغز بز

جوان وتندرست بکرے کا مغز لے کر اس میں ہم وزن چینی ملا کر ہاتھوں سے ملیں کہ تمام محلول کی شکل اختیار کر لے۔ پھر پانی کی بھاپ پر خشک کر لیں پس یہی جوہر مغز بز ہے۔

نمک برہمی

حسب ضرورت برہمی بوٹی لے کر اسے جلا لیں اور اسکی راکھ کو پانی میں بھگو دیں دن میں دو تین دفعہ ہلا دیا کریں تیسرے دن بغیر ہلائے اوپر کا صاف پانی لے کر برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ کر تمام پانی جلا لیں تہہ میں جو چیز ملے گی وہی نمک برہمی ہوگا۔

حبوب برائے ضعف دماغ

یہ حبوب ضعف دماغ، نزلہ، زکام، گلے کی خراش اور دائمی نزلہ زکام کیلئے اکسیر ہے۔

اجزاء اور ترکیب تیاری

مغز بادام، مغز چلغوزہ، مغز پستہ، مغز تخم کدو شیریں، مغز اخروٹ، شکر تیغال، انیسون، رب السوس، کشتہ صدف ہر ایک 2،2 تولہ تمام اجزاء کو کوٹ کر چھان لیں اور حسب ضرورت شہد ملا کر حبوب نخودی تیار کر لیں اور ایک ایک گولی صبح، دوپہر اور شام کو ہمراہ آب تازہ لیں۔

امراض چشم

امراض چشم ہمہ قسم کیلئے یہ ایک کورس ترتیب دیا گیا ہے اس میں خوردنی اور خارجی دونوں علاج موجود ہیں۔ عوام کو امراض چشم میں کے بارے میں صرف خارجی علاج کے بارے میں

معلومات ہیں جبکہ کوئی بھی طبیب امراض چشم کے بارے خوردنی ادویہ نہیں دیتا جس کی وجہ سے عوام الناس خوردنی علاج سے ناواقف ہیں لیجئے قارئین اکرام امراض چشم کے لئے خوردنی علاج ملاحظہ فرمائیں۔

امراض چشم کا خوردنی علاج

سفوف مقوی بصر

ہوالشافی سونف 1/2 پاؤ، الائچی خوردنی 2 تولہ، قند سفید 1/2 پاؤ، مغز بادام شیرین ایک چھٹانک تمام کو کوٹ کر آپس میں ملا لو اور صبح نہار منہ 6 ماشہ دوا پانی سے استعمال کریں۔

سفوف ترپھلہ

ہڑ ایک چھٹانک، بہیڑا ایک چھٹانک، آملہ ایک چھٹانک تمام کو کوٹ کر چھان لیں یہ سفوف 6 ماشہ صبح 10 بجے اور 6 ماشہ شام 4 بجے پانی سے لے لیں۔

نظر افراز کیپسول

نظر کو بڑھانے اور قائم رکھنے میں یہ کیپسولز نہایت سریع الاثر ہیں ان کے چند روزہ استعمال سے عینک ساتھ چھوڑنے پر مجبور ہو جاتی ہے

اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں

نمک ترپھلہ 10 تولہ، سونف 5 تولہ، کشنیز 5 تولہ، سونف اور کشنیز کو کوٹ کر کپڑے چھان کر نمک شامل کر کے کھرل کر کے کیپسولز بھر لیں۔ ایک کیپسول صبح 8 بجے اور ایک رات کو پانی سے کھالیں۔

امراض چشم کا خارجی علاج

اس علاج میں دو ادویہ یعنی سرمہ نور العین مہتابی اور مہتابی آئی لوشن شامل ہیں۔

سرمہ نورالعین مہتابی

سرمہ نورالعین مہتابی چہرے کی خوبصورتی اور آنکھوں میں دل کشی پیدا کرنے والا سرمہ انتہا کا مقوی بصر ہونے کے سبب مسلسل استعمال سے عینک جیسی بری شے سے نجات مل جاتی ہے دھند، جالا، ککرے اور آشوب چشم کیلئے نعمت خداوندی ہے۔

اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں:۔

ڈلی سرمہ بوزن 5 تولہ، آملہ 1/2 کلو، رات کو آملہ کو دو سیر پانی میں بھگو دیں صبح کو آگ پر چڑھا دیں کہ پانی ایک سیر رہ جائے تو کپڑے سے چھان لیں۔ اب سرمہ کی ڈلی کو کوئلوں کی آگ میں سرخ کرکے آملہ کے پانی میں بجھاؤ دیں کہ تمام آب ختم ہو جائے تو تمہ تازہ اتنا لیں کہ ان کو کوٹ کر کپڑے میں ڈال کر نچوڑ لیں کہ آب تمہ ایک سیر رہ جائے تو اسی سرمہ کی ڈلی تمہ کے پانی میں بجھاؤ دیں یہ جز نمبر ا ہو گیا۔

جز نمبر ۲

قلمی شورہ ایک چھٹانک، نیلا تھوتھا 1 تولہ، پھٹکری سفید ایک چھٹانک تینوں کو ایک کڑاہی میں ڈال کر بریاں کر لیں۔ یہ جز نمبر 2 ہو گیا۔

جز نمبر ۳

کشتہ جست بازاری ایک چھٹانک یہ بازار سے خرید یں۔

ترکیب تیاری

جز نمبر ا ایک چھٹانک، جز نمبر ۲ 5 چھٹانک، جز نمبر ۳ ایک چھٹانک تینوں کو کھرل کر کے کپڑ چھان کر لیں اور دو تولہ ست پودینہ شامل کر کے شیشوں میں بھر کر ڈھکن لگا دیں۔

ترکیب استعمال

رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگائیں مریض اپنے کمرے میں سبز

بلب روشن کرے صبح کو اُٹھ کر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے آنکھوں پر مارے اور ہریالی کی طرف دیکھے۔

مہتابی آئی لوشن

جملہ امراض چشم، آنکھوں دکھنا، آشوب چشم، درد چشم، خارش چشم اور سرخی کیلئے بے نظیر دوا ہے۔ کم خرچ بالانشین نسخہ ہے۔

اجزاء

قلمی شورہ 2 تولہ، افیون 6 ماشے، پھٹکڑی سفید بریاں 2 تولہ، کافور 2 تولہ ست پودینہ 1 تولہ، عرق گلاب ایک بوتل تمام اجزاء کوٹ کر عرق گلاب کی بوتل میں ڈال دیں حل ہونے پر فلٹر کر کے فریج میں رکھ دیں اور دن میں چار مرتبہ ایک ایک قطرہ دونوں آنکھوں ڈالتے جائیں (باب امراض چشم تمت بالخیر)

امراض کان

کان میں پیپ بند کرنے کا بے نظیر نسخہ

کان سے پیپ بند کرنے کا یہ نسخہ کان سے بدبو درد پیپ بند کرنے کا سو فیصد کامیاب نسخہ ہے۔ ایک ماہ متواتر استعمال کرنے سے پیپ نکلنا بند ہو جاتی ہے اور کان سے بدبو آنا بند ہو جاتی ہے۔

اجزاء اور ترکیب تیاری

سہاگہ بریان 5 تولہ، آبگل چنبیلی 5 تولہ، آب گل انار 5 تولہ سہاگہ کو کھرل میں ڈال کر ایک ایک قطرہ آب چنبیلی اور آب گل انار سے یہاں تک کھرل کریں کہ تمام آب ختم ہو جائے تو نمی دور ہونے تک کھرل کریں اور شیشی میں سنبھال کر رکھیں مریض کے آنے پر سب سے پہلے مریض کے کان کو نہایت احتیاط سے صاف کریں اس کے بعد مریض کے کان میں تین ماشہ میٹھا سوڈا ڈال کر پانی چند قطرے کان میں ڈالیں۔ کان میں ایک ابال پیدا ہو کر کان کے اندر کا تمام میل کچیل

کان کے سطح پر آجائے گا روئی سے نہایت نرم ہاتھ صفائی کریں۔ پھر سفوف سہاگہ چار رتی، کان میں ڈال کر اوپر تین چار قطرے گلیسرین کے ڈال دیں اور روئی لگا دیں یہ عمل دن میں صرف ایک مرتبہ روز آنہ ایک ماہ تک کریں۔

درد کان:۔

درد کان خواہ کیسی ہو اس کے استعمال فوراً دور کافور ہو جاتا ہے درد کی وجہ سے راتوں کو جاگنے سے چھٹکارے کیلئے یہ دوا بے مثال ہے۔

اجزاء:۔

راغن بادام 2 1/2 تولہ روغن تارپین 2 1/2 تخم مولی 2 1/2 آب پیاز 1 تولہ آب لہسن 1 تولہ دونوں روغنیات کو ایک کڑچھے میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور تینوں چیزیں بھی ان روغنیات میں ڈال کر اتنا پکائیں کہ تخم مولی جل کر خاک ہو جائے تو تیل کو چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت ہلکا سا گرم کر کے تین یا چار قطرے کان میں ڈالیں اور پانچ منٹ کے اندر اندر درد سے چھٹکارہ حاصل کریں۔

ثقل سماعت بہرہ پن

ثقل سماعت، بہرہ پن، اونچا سننے کو بفضل تعالی کافی حد تک فائدہ مند ہے یہاں ایک بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ دوا پیدائشی بہروں کیلئے نہیں ہے بلکہ یہ ان بہروں کیلئے ہے جو سنتے تو ہیں لیکن اونچا سنتے ہیں ان کیلئے نہایت موزوں ہے۔

اجزاء:۔

آب مولی 2 1/2 تولہ، روغن بادام 5 تولہ، روغن آڑو 2 1/2 مصطگی رومی 2 1/2 تولہ تینوں روغنیات کو ایک کڑچھے میں ڈال میں کر مصطگی رومی بھی ڈال لیں اور آگ پر رکھیں کہ مصطگی رومی روغنیات میں حل ہو جائے تو چھان لیں رات کو سوتے وقت اس روغن کے چند قطرے قدرے نیم گرم

کر کے کان میں ڈالیں اور یہ عمل تین ماہ جاری رکھیں۔

قطور گوش اکثیر الفوائد

یہ قطور کان کے بہت سے امراض میں فائدہ مند ہے مثلاً درد کان میں پھنسی وغیرہ کان کا بند ہونا کان میں باجے بجنا کان میں شوں شوں کی آواز کا آنا وغیرہ کیلئے نہایت ہی مفید ہے۔

نسخہ کے اجزاء:۔

ھوالشافی ۔آب مولی 5 تولہ، آب پیاز 5 تولہ، آب لہسن 5 تولہ، آب برگ دھتورہ 5 تولہ، تخم ہرمل اور اجوائن خراسانی 1/2 2، 1/2 2 تولہ روغن کنجد ایک پاؤ تمام ادویہ کو ایک کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں کہ تمام آب تخم ہرمل اور اجوائن خراسانی مل جائے تو ٹھنڈا ہونے پر چھان لیں قدرے گرم رات کو سوتے وقت دو یا تین قطرے کان میں ٹپکائیں اور انشاءاللہ متذکرہ فوائد حاصل کریں (باب امراض کان تمت بالخیر)

امراض دندان

محلول برائے درد دندان:۔

اس کے استعمال سے روتا آئے ہنستا جائے کے مصدرق یعنی دانت کے شدید درد سے کراہتے ہوئے آنیوالے مریضوں کے دانت پر اس کا ایک پھایہ رکھنے سے درد دندان فوراً کافور ہو جاتا ہے اور دانتوں لے میل کچیل بھی صاف ہو جاتی ہے۔

اجزاء:۔

دار چینی، لونگ، عقرقرا، نیلا تھوتھا بریاں ہر ایک ایک تولہ، مازو 3 ماشہ، پوست کیکر تازہ 5 تولہ، کافور 1 تولہ، مائیں تین ماشہ، پھٹکری فام 1 تولہ، کارباک ایسڈ 5 تولہ، ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ایک پاؤ تمام ادویہ کو کوٹ کر درد را کر لیں اور اسپرٹ میں ڈالیں، کاربالک ایسڈ بھی

ڈالیں دس دن کے بعد چھان لیں اور بوقت ضرورت روئی کا پھایہ تر کر کے دانتوں اور مسوڑھے پر لگائیں اور تماشہ قدرت دیکھیں۔

طلسمی لوشن:۔

جادوئی اثر رکھنے والا یہ لوشن آنکھ جھپکنے میں درددانت سے نجات دلاتا ہے اس کے اجزاء ہی اس کی صداقت کی گواہی دیتے ہیں۔

اجزاء

ست اجوائن 1 تولہ، ست پودینہ 1 تولہ، کافور 1 تولہ تینوں کو ایک شیشی میں بند کردیں محلول بن جائے تو اس محلول میں روغن لونگ 2 تولہ، روغن دارچینی 2 تولہ کاربالک ایسڈ 2 تولہ اسپرٹ ریکٹی فائیڈ 10 تولہ شامل کرلیں 10 دن بعد یہ قابل استعمال ہے۔ شیشی کا ڈھکنا مضبوط بند رکھیں اس میں اُڑنے والے اجزاء موجود ہیں۔

مہتابی منجن

بندہ ذیل میں منجن کا ایک نسخہ درج کررہا ہے میں نے اس منجن کو 10 گرام اور 50 گرام کے پیکٹ میں تیار کیا تھا اور قیمت نہایت ہی مناسب تاکہ ہر غریب آدمی اس کو خرید کر استعمال کر سکے، فوائد و کم قیمت کے لحاظ سے مہتابی منجن اپنے علاقے میں بہت مشہور ہوئی، لیکن دیگر مصروفیات کی بنا پر مجھے اسے محدود کرنا پڑا۔ ہر گھر میں دو سے تین تک نوجوان گھروں میں بے روزگاری کے شکار ہیں میں ان بے روزگار حضرات کو اس کو بنانے کی دعوت دیتا ہوں بنایئے اور خدمت خلق کے ساتھ ساتھ برسرروزگار بھی ہوجائے۔ ہمت مرداں مدد خدا یہ منجن گو مختصر ہے لیکن جامع الفوئد ہے برش کے ساتھ دانتوں کو مضبوط کرتا ہے مسوڑھوں خون اور پیپ کے آنے کو روکتا ہے دن بہ دن منہ سے خوشبو آتی ہے۔

اجزاء:۔

کھڑیا مٹی تین سیر کاربالک ایسڈ ایک پاؤ۔ روغن لونگ 2 تولہ پھٹکوی بریاں

1 سیر۔ میٹھا سوڈا ایک سیر۔ سکرین ایک پاؤ۔ نمک خوردنی ایک سیر۔ ٹارٹری 1/2 سیر دانہ الائچی خوردنی 3 تولہ۔ ست پودینہ ایک چھٹانک۔

ترکیب تیاری

اول کھڑیا مٹی کو کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں اور اس میں کاربالک ایسڈ اچھی طرح ملالیں کہ کاربالک اچھی طرح جذب ہو جائے تو باقی ادویہ بھی کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں اور سب کو ملالیں کہ یکجان ہو جائے آخر میں ست پودینہ ملا کر ڈھکن دار ڈبے میں بند کر کے رکھیں ضرورت کے مطابق نکال کر پیکنگ کر کے بازار میں دوکانوں پر فروخت کریں اگر آپ تھوک اور پرچون دکانداروں کو معقول کمیشن دیں گے تو آپ کا کاروبار چلے گا۔ اگر ان سب میں آپ ایسنس لیموں ڈال دیں اور مناسب میٹھا رنگ کر کے مزید خوبصورتی کر سکتے ہیں، مزید ذائقہ دار بنانے کیلئے آپ اس میں ایسنس الائچی بھی استعمال کر سکتے ہیں (باب امراض دندان تمت بالخیر)

امراض منہ زبان حلق

منہ کے چھالے:۔

اس مرض میں منہ کے اندر چھالے ہو کر کھانا پینا سب ختم ہو جاتا ہے۔ زیادہ تر مرض اکثر شیر خوار بچوں کو ہوتا ہے۔ خاص کر بچوں کو دانت نکالنے کے زمانے میں بچہ کو بازاری دودھ پلانے اور بدہضمی سے ہو جاتا ہے بڑوں کو بھی یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے چھوٹے چھوٹے چھالے منہ مسوڑھوں زبان، ہونٹوں اور رخساروں کے اندر پیدا ہو جاتے ہیں ایسی صورت میں سہاگہ بریاں اور پھٹکری بریاں پانی میں حل کر کے کلیاں کرنی چاہیے اور دوائے قلاع منہ پر لگائیں

دوائے قلاع نمبر 1 اجزاء:۔

کتھ 1 تولہ، طباشیر 1 تولہ، کافور 1 تولہ، دانہ الائچی خورد 1 تولہ، سنگ جراح 1 تولہ۔ تمام اجزاء کو کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں اور اول محلول پھٹکری بریاں اور سہاگہ بریاں سے کلیاں کریں

اور بعد میں دوائے قلاع نمبر 1 منہ میں چھڑکیں۔

دوائے قلاع نمبر 2 اجزاء:۔

کتھ سفید 1 تولہ، گیرو 1 تولہ، پھٹکوی سفید 6 ماشہ، کافور 3 ماشہ، نیلہ تھوتھا 1/2 ماشہ تمام ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور اس کا طریقہ بھی یہی ہے جو اوپر درج ہو چکا۔

زبان:۔

امراض زبان میں زبان پر چھالے پڑنا۔ کچھ ایسی غذا کھانا جس سے زبان پر خراش اور کٹاؤ سا محسوس ہوتا ہے اس کا کے علاج کے زمرے میں بھی منہ کے چھالے والی ادویہ استعمال کریں یعنی پہلے محلول پھٹکوی اور سہاگہ سے کلیاں کریں اور پھر دوائے قلاع زبان پر لگائیں۔

منہ آنا:۔

منہ کے اندر مسوڑھوں، رخساروں میں چھالے کی شکل کے دانے نکلتے ہیں۔ تھوک کثرت سے آتا ہے۔ منہ سے پانی بہتا ہے۔ سانس سے بدبو آتی ہے نہایت تکلیف دہ مرض ہے اس کے سدباب کیلئے ذیل کا لوشن نہایت مفید ہے۔

منہ آنے کا شنائی لوشن:۔

سفوف سہاگہ 1 تولہ، سفوف پھٹکوی 1 تولہ، کافور 6 ماشہ، پھٹکوی اور سہاگہ کو بریان کر کے کوٹ کر چھان لیں اور گلیسرین 10 تولہ میں ملا لیں کافور بھی شامل کریں۔ استعمال کے وقت پہلے محلول پھٹکوی اور سہاگہ بریان سے کلیاں کر کے یہ لوشن روئی کے پھائے پر لگا کر منہ میں لگائیں۔

حلق:۔

حلق کے امراض میں مرض خناق یعنی ورم گلو کوا گرنا اور آواز بیٹھنا وغیرہ حلق کے امراض میں آتا ہے خناق حلق ہی کا مرض ہے یہ وہ مرض جس میں سانس لینا، نگلنا دشوار ہو جاتا ہے، یہ ورم حلق اور متعلقات حلق میں پیدا ہو کر تکلیف کا باعث بن جاتا ہے یہاں تک کے لعاب دہن نگلنے میں بھی

دشواری ہوتی ہے اس کے علاج میں تمام اطباء اکرام پوست ریٹھہ کو پانی میں ابال کر اس کے غرارے کرنے پر متفق ہیں پوست ریٹھہ 1 تولہ لے کر تقریباً 1/2 کلو پانی میں ابالیں اور نیم گرم پانی سے گھنٹے گھنٹے کے وقفے سے غرارے کریں۔ منہ سے کافی لیسدار رطوبت خارج ہو کر انشاء اللہ آرام ہو جاتا ہے۔

گلے پڑنا:۔

اس مرض میں گلے کے غدود پھول جاتے ہیں اور ان میں درد ہوتا ہے باہر کی طرف نچلے جبڑے کے نیچے ٹٹولنے سے غدود بڑھے ہوئے محسوس ہوتے ہیں نگلنے میں تکلیف ہوتی ہے اکثر بخار بھی ہو جاتا ہے زبان گندی اور سانس بدبودار آتی ہے۔ اس میں کبھی کبھی پیپ پڑ جاتی ہے۔ جو کہ نہایت ہی خطرناک ہوتی ہے۔ اس خطرناک مرض سے مقابلہ کرنے کے لیے درج ذیل مجربات ملاحظہ فرمائیں۔

5 تولہ املتاس لے کر ایک سیر پانی میں ابالیں اور ٹھنڈا ہونے پر مل کر چھان لیں اور نیم گرم پانی سے غرارے کریں انشاء اللہ گلے کا ورم تحلیل ہو جائے گا اس کے ساتھ ہی مغز املتاس 5 تولہ لے کر آدھ کلو دودھ میں ابال کر میٹھا ملا کر رات کو سوتے وقت نیم گرم پی لیں صبح ایک دو اجابتیں ہو کر گلے کا ورم تحلیل ہو جاتا ہے اس کے ساتھ ہی دن میں دو، تین دفعہ املتاس والے پانی سے غرارے کر کے اکسیر گلو حلق میں چھڑکیں۔

اکسیر گلو

طباشیر، دانہ الائچی خورد، مغز کنول ڈوڈہ، نسپال، کتھہ سفید، زیرہ سفید اور گیرو تمام ادویہ ہموزن لے کر نہایت باریک پیس کر برابر وزن کی مصری ڈال کر سنبھال رکھیں بوقت ضرورت چٹکی بھر کر اندر کیطرف گلے میں لگائیں یہ ایک مکمل کورس درج کر دیا ہے انشاء اللہ اس کے استعمال سے پیپ پڑنے سے محفوظ رہیں گے۔

کوا گرنا:۔

اس مرض میں کوالٹک جاتا ہے بچوں میں اکثر خوف اچانک چیخ کر ڈرانے سے سخت سردی یا گرمی سے کوا لٹک جاتا ہے کوا لمبا اور ڈھیلا ہونے کی وجہ سے حلق میں خراش پیدا ہو جاتی ہے اور کھانسی بار بار اٹھتی ہے اور کبھی کبھی کھانستے کھانستے قے اور متلی ہونے لگتی ہے اکثر لیٹ جانے سے کوا حلق لگنے کیوجہ سے کھانسی زیادہ ہوتی ہے۔اس کے علاج میں ترتیب وار ادویہ استعمال کریں

پھٹکوی دو تولہ کو ایک سیر پانی میں ڈال کر حل ہونے پر نیم گرم کر کے غرارے کریں۔

سفوف پھٹکوی 1 تولہ گلیسرین 6 تولہ میں حل کر کے روئی کے پھریری دوا میں لت پت کر کے کوے پر لگائیں دن میں تین چار دفعہ لگائیں ،انشاءاللہ تین دن میں شفا ہوگی

پھٹکوی 3 تولہ ،مازو 2 تولہ،

قسط 1 تولہ سب کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور چھوٹی چمچی چائے والی پر اُلٹی طرف یہ دوا لگائیں اور چمچی سے تھوڑا سا دبا کر اوپر اٹھائیں ،انشاءاللہ کوا اوپر اٹھ جائے گا یہ عمل سورج نکلتے وقت اور شام کو سورج غروب ہونے سے پہلے کریں ،اور تین دن کرتے رہیں انشاءاللہ بچہ اس تکلیف سے نجات پا جائے گا۔

اپیل:۔

دعائے مغفرت برائے زوجہ محترمہ حاجن صاحبہ جس نے اس کتاب کی ترتیب وتصنیف میں قدم قدم پر میری معاونت فرمائی ،اللہ تبارک وتعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے (آمین ثمہ آمین) باب امراض حلق منہ زبان تحت بالخیر۔

امراض جگر

جگر کے امراض میں خصوصی طور پر یرقان قابل ذکر ہے ،یہ مرض اتنا نامراد ہے کہ انسان کو قبر تک گھسیٹ کر لے جاتا ہے علاج میں بے احتیاطی سے بلڈ کینسر پیدا ہو جاتا ہے۔جس کا علاج

شاذ و نادر ہی کامیاب ہوتا ہے لہذا جو بھی مرد خواتین دیکھے اس کا پاخانہ سفید اور پیشاب زرد گہرا براؤن ہے تو فوری طور پر یرقان کیلئے خون کا ٹیسٹ کروالیں۔ یرقان ہونے کی صورت میں درج ذیل کورس شروع کروادیں یرقان کے مرض میں سب سے پہلے آنکھوں کی رنگت زرد ہونے لگتی ہے ، ناخن چہرہ بازو اور آخر میں سارا جسم زرد ہو جاتا ہے قبض سستی کاہلی منہ کڑوا، درد معدہ اور عموماً بخار بھی ہوتا ہے صفراری نالیاں بند ہو کر صفرا خون میں جذب ہو جاتا ہے آخر میں بدن پر خارش شروع ہو جاتی ہے۔ یہ مرض اکثر گرم اشیاء کے استعمال سے ہوتا ہے جس سے صفرا کی نالیاں بند ہو کر یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ اس موذی مرض کے قلع قمع کے لئے میں نے اس مرض کا تین ہفتوں پر مشتمل یرقان کا یرقان کورس ترتیب دیا ہے۔ (ملاحظہ فرمائیں)

یرقان کا یرقان کورس

یہ تین ہفتوں پر مشتمل ہے

ہفتہ اوّل اکسیر یرقان نمبر 1

یرقان کیلئے مایا ناز دوا ہے اور کورس میں اپنے حصہ کا کام مکمل کرتی ہے۔

اکسیر یرقان نمبر 1 کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں:۔

اجزاء پھٹکڑی بریاں 5 تولہ، کشتہ قلعی در بھنگ 3 ماشہ، کشتہ ہڑتال کٹودنتی 4 ماشہ، تینوں کو کھرل میں ڈال کر زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں کم از کم آدھ گھنٹہ کھرل کریں۔ اکسیر یرقان نمبر 1 تیار ہے 4 رتی دوا ایک پاؤ دہی پر چھڑک کر نوش فرمالیں ایک گھنٹہ کے بعد ناشتہ کریں۔

نمبر 2 ریوندی

ریوندی عصارہ 1 تولہ لے کر کھرل کریں اور ایک دن چھوڑ کر ایک دن رات کو سوتے وقت گرم دودھ یا گرم پانی سے لے لیں یہ دوا صرف ہفتہ اول میں لینی ہے اور وہ بھی صرف تین دن مقدار خوراک دو رتی۔ اس سے کھل کر اجابتیں ہوتی ہیں گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے اس سے تمام

صفرادی مواد پاخانہ کے ذریعے خارج ہو جاتا ہے۔

نمبر 3 اکسیر فولاد

اس دوا کے فائدے اور اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے میں نے اس دوا کو تینوں ہفتوں میں شامل کیا ہوا ہے اس کے فوائد آپ قلم تحریر سے نہیں بلکہ اس کے اجزاء اور ترکیب تیاری سے ہی مطمئن ہو جائیں گے۔

اجزاء:۔

کشتہ فولاد فروٹ والا 10 تولہ، نوشادر 1/2 2 تولہ، پوست ہلیلہ زرد 5 تولہ، پوست آملہ 5 تولہ، پوست بلیلہ 5 تولہ ساذج ہندی 5 تولہ، نوشادر اور کشتہ فولاد کے علاوہ باقی تمام اجزاء کو ایک سیر پانی میں بھگو دیں 24 گھنٹے کے بعد آگ پر چڑھائیں کہ ایک پاؤ رہ جائے تو ٹھنڈا ہونے پر ہاتھوں سے خوب مل کر کپڑ چھان کر لیں اور مرتبان میں ڈال کر کشتہ فولاد و نوشادر بھی ڈال دیں 20 دن کے بعد اس میں آب انار ترش ایک پاؤ زرشک 5 تولہ آب تربوز ایک پاؤ، ریوند چینی 5 تولہ، ریوند خطائی 5 تولہ، تخم کاسنی 10 تولہ کوٹنے پیسنے والی ادویہ کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور یہ سب ادویہ بمع آب تربوز اور آب انار دانہ ایک مرتبان میں ڈال لیں اور گرم جگہ پر رکھیں یعنی دن میں دھوپ میں اور رات کو کمرے میں رکھ دیں چالیس دن کے بعد مرتبان سے تمام ادویہ کو ایک پرات میں نکال کر رکھ لیں کہ خشک ہو جائے تو کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں ڈال کر رکھ لیں اور صبح دس بجے ایک رتی دوا مکھن میں لپیٹ کر دے دیں:۔

نمبر 4 یرقان کیپسولز:۔

یرقان کیپسولز بھی اپنی افادیت کے باعث تینوں ہفتوں میں شامل ہے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء:۔

اکسیری فولاد دو تولہ، گل غافث، گل بنفشہ، گل سرخ، ریوندی خطائی، نوشادر ہر ایک دو، دو

تولہ تمام ادویہ کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور درمیانے سائز کے کیپسولز بھر لیں

نمبر 5 اکسیر جگر۔

جملہ امراض جگر اور یرقان کیلئے تیز بہدف ہے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء:۔

شنگرف 1/2 2 تولہ ست لیموں 1/2 2 تولہ، نوشادر 1/2 2 تولہ، اکسیر فولاد 1/2 2 تولہ، ریوند خطائی 1/2 2 تولہ تخم کاسنی 1/2 2 تولہ، ست پودینہ 6 ماشہ، کوزہ مصری ایک پاؤ۔ اول شنگرف اور ست لیموں کو اس قدر کھرل کریں کہ شنگرف اپنی چمک کھو بیٹھے تو دیگر ادویہ بھی کوٹ کر کپڑ چھان کر کے شامل کر لیں۔ 4 رتی دوا دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد پانی سے استعمال کریں۔

نمبر 6 یرقان خیساندہ

تخم کاسنی 5 تولہ، انار دانہ 5 تولہ، گل غافث 5 تولہ ریوند خطائی 5 تولہ تمام کو کوٹ کر درد را کر لیں اور تین تولہ دوا ایک گلاس پانی ڈال کر رکھ چھوڑیں 8 گھنٹے کے بعد پانی چھان کر قدرے میٹھا ملا کر پی لیں۔

ہفتہ دوئم #اکسیر یرقان #2 اجزاء

پھٹکڑی بریاں 5 تولہ، نوشادر 1 تولہ، ریوند خطائی 1 تولہ، تمام اجزاء کو زوردار ہاتھوں سے 6 گھنٹے کھرل کریں اور قدرے 4 رتی دوا۔ ایک پاؤ دہی جس میں میٹھا ملا لیا گیا ہو پر چھڑک کر استعمال کریں ناشتہ 1 گھنٹہ کے بعد کریں۔

#2 اکسیر فولاد

صبح 10 بجے ایک رتی دوا مکھن میں لپیٹ کر نگل لیں۔

#3 یرقان کیپسولز:۔

شام 5 بجے ایک کیپسولز پانی سے لے لیں۔

4#تریاق جگر اجزاء:۔

ریوند خطائی 5 تولہ، اکسیری فولاد 5 تولہ، نوشادر 5 تولہ، ریوند چینی 5 تولہ تمام ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں اور ایک پرات میں ڈال اوپر آدھہ کلو دہی ڈال کر خوب ملالیں اور دھوپ میں رکھدیں تھوڑا سا خشک ہونے پر آب کلیجہ بز یعنی بکری کی کلیجی کو کوٹ کر کپڑے میں ڈال کر نچوڑلیں ایک پاؤ ادویہ میں ڈال لیں اور دھوپ میں رکھدیں قدرے خشک ہونے پر سیب کوٹ کر کپڑے میں ڈال کر نچوڑلیں اور یہ بھی ایک پاؤ ہو تمام ادویہ کو دھوپ میں رکھدیں کہ بالکل خشک ہو جائے تو کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔ایک ماشہ دوا دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد پانی سے کھالیں۔

5#یرقان خیساندہ:۔

گل بنفشہ 5 تولہ، املی 10 تولہ، آلو بخارے 10 تولہ میں سے ایک تولہ، املی ایک تولہ، آلو بخارے اور 6 ماشے، گل بنفشہ ایک گلاس پانی میں بھگودیں 8 گھنٹے کے بعد نوش فرمائیں۔اس سے بھی قبض کشائی دست نہیں لگتے

یرقان کورس کا ہفتہ سوئم 1#

اکسیر یرقان 3#:۔

پھکٹری بریان 5 تولہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی 6 ماشہ، نوشادر 1 تولہ، تینوں کو ملا کر کھرل کرلیں اور چار رتی دوا ایک پاؤ دہی پر جس میں میٹھا ملایا گیا ہو چھڑک کر نوش فرمالیں۔

نمبر 2 اکسیر فولاد:۔صبح 10 بجے مکھن مین لپیٹ ہر نگل لیں

نمبر 3 یرقان کیپسولز:۔شام 5 بجے ایک کیپسولز پانی سے

نمبر 4 اکسیر جگر:۔ترکیب تیاری ہفتہ اول میں ملاحظہ کریں صرف شام کو کھانے کے بعد پانی سے۔

نمبر 6 تریاق جگر:۔ترکیب اور تیاری ہفتہ دوئم میں ملاحظہ کریں صرف شام کے کھانے کے بعد پانی سے۔

نمبر 6 خیساندہ یرقان:۔گل سرخ، گل غافث، گل بنفشہ، ریوند خطائی اور تخم کاسنی ہر ایک

5,5 تولہ تمام ادویہ کو دردرا کوٹ کر دو تولہ دوا ایک گلاس پانی میں ڈال کر رکھ دیں 8 گھنٹے کے بعد پی لیں۔ نوٹ یرقان کا یرقان کورس ہمارے پاس ہر وقت تیار رہتا ہے ضرورت مند طلب فرما سکتے ہیں ph:03219867091

امراض قلب

اکسیر قلب جواہر مہرہ

یہ دوا دل کی بیماری کیلئے نایاب تحفہ ہے۔ دل کی تمام بیماریوں اختلاج قلب، دل دھڑکنا، ضعف قلب، اور خفقان وغیرہ کیلئے آب حیات ہے اکثر ایک ہی خوراک سے دل کو طاقت ہونی شروع ہو جاتی ہے اور چند خوراکوں میں تمام اعضاء رئیسہ طاقتور ہو جاتے ہیں اس لئے مقوی باہ بھی حد درجہ کی ہے۔ طب یونانی میں غالباً سب سے بہترین نسخہ کہا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اس کی ایک ہی خوراک ایک دفعہ تو مریض کو بستر مرگ سے بھی اُٹھا دیتی ہے میرے خیال میں اس سے زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں۔ جو صاحب بھی بنائیگا میرے الفاظ کی حرف بہ حرف تعریف کرے گا۔ نسخہ کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء

ھوالشافی:۔ زہر مہرہ خطائی 3 ماشہ، عقیق سرخ 3 ماشہ، مراورید ناسفتہ 3 ماشہ، زمرد سبز 3 ماشہ، ورق طلاء ڈبل سائز 5 اعدد، نارمیل دریائی 3 ماشہ، مصطگی رومی سات ماشہ ورق نقرہ 3 ماشہ، جدواز خطائی 3 ماشہ، سلاجیت اصلی 3 ماشہ، کستوری 2 رتی، روح گلاب تین پاؤ تمام ادویہ کو کھرل میں ڈالیں اور ایک ایک قطرہ روح گلاب ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ تمام روح گلاب ختم ہو کر نمی ہو جائے تو صبح نہار منہ ایک رتی دوا مربہ سیب کے ایک کاش میں چیر ادے اس میں ڈال کر کھالیں اوپر سے عرق گاؤ زبان 5 تولہ عرق گلاب میں 5 تولہ میں حسب ضرورت شربت صندل ملا کر پی لیں۔

مفرح روح و دل کی کمزوری۔

یہ دوا امراض قلب کیلئے مجرب تحفہ ہے جسے ہر غریب اور امیر استعمال کر سکتا ہے، کمزور دل و روح کیلئے اکسیر ہے بیاض مہتاب کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء

صندل سفید 1 تولہ، زہر مہرہ خطائی 2 تولہ، دانہ الائچی خورد 1 تولہ، تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں اور بحفاظت شیشی میں رکھیں ایک رتی دوا مربہ گاجر میں لپیٹ کر کھالیں اوپر سے دو ا میں شربت صندل ملا کر پی لیں۔

سفوف مقوی اعضاء رئیسہ و قلب

دل و دماغ اور جگر کو قوت پہنچانے اور معدہ کو قوت بخشنے میں اکسیر ہے۔اس کے چند روز استعمال سے بھوک بڑھتی ہے اور خون صالح پیدا ہوتا ہے ہر بیماری کیلئے قوت مدافعت کا کام کرتی ہے اور ہر بیماری سے صحت یاب ہونے کیلئے اس کا استعمال نہایت ضروری ہے ہر مزاج ہر موسم میں قابل استعمال ہے۔

اجزاء:۔

مرادرید۔۔۔عقیق، زہر مہرہ، شاخ، مرجان، ایک ایک ماشہ، زعفران 1 ماشہ سب کو ایک پاؤ روح گلاب میں یہاں تک کھرل کریں کہ تمام روح گلاب ختم ہو کر نمی باقی نہ رہے 1 رتی دوا مربہ سیب کے قاش میں چیر ادے کر اس میں دوا ڈال کر کھالیں اور اوپر سے گل گل گز حل 6 ماشہ صندل سفید 1 ماشہ دانہ الائچی خورد 4 رتی ایک پاؤ پانی میں ڈال کر اُبالیں جب آدھ رہ جائے تو ٹھنڈا کر کے چھان کر یہ پانی پی لیں۔

مفروح دل

اختلاج قلب دنوں میں دور ہو جاتا ہے۔یہ مفرح ضعیفوں کمزور جوانوں بچوں کو از حد مفید ہے

اجزاء

کشتہ نقرہ، کشتہ صدف مروارید ی، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان، کشتہ کشیب ہر ایک 6,6 ماشہ دانہ الائچی خورد 1/2 2 تولہ، طباشیر 1 تولہ، گل گلاب 2 تولہ۔ گل گڑھ 2 تولہ، روح کیوڑہ 10 تولہ، کوزہ مصری کے علاوہ تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر روح کیوڑہ سے یہاں تک کھرل کریں کہ تمام روح کیوڑہ ختم ہو جائے اور دوا میں نمی باقی نہ رہے مربہ گاجر مربہ آملہ مربہ سیب مربہ بہی دانہ سب ایک ایک چھٹانک کو ملالیں اور کوٹ لیں کہ آپس میں مل جائے تو اس مرکب سے 6 ماشہ کے کے 1 ماشہ دوا لپیٹ کر کھالیں اور اوپر سے دودھ پی لیں یہ دوا صبح نہار منہ لینی ہے ۔امراض دل کی تمام ادویہ ہمارے پاس تیار ملتی ہیں

رابطہ کیلئے Mob:03219867091

باب امراض دل تحت بالخیر

امراض گردہ ومثانہ

امراض گردہ میں زیادہ تر مرض گردے میں پتھری کا ہے لہذا میں اس مرض کا ایک کورس یعنی گردے کی پتھری کا پتھری توڑ کورس پیش خدمت ہے۔

1 دوائے پتھری توڑ

سنگ گردہ ومثانہ کو ریزہ ریزہ کرنے کے لئے اس کورس کی لاجواب شے ہے اس کورس کو تیار کرنے میں سب سے زیادہ محنت کہ ہی دوا ہے آپ بھی اس کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاخطہ فرمائیں۔

اجزاء:۔

ہوالشافی حجر الیہود 5 تولہ، سنگ سرماہی 3 تولہ، سنگ لاجورد 2 تولہ سنگ مقناطیس 5 تولہ، سنگ راسخ 3 تولہ تمام اجزاء کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور کھرل میں ڈال کر 1/2 پاؤ شیرہ پتھر چٹ بوٹی شامل کر کے کھرل کر لیں اور روپے برابر ٹکیہ بنا کر مٹی کی کلیہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے

5 سیر اوپلوں کی آگ دیں اس طرف 5 سیر کی آگ پوری کرلیں پھر کھرل میں ڈال کر 1/2 کلو آب مولی سے کھرل کر ٹکیاں بنا کر 5 سیر آگ یہ 2 آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ کرلیں اور 2 رتی آب نخود سیاہ سے استعمال کریں آپ نخود سیاہ یعنی 1/2 چھٹانک سیاہ چنے لے کر رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں صبح کو چنے پھینک دیں یہی پانی آب نخود سیاہ ہے۔

2 پتھری پھوڑ:۔

یہ دوا بھی پتھری کو توڑ کر پیشاب کے ذریعہ خارج کرنے میں اس کورس دمعاون دوا ہے

اجزاء:۔

قلمی شورہ ایک سیر، بلا در ایک پاؤ، مرچ سیاہ 1 چھٹانک سنگ سرماہی 8 تولہ ، حجرالیہود 8 تولہ پوست ریٹھہ ایک پاؤ

ترکیب تیاری:۔

اول قلمی شورہ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں جب خوب گرم ہو جائے تو ایک بھلانوہ ڈالیں جب وہ جل جائے تو ایک سیاہ مرچ ڈالیں اسی طرح تمام بھلانوے اور سیاہ مرچ ختم کرلیں اور باقی ادویہ کوٹ کر کپڑ چھان کر کے کڑاہی میں ڈالیں کہ قلمی شورہ منجمد ہو جائے تو پیس کو محفوظ کرلیں 1 ماشہ دوا تین بجے دوپہر ہمراہ شیرہ مغز تخم ۔۔6 ماشہ مغز کدوئے شیریں 6 ماشہ، مغز تخم خربوزہ 6 ماشہ پوست خربوزہ 6 ماشہ خارخشک 6 ماشہ تمام ادویہ صبح 9 بجے پانی میں بھگو دیں اور گھوٹ کہ شیرہ نکال کر اس شیرہ سے دوا لے لیں۔

3 مخرج پتھری:۔

یہ دوا پتھری کو گردے سے خارج کرنے میں معاونت کرتی ہے۔

اجزاء:۔

قلمی شورہ ایک سیر، سنگ یہود 8 تولہ، کلتی 10 تولہ، ریوند خطائی 10 تولہ نوشادر 10 تولہ،

پھٹکڑی بریاں ایک پاؤ، جوکھار ایک پاؤ کشتہ ابرک سفید 10 تولہ عقرب یعنی بچھو خشک 4 تولہ جلا کر راکھ کرلیں برگ پتھر چٹ ایک چھٹانک، پوست خربوزہ 1 پاؤ نمک مولی ایک پاؤ تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں اوراس میں سے ایک ماشہ دوارات کو سوتے وقت ہمراہ آب بیخ سرکنڈا 1/2 پاؤ استعمال کریں۔آب بیخ سرکنڈا سرکنڈے کی جڑیں 10 تولہ لیکر اچھی طرح دھو کر 5 سیر پانی میں بھگودیں 6 گھنٹے کے بعد پانی کو اتنا اُبالیں کہ آدھارہ جائے تو ٹھنڈا کر کے چھان کر بوتلوں میں بھرلیں یہی آب بیخ سرکنڈا ہے۔

درد گردہ:۔

قلمی شورہ ایک پاؤ، بھلانوے ایک چھٹانک، افیون 1 تولہ سیاہ مرچ 1 تولہ، قلمی شورہ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں گرم ہو کر پکنے پر ایک بھلانوہ اور ایک سیاہ مرچ یہاں تک ڈالیں کہ دونوں ختم ہو جائیں تو افیون کو کپڑ چھان کر شامل کر کے اتارلیں ٹھنڈا ہونے پر پیس کر چھوٹے کیپسولز میں بوقت درد ایک کیپسولز پانی سے دیں۔

امراض تلی

امراض تلی میں تلی کا بڑھ جانا ہی قابل ذکر ہے اس کی ادویہ کا کورس ذیل میں درج ہے۔

سفوف تلی:۔

حب قرطم، سونف، تخم کاسنی تخم خربوزہ، تخم چناریں، شاہترہ، مکو خشک، تخم خرفہ، برگ جھاؤ، گل بنفشہ، گاؤ زبان، خطمی، بال چھڑ، گل غافت تمام ادویہ کو باریک سفوف کرلیں اور 1/4 حصہ چینی ملالیں ایک تولہ دوا ہمراآب صبح 8 بجے دیں۔

اکسیر الطحال:۔

سرکہ انگوری 1 سیر نوشادر 5 تولہ، انجیر ایک پاؤ تینوں کو چینی کے مرتبان میں بند کر کے منہ اچھی طرح بند کر کے زمین کے اندر دفن کر دیں گیارہ دن کے بعد نکال لیں 1 تولہ دوا دوپہر اور شام کے کھانے کے بعد دیں۔

حبوب تلی

نوشادر 1 تولہ، معبر 2 تولہ، قلمی شورہ، 4 تولہ سہاگہ 4 تولہ، سرکہ 8 تولہ جملہ ادویہ کوسرکے میں کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں ایک گولی صبح 10 بجے پانی سے

اکسیر تلی

نوشادر ۵ تولہ، بجی کھار ۵ تولہ، قلفل درازہ ۲ تولہ، جوکھار ۲ تولہ، سفوف تیار کریں اور ۲ رتی دوا ہمراہ عرق سونف ۲ تولہ، عرق مکوہ ۲ تولہ ملا کر اس سے دوالیں

بیاض مہتاب میں درج تمام ادویہ چاہے کورس ہوں یا انفرادی دوا ہمارے پاس ہر وقت تیار ملتی ہیں Mob:03219867091 فون پر طلب کر کے طلب فرمائیں یا بذریعہ ڈاک اس پتہ پر طلب فرمائیں حکیم مہتاب حسین دہلوی نزد آرمر کالونی نمبر 2 حکیم آباد نوشہرہ کینٹ

ذیابطیس

اس موذی مرض کیلئے میں نے تین ادویہ پر ایک کورس ترتیب دیا ہے ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

1 اکسیر ذیابی

(سم الفار والی) اکسیر ذیابی سم الفار والی اپنی نوعیت کی بہترین اکسیر ہے جو ذیابطیس جیسی موذی مرض کی بیخ کنی کر کے اس مرض سے پیدا شدہ ضعف باہ کا خاتمہ کرتی ہے اس کورس کی میعاد چالیس دن تک ہے اس مدت کے اندر اندر انشاء اللہ العزیز مرض ذیابطیس کا خاتمہ کر کے قوت جسمانی اور قوت باہ بحال ہو جاتی ہے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء

سم الفار سفید ایک تولہ، سیماب ۱ تولہ، سندھور ایک چھٹانک سیماب اور سم الفار کو کھرل میں ڈال کر ۶ گھنٹے کھرل کریں اور کلیہ آب نادیدہ یعنی بالکل نئی ہو میں آدھا سندھور ڈال کر اس پر

کھرل شدہ ادویہ یعنی سم الفار اور سیماب ڈال کر بقیہ سندھور میں کلیہ میں ڈالدیں اور کلیہ کو گل حکمت کر کے چھوڑ دیں اور خشک ہونے پر ایک گھڑے میں ۵ سیر ریت ڈال کر ادویہ والی کلیہ رکھدیں اور اوپر مزید ۵ سیر ریت ڈال کر گھڑے پر سرپوش دیکر چولہے پر رکھیں اور ۲۴ گھنٹے متواتر تیز آنچ دیں ۲۴ گھنٹے کے بعد آگ جلانی بند کردیں نیچے سے آگ نہ نکالیں کہ خودنخود آگ ٹھنڈی ہو جائے تو گھڑے کا در پوش ہٹا کر ریت ہٹائیں اور کلیہ نکال ادویہ کو کھرل کر کے اس میں سے ایک رتی دوا مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر نگل لیں اوپر سے دودھ میں گھی ڈال کر پی لیں۔

ذیابی ٹانک کیپسولز

یہ کیپسولز ذیابطیس ہمہ قسم کی بیخ کنی کر کے ذیابطیس سے پیدا شدہ جسمانی وجنسی کمزوری کو دور کر کے ازسرنو صحت، توانائی، اور خوشحال ازدواجی زندگی کے قابل بناتا ہے بہترین جسمانی ٹانک ہے جسم میں خون کی ایک نئی لہر دوڑا کے دل و دماغ اور جسم کو تندرست وتوانا کرتے ہیں ازمائش شرط ہے۔

اجزاء:۔

کریلہ خشک سایہ میں خشک کیا ہوا ۵ تولہ، بوٹی ہزاردانی ۵ تولہ، خستہ جامن ۵ تولہ، گڑمار بوٹی ۵ تولہ، کشتہ فولاد فروٹ والا 1/2 2 کشتہ شنگرف تلی والا ا تولہ، کشتہ سم الفار براوہ دندان فیل والا ۶ ماشہ کشتہ زمرد 1/2 2 کشتہ مرجان 1/2 2 کشتہ بیضہ مرغ آڑھائی تولہ کشتہ صدف 1/2 2 تولہ ست سلاجیت 1/2 2 تولہ کوٹنے والی ادویہ کو کوٹ کر چھانلیں اور کھرل میں ڈال کر بقیہ کشتہ جات بھی ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ تمام ادویہ یکجان ہو جائیں تو درمیان سائز کے کیپسولز بھر لیں ایک کیپسولز صبح 10 بجے اور ایک کیپسولز شام ۵ بجے ہمراہ دودھ لیں۔

سفوف جالینوس:۔

کسی مستند کتاب سے اجزاء لے کر سفوف بنائیں اور اس میں میٹھا شامل نہ کریں۔

ذیابی کورس:۔

مکمل چالیس دن کا کورس اور کورس کے منفرد ادویہ ہمارے پاس ہر وقت تیار ملتی ہیں

Mob:03219867091 پر رابطہ کر کے طلب کر سکتے ہیں۔

امراض سینہ

امراض سینہ میں زیادہ تر لوگ کھانسی، دمہ، دق سل اور نمونیہ کو ہی امراض سینہ تصور کرتے ہیں، لہٰذا اس باب میں میں بھی اپنی امراض کے مجربات آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

سفوف دق:۔

یہ سفوف امراض سینہ میں بیاض مہتاب کا خاص سفوف ہے۔ 1983ء سے پہلے یہ سفوف ہماری قلمی بیاض، بیاض مہتاب کے صفحات میں متصل تھا۔ 1983ء میں میں نے پہلی بار اسے مختلف طبی جرائد میں اشاعت کے لئے ارسال کیا اس کے بعد یہ سفوف میرے نام سے بھی اور میرے نام کے علاوہ بھی اس کی افادیت کو مدنظر رکھتے ہوئے طبی جرائد کے ماہناموں اور سالناموں کی زینت بنتا رہا، نسخہ کی تعریف اور فوائد ہماری قلمی بیاض میں صرف چند الفاظ میں درج ہے ''سفوف دق ایک ایسا سفوف ہے جو گلے سڑے داغ داغیلے پھیپھڑوں کو از سر نو تقویت پہنچانا اس کا معمور ہے۔

سفوف دق کے اجزاء:۔

گندھک آملہ سار 1 تولہ، بسیاب مصفی 1 تولہ، شنگرف 1 تولہ، مصطگی رومی 1 تولہ، بیدانہ 1 تولہ، گل ارمنی 2 تولہ، گل انار 1 تولہ، سرطان 2 تولہ، دال ماش 2 تولہ، زعفران 7 ماشہ مغز بادام 3 تولہ، مغز تخم خیارین 3 تولہ، تخم خطمی 9 ماشہ، کتیرا آڑھائی تولہ، لونگ 9 ماشہ، جائفل 2 تولہ، طباشیر 1 تولہ، نشاستہ 3 تولہ، اودھ 2 تولہ، کشتہ ابرک سیاہ 1 تولہ، شیطرج ہندی 1 تولہ، لوبان 9 ماشہ۔

ترکیب تیاری:۔

پہلی دوا ادویہ کو کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کر کہ کجلی بن جائے تو اُس میں شنگرف ڈال کر کھرل کریں باقی ادویہ بھی ڈال کر کھرل کریں کہ ادویہ یکجان ہو جائیں تو شیشی میں محفوظ کر لیں۔

تین ماشہ دوا صبح 10 بجے اور شام 5 بجے ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

شربت سعال:۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، تب دق کے مریض کھانستے کھانستے نڈھال ہو جاتے ہوں اُن کے لئے اکسیر حیات سے کم نہیں ہے، نسخہ کے اجزاء اور تیاری ملاحظہ فرمادیں، پوست خشخاش اسیر، ریشہ خطمی ایک پاؤ ملٹھی اسیر عناب اسیر گاؤزبان اسیر، سوم کلیا ایک پاؤ گل بانسہ اسیر، ابریشم مقرض اسیر، گل بنفشہ اپاؤ، تمام ادویہ کو 30 سیر پانی میں بھگو کر 10 سیر عرق حاصل کریں بوقت ضرورت ایک بوتل عرق میں تین کلو چینی ڈال کر شربت کا قوام درست کر لیں اور ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں بھر لیں اور فی بوتل 50 عدد لنفیڈرین گولیاں ڈال لیں ایک ایک چمچہ صبح دوپہر شام استعمال کریں۔

کیپسولز برائے دمہ وسعال:۔

یہ کیپسولز دمہ اور کھانسی نیز سینہ پر بلغم کیوجہ سے سینہ کا کھڑ کھڑ کرنا وغیرہ کے لئے شافی کا حکم رکھتا ہے اجزاء ملاحظہ فرماویں، رب اسوس 2 تولہ، نمک بانسہ 2 تولہ، نمک مدار 1 تولہ، افیون 2 تولہ، گل گاؤزبان 2 تولہ، تمام ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں ایک کیپسولز خیساندہ ذیل سے صبح 10 بجے اور شام 5 بجے لے لیں، اجزاء خیساندہ، ملٹھی 1 تولہ، سوم کلیا 1 تولہ گل بانسہ 1 تولہ، عناب 1 تولہ، ریشہ خطمی 1 تولہ، گل گاؤزبان، تمام کو در، دوا کوٹ کر 3 ماشہ دوا، ایک پیالی اُبلتے پانی میں ڈال کر ڈھک کر رکھ لیں 6 گھنٹے کے بعد اس پانی سے کیپسولز لیں۔

امراض معدہ

امراض معدہ میں زیادہ تر قبض، پیچش، کرم شکم، بھوک کا نہ لگنا وغیرہ شامل ہیں۔ اس سلسلے کے لئے مجربات ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 1:۔ مقوی معدہ چورن:۔

یہ چورن مقوی معدہ ہے اس سے اجابت صاف ہو جاتی ہے بھوک خوب لگتی ہے، کھایا پیا ہضم ہو جاتا ہے، بوڑھے بچے جوان مرد وزن یہاں تک کہ حاملہ عورت اور زچہ تک بلا کھٹک استعمال کر سکتے ہیں یہ نہایت خوشذائقہ لاجواب چورن ہے، یہ چورن میرا سالوں سے تجربہ شدہ ہے میرے نایاب نسخہ جات میں سے ہے، شوق سے آزمائیں، جو خرچ کریں گے وہ وصول ہوگا۔

اجزاء:۔ چھوٹی ہرڑ، تین پاؤ، زیرہ سفید 10 تولہ، سونف ایک سیر نمک لاہوری 1 پاؤ، لونگ مدار ایک چھٹانک، کشتہ فولاد سادہ 1/2 پاؤ، اسطخودوس 1 پاؤ، دانہ الائچی خورد ایک چھٹانک، تمام ادویات کو کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں اور ست پودینہ 2 تولہ، شامل کرلیں، تین ماشہ دوا، دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد پانی سے لے لیں۔

نمبر 2:۔ اکسیر ہاضم:۔

نفخ معدہ، درد معدہ، ترش ڈکار، کلیجہ جلنا، بدہضمی بھوک کا نہ لگنا وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔

اجزاء:۔ سوڈا بائیکارب 10 تولہ، ست پودینہ 6 ماشہ، دانہ الائچی خورد 1 تولہ، ست لیموں 1 تولہ تمام ادویہ کو کوٹ کر کھرل میں ڈال کر کھرل کریں کہ تمام اجزاء یکجان ہو جائیں تو تین ماشہ دوا پانی سے لے لیں۔

نمبر 3:۔ اکسیر معدہ:۔

نوشادر ٹھیکری، تین تولہ، اجوائن 5 تولہ، کالا نمک تین تولہ، تیزاب گندھک 3 تولہ، تمام ادویہ کو ایک پرات میں ڈال کر اوپر تیزاب گندھک ڈالدیں خشک ہونے پر کوٹ کر چھان لیں، 2 رتی دوا پانی سے لیں۔

قبض

قبض کو اُم الامراض یعنی تمام بیماریوں کی ماں لیا گیا ہے، اس میں پاخانہ حسب طبع نہیں آتا یا رفع حاجت کے وقت زیادہ دیر لگتی ہے، اکثر دردسر کی شکایت خفقان وغیرہ لاحق ہوتے ہیں۔

قبض کشا کیپسولز:۔

اس سے قبض رفع ہو جاتی ہے۔ اجزاء:۔ مصبر 2 تولہ، تخم حنظل 6 ماشہ سقمونیا 1 تولہ، اجوائن خراسانی 1 تولہ غاریقون 1 تولہ، تمام ادویہ کو، کوٹ کر کپڑ چھان کر کے درمیانہ ساز کے کیپسولز بھر لیں اور ایک کیپسولز قہوہ ذیل کے ساتھ استعمال، دودھ ایک پاؤ گل گلاب 1 تولہ چھوٹی الائچی 4 عدد، دودھ میں قدرے میٹھا ملا کر قہوہ کیطرح بنا کر یہ کیپسولز لیں، انشاء اللہ کچھ ہی دنوں میں آنتوں کو چکناہٹ پہنچ کر دائمی قبض کا خاتمہ ہوگا، انشاء اللہ۔

پیچش:۔

ذیل میں اسہال و پیچش کا ایک مکمل کورس درج کیا جارہا ہے اس کے استعمال سے اسہال و پیچش کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

نمبر 1، اسہال بند کیپسولز:۔

ھوالشافی عود خام اجوائن خراسانی ایک ایک تولہ، طباشیر 1 تولہ، بیلگری 1 تولہ، دھنیا خشک بریاں 1 تولہ، صندل سفید سعد کوفی زیرہ کرمانی مدبر، مصطگی رومی، گل ارمنی جب آلاس مائیں خورد بریاں، تخم خرفہ، تخم خشخاش افیون ہر ایک ایک تولہ۔

تمام ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور بڑے سائز کے کیپسولز بھر لیں، ایک ایک کیپسولز دن میں تین دفعہ لیں۔

نمبر 2:۔ جید کیپسولز:۔

یہ کیپسولز اسہال بند کرنے کے علاوہ اُن اسہال کے لئے مفید ہیں، جن میں مریض پاخانہ کے

وقت پڑ پڑ کرتا ہو اور اسہال جھاگ دار آتے ہوں اُن کے لئے خاص طور پر مفید ہیں۔

اجزاء:۔ جند بید ستر 6 ماشہ، دار چینی 6 ماشہ، مرکی 6 ماشہ، افیون 1 تولہ، تمام اجزاء کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور چھوٹے کیپسولز بھر لیں یہ بھی دن میں تین بار دیں۔

نمبر 3:۔ اسہالی کیپسولز:۔

سہاگہ بریاں 1 تولہ، افیون 2 تولہ، بیلگری 4 تولہ، گل دھاوا 5 تولہ، تمام ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر کے چھوٹے کیپسولز بھر لیں یہ اس کورس کا تیسرا جز ہے، اس کورس کے استعمال سے انشاءاللہ پہلے ہی دن آرام آجاتا ہے۔

کرم شکم:۔

ہر قسم کے کرم امحا کو صرف ایک مرتبہ کے استعمال سے خارج کر دیتا ہے اور آئندہ کسی قسم کا کرم پیدا نہیں ہوتا کرم خواہ کتنے ہی بڑے کیوں نہ ہوں خارج کر دیتا ہے۔

اجزاء:۔ برگ آڑو، سایہ میں خشک شدہ، برگ ہرن کھری سایہ میں خشک شدہ آڑھائی تولہ، مصبر 2 تولہ، کمیلہ 1/2 2 تولہ، سنلائیٹ صابن 1/2 2 تولہ تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر ہرن کھری کے پتوں کے پانی سے کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں، مریض کو 20 گھنٹے تک سوائے دودھ چاول کے اور کچھ نہ دیں ایک کے بعد ایک گولی نیم گرم پانی سے دیں، گولی رات کو سوتے وقت دیں۔

کرم شکم کیپسولز:۔

کمیلہ عمدہ 10 تولہ، باؤبڑنگ 5 تول، برگ نیم 5 تولہ، مصبر 2 تولہ، تمام ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور بڑے کیپسولز بھر لیں، 2 عدد کیپسولز رات کو نیم گرم پانی سے لے لیں لیکن کیپسولز لینے سے پہلے تھوڑے سے بھنے ہوئے چنوں میں گڑ ملا کر کھلائیں تاکہ تمام کرم شکم اپنی تھیلیوں سے نکل کر معدہ میں آجائیں اور یہ کیپسولز اُن کو باہر نکال دیں۔

نــــوٹ :۔ بیاض مہتاب میں درج تمام ادویہ میں سے کوئی بھی منگوانے کے لئے ڈسکاؤنٹ تعداد والی ادویہ پر 12 منگوانے پر 12 کی قیمت میں 16 عدد ارسال کریں گے اور اوزان والی ادویہ ایک کلو کی قیمت میں 1250 گرام ارسال کی جائے گی، ایک ہزار، روپے سے کم کی ادویہ منگوانے پر عمل نہیں ہوگا۔

امراض بواسیر

اس موذی مرض کے لئے میں نے اکیس روزہ خوردنی اور خارجی علاج پر مشتمل بواسیری کورس ترتیب دیا ہے خون کی بہتی ہوئی ندی انشاء اللہ تین دن میں بند ہو جاتی ہے اور سات دن میں ٹیسیں بند ہو جاتی ہیں، مسے خود بخود مرجھا کر گر جاتے ہیں اور اکیس دن کے اندر اندر گرے ہوئے مسوں کے زخم بھی بھر جاتے ہیں اس کورس کے استعمال سے نہ انجکشن کی ضرورت رہتی ہے اور نہ ہی اپریشن جیسے تکلیف دہ مرحلے سے گزرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔

بواسیری کورس:۔

بواسیری کورس کا تعارفی لب لباب میں صرف درج ذیل چند الفاظ میں پیش کرتا ہوں "انجکشن کی ضرورت نہ اپریشن کی زحمت" تین دن میں خون بند سات دن میں ٹیسیں ختم۔

بواسیری کورس کا خوردنی علاج

نمبر 1:۔ جبوب بواسیری نمبر 1:۔ اجزاء:

ریوند عصارہ تین تولہ، رسونت دو تولہ مصبر تین تولہ، نمک انجبار تین تولہ، خون شیاؤ شان 5 تولہ، نمک مولی دو تولہ، گوگل مصفیٰ دو تولہ، بکرے کے پتے کا پانی حسب ضرورت، تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر بکرے کے پتے کا پانی اتنا ڈالیں کہ تمام ادویہ ڈوب جائیں تو یہاں تک کھرل کریں کہ جبوب بنانے کے قابل ہو جائے تو گولی بقدر چنے سے تھوڑی سی بڑی بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے محفوظ کر لیں شام کو تین بجے ایک تولہ بیخ انجبار کو ایک پاؤ پانی میں بھگو دیں

رات کو سوتے وقت ایک گولی ہمراہ اس پانی سے لیں۔

حبوب بواسیری نمبر 2: اجزاء:۔

دم الاخوین 5 تولہ گیرو 2 تولہ، رسونت 2 تولہ، نمک انجبار 1 تولہ، ریوند عصارہ 2 تولہ تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر ایک پاؤ مولی کے پانی سے کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنا ئیں اور ایک گولی صبح نہار منہ پہلی گولی کیطرح خیسانده آب انجبار سے استعمال کریں، ناشتہ ایک گھنٹہ بعد کریں۔

نمبر 3، اکسیر بواسیر: اجزاء:۔

گندھک آملہ سار دو تولہ، قلمی شورہ 10 تولہ، خون شیاؤ شان تین تولہ، ایک کڑاہی میں نصف قلمی شورہ بچھا کر اوپر گندھک آملہ سار اور خون شیاؤ شان بچھا کر بقیہ نصف قلمی شورہ بھی ان پر ڈال دیں اور الگ سے خوب دبائیں کہ خلاء باقی نہ رہے تو آگ پر چڑھائیں تمام چیزیں پگھل کر مائع شکل اختیار کر لیں گی اور پھر تمام ادویہ منجمد ہو جائیں گی کو کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں اور اس میں سے ایک رتی دوا صبح 10 بجے مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر نگل لیں۔

نمبر 4، بواسیری کیپسولز: اجزاء:۔

قلمی شورہ 10 تولہ، ریٹھہ بمع پوست 10 تولہ، مصبر 5 تولہ، مصبر اور قلمی شورہ کو باہم کھرل کر کے نصف ایک کوزہ میں ڈال کر اوپر ریٹھہ ڈال کر اوپر بقیہ قلمی شورہ مصبر ڈال کر گل حکمت کر کے 10 سیر اوپلوں کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر جو کچھ نکلے اُسے کھرل کر کے وزن کر لیں اور اس وزن کے برابر نمک انجبار اور دم الافیون شامل کر کے کھرل کر کے کیپسولز بھر لیں ایک کیپسول شام 5 بجے ہمراہ آب خیسانده انجبار دیں۔

سخنی گفتی:۔

بواسیر کورس کی کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ نمک انجبار اور نمک مولی خود ساختہ ہو بازار سے خریدے گئے نمک انجبار پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔

بنانے کا طریقہ

انجبار حسب ضرورت لے کر جلالیں کہ راکھ ہو جائے کوئلہ نہ رہے یعنی سفید راکھ بنالیں ٹھنڈا ہونے پر راکھ کو ایک ٹین پانی میں ڈال کر اس میں یہ راکھ ڈال دیں اور دن میں تین دفعہ لکڑی سے ہلا دیا کریں جب تمام پانی خشک ہو جائے تو تہہ میں جو چیز ملے گی وہی نمک انجبار ہے نمک مولی کے لئے آپ حسب ضرورت مولی لے کر اسے کوٹ کر کپڑے میں ڈال کر نچوڑ لیں اس پانی کو کسی برتن میں ڈال کر آگ پر جلالیں آخر میں جو کچھ بھی ملے گا وہی نمک مولی ہوگا۔

بواسیر کا خارجی علاج

سکونی: اجزاء

پھٹکری سفید ایک پاؤ پوست ریٹھہ ایک پاؤ دونوں کو ہمام دستہ میں ڈال کر کوٹ لیں اور چھ چھ ماشہ کی اکیس پڑیہ بنالیں اور ایک پڑیہ شام کو ایک لوٹہ پانی میں ڈالدیں اور صبح کو رفع حاجت کے بعد یہی پانی استعمال کریں

بواسیر لوشن

پھٹکری سفید پانچ تولہ، نیلا تھوتھا چھ ماشہ، دونوں کو کوٹ کر ملالیں ایک لیڑ پانی اُبال کر ٹھنڈا کر کے اُس میں ڈالدیں اور اس میں ایک تولہ کاربولک ایسڈ بھی شامل کرلیں روئی کو اس لوشن سے تر کر کے بواسیری مسوں پر لگائیں اس کے بعد بواسیری مرہم مسوں پر لگائیں

بواسیری مرہم، اجزاء:

روغن کنجد 1/2 1 پاؤ، بلادر 2 تولہ، مینسل آڑھائی تولہ، موم سفید 5 تولہ ویزلین 5 تولہ، روغن گل 5 تولہ، سفید کاشغری 2 تولہ، مرادر سنگ 2 تولہ، افیون 6 ماشہ، کافور 1 تولہ، کاربالک ایسڈ 5 تولہ،

ترکیب وتیاری

اول ایک کڑاہی لے کر اس میں روغن کنجد ڈال کر آگ پر رکھیں جب تیل میں جوش آجائے تو بلادر ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں یہاں تک تمام بلادر جل کر سیاہ ہو جائیں تو اُتار لیں اور مینسل شامل کر کے 2 لیڑ پانی میں اُلٹ دیں تین دن کے بعد روغن کو پانی میں دفن کردیں 21 دن کے بعد نکال کر دوبارہ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں گرم ہونے پر موم شامل کرلیں جب موم پگھل جائے تو ویزلین بھی شامل کر کے روغن گل۔ مرادار سنگ جو کہ گھس لیا گیا ہو افیون بھی ڈالدیں ٹھنڈا ہونے پر سفید کا شخر کافور اور کاربالک ایسڈ شامل کرلیں

طریقہ استعمال

پہلے بواسیر مسوں اور زخموں کو بواسیر لوشن سے اچھی طرح صاف کر کے اوپر بواسیر مرہم لگادیں (باب امراض بواسیر تحت باالخیر)

امراض حمیات (بخار)

صحت مند انسانی جسم کا درجہ حرارت 98.5 ہے لیکن جب اس سے تجاوز کر جائے تو انسان بے سکون، ناک سے گرم ہوا، جسم ڈھیلا ڈھیلا، کام کاج سے جی چرانا اور بستر ے کی طرف متوجہ بخار کی دلالت کرتا ہے لہذا، اس کے لئے درج ذیل ادویہ شفاعت کا درجہ یعنی شفائی تاثیر رکھتی ہیں بحکم ربی۔

بخاری کیپسولز

یہ کیپسولز بخار کی حالت میں دیئے جاتے ہیں آدھ گھنٹے سے لے کر ایک گھنٹے تک حرارت کم ہو کر بخار اتر جاتا ہے دو دو گھنٹے کے وقفے سے ایک ایک کیپسول دیا جاتا ہے دو چار خوراکوں سے ہی انشاء اللہ بخار سے نجات مل جائے گی۔

اجزا

نوشادر 1 تولہ، قلمی شورہ 3 ماشہ، ست گلو 1 تولہ مغز کرنجوہ 1 تولہ، تخم جوز مائل 1 تولہ گل بنفشہ 1 تولہ، طباشیر 1 تولہ، گل سرخ 1 تولہ تمام ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور بڑے کیپسولز بھر لیں۔

ترکیب استعمال

ایک کیپسول ہمراہ نیم گرم دودھ قہوہ یا چائے سے دیں ہر دو گھنٹے بعد یہ عمل دہراتے رہیں

نجات بخار کیپسولز

پھٹکوی سفید 5 تولہ کو ایک مٹی کی کلیہ میں ڈال کر اس پر اتنا شیر آگ ڈالیں کہ پھٹکوی ڈوب جائے تو اسے رکھ چھوڑیں کہ دودھ خشک ہو جائے تو کلیہ کو گل حکمت کر کے خشک ہونے پر 10 سیر اوپلوں کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال کر کھرل کر کے شیشی میں بند رکھیں، پھٹکوی مذکور 1 تولہ، مغز کرنجوہ 1 تولہ، اسطخودوس 1 تولہ، سورنجان 1 تولہ دانہ الائچی خورد 1 تولہ، ست گلو 1 تولہ، کشتہ ابرک 1 تولہ کشتہ بارہ سنگا 1 تولہ، تخم جوز مائل 1 تولہ تمام اجزاء کو کھرل کریں اور خیساندہ ذیل میں کھرل کر کے خشک کر کے درمیانے سائز کے کیپسولز بھر لیں، خیساندہ کے اجزاء چرائتہ، گلو، گل بنفشہ، گل گاؤزبان ہر ایک ایک تولہ ایک پاؤ پانی اُبال کر آگ سے اتار کر یہ ادویہ ابلتے پانی میں ڈال دیں اور 8 گھنٹے کے بعد پانی کو چھان لیں سی پانی سے ادویہ کو کھرل کریں اور خشک ہونے پر کیپسولز میں بھر لیں۔ ایک کیپسولز ہر دو گھنٹے کے بعد گرم پانی سے دیں یا عرق گلاب سے دیں

تریاق الحمے کیپسولز

ست گلو، طباشیر، دانہ الائچی خورد، کشتہ ابراک سفید، کشتہ ہڑتال، گئودنتی سفید، زہر مہرہ خطائی، کشتہ پھٹکوی، ور شیر آگ کشتہ بارہ سنگا ہر ایک ایک تولہ تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں اور بڑے کیپسولز بھر لیں ایک کیپسولز ہمراہ عرق گلاب، عرق گاؤزبان دیں یا نیم گرم دودھ سے ہر دو گھنٹے کے بعد دیں۔

نجات الحمے کیپسولز

ہر قسم کے بخاروں کیلئے شرطیہ حتمی علاج اور لاجواب اکسیر نسخہ ہے۔

اجزاء:۔

کشتہ پھٹکری در شیر آک 1 تولہ، کشتہ بارہ سنگا 1 تولہ، ست گلو 1 تولہ، مغز کرنجوہ 1 تولہ ،کوڑ 1 تولہ، زہر مہرہ خطائی 1 تولہ، دانہ الائچی خورد 1 تولہ تخم جوز ماثل 1 تولہ تمام ادویہ کو ایک کھرل میں ڈال کر کھرل کریں کہ خشک ہو جائے تو بڑے کیپسولز بھر لیں۔ایک کیپسولز ہمراہ جوشاندہ، گل گاؤزبان، گل بنفشہ، گل گلاب، چرائتہ اور گلو ایک ایک تولہ کو ایک لیڑ پانی میں ڈال کر رکھ دیں 12 گھنٹے کے بعد جوش دیں اور ٹھنڈا کر کے چھان کر بوتل میں بھر لیں ایک چھٹانک جوشاندہ سے ایک کیپسولز لیں دن میں تین دفعہ (باب امراض حمیات بخار تحت بالخیر)

امراض جلد

جلدی امراض میں زیادہ تر امراض پھوڑے پھنس خارش وغیرہ آتے ہیں اور اس باب میں زیادہ تر ان ہی امراض کے معالجہ کے بارے میں تحریر ہے

اکسیر خارش مصفی خون برائے خارش

اس اکسیر کے استعمال سے جدید خارش تو کیا خارش کی انتہائی حالت جس سے بدن پر آبلے ہوں اور خارش سے بدن لہولہان ہو اللہ کا نام لے کر صرف پندرہ دن استعمال کروائیں۔انشاء اللہ العزیز یقیناً آرام ہوگا یہ نسخہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے صرف پڑھ کر چھوڑ دینے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا اسے تیار کیجئے اور اپنے مطب میں رکھ کر خارش جیسی نامراد بیماری کے مارے ہوئے مریضوں کو دے کر ان کی دعائیں بھی لیں اور علاقے میں نام بھی کمائیں۔

اجزاءاور ترکیب تیاری

ھوالشافی:۔ گندھک موصلی ڈنڈا 8 تولہ، سیماب 1 تولہ، گیرو 8 تولہ، قلمی شورہ 8 تولہ پہلے کرنے والی ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں پھر ایک کڑاہی میں روغن سرشف لگا کر چڑ لیں پھر اس میں گندھک پگھل کر مائع شکل اختیار کرلے تو اس میں سیماب ڈال کر ڈنڈے سے رگڑیں کہ محلول سیاہ رنگ کو ہو جائے تو اس سیاہ محلول میں قلمی شورہ ڈالدیں وہ بھی پگھل کر یکجان ہو جائے تو آخر میں گیرو ڈال کر موٹے نیم کے ڈنڈے سے رگڑائی کریں اور چولہے سے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر دوا کڑاہی سے کھرچ کر کھرل کے ایسی شیشی میں ڈال کر محفوظ کرلیں کہ دوا نمی نہ پکڑے 3 ماشہ دوا صبح 8 بجے اور 3 ماشہ دوا شام 5 بجے ہمراہ آب دیں اس کے ساتھ ذیل کا شربت بھی استعمال کریں۔

کڑوا شربت مصفی خون

اجزاء:۔

چرائتہ 20 تولہ، برگ نیم 20 تولہ، سرپھوکہ 20 تولہ، پت پاپڑہ 10 تولہ، منڈی بوٹی 10 تولہ، ہلیلہ 15 تولہ تمام ادویہ کو کوٹ کر دردر کرلیں پھر اس میں 12 سیر پانی شامل کرلیں تقریبا 12 گھنٹے بھگو رکھیں پھر آگ پر چڑھا کر اتنا پکائیں کہ پانی 4 سیر رہ جائے تو اتار کر ٹھنڈا ہونے پر مل کر چھان لیں اور اس میں 10 سیر چینی ڈال کر آگ پر پکائیں قوام درست ہونے پر اتار کر ٹھنڈا کر کے صاف بوتلوں میں بھرلیں اور ایک ایک تولہ شربت صبح دوپہر اور شام کو نوش فرمائیں۔

پھوڑا پھوڑ مرہم:۔

سخت پھوڑوں کر پھوڑنے کیلئے نہایت موثر و مجرب ہے رات کو پھوڑا پھوڑ مرہم کا ایک پھایہ پھوڑے پر رکھ کر اوپر پٹی باندھ دیں صبح کو پٹی کھول دیں

مرہم پھوڑا پٹی کے اجزاء:۔

ھوالشافی نیلا توتیا 7 ماشہ، بیروزہ 7 ماشہ، سہاگہ بریاں 6 ماشہ، زنگار 1/2 1 تولہ

پھٹکوی بریاں 1/4 1 تولہ، موم 1/2 1 تولہ روغن کنجد ایک چھٹانک اول روغن کنجد کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں پھر موم ڈال دیں پھر بیروزہ ڈال دیں بعد میں دوسری ادویہ ڈال کر اتار لیں اور گھوٹ کر مرہم بنالیں استعمال رات کو سوتے وقت پھوڑے کی مناسبت سے مرہم

پھوڑا پھوڑ کا پلستر بنا کر پھوڑے پر لگائیں اور اوپر پٹی باندھ دیں صبح کو کھول کر تمام مواد کو صاف کر کے زخم کو اسپرٹ سے صاف کر لیں

مرہم بے نظیر

کوڑ، کالی زیری کمیلہ مرادار سنگ تولہ تولہ نیلہ توتیا 1 ماشہ تمام ادویہ کو باریک پیس کر کھرل کریں اور سرسوں کا تیل شامل کرتے جائیں یہاں تک کہ مرہم پھوڑے پھنسی پر لگائیں تجربہ بعد آپ اس کے اثرات کے قائل ہوں گے

نوٹ:۔

کتاب ہذا یعنی بیاض مہتاب میں تحریر شدہ تمام ادویہ چاہے آپ کورس کو صورت میں لیں یا منفرد ادویہ کی صورت میں تمام ادویہ ہر وقت ہمارے پاس تیار ملتی ہیں قیمت کا تعین فون نمبر پر کریں 03219867091

امراض مرداں

امراض مرداں یعنی مردانہ امراض میں زیادہ تر مریض ذکاوت حس کثرت احتلام، جریان ،سرعت انزال، مثانہ کی گرمی منی کا نہایت پانی کیطرح پتلا ہونا عضو مخصوص کے خارجی نقائص وغیرہ میں مبتلا ہوتے ہیں بجائے اس کے کہ میں بیاض مہتاب میں علیحدہ علیحدہ ان امراض کے مجربات تحریر کرتا۔ میں نے ان سب امراض کا علاج تسبیح کے دانوں کی طرح ایک ہی کورس میں سمو دیا ہے اس کورس کا نام ہے مردانہ کمزوری کا مردی بکس اسی سلسلے کے دوسرے بھی کورس مردانہ بانجھ کا بانجھ کورس وغیرہ ادویہ شامل ہیں جو مذکورہ کورس میں مطلوب ہیں لہذا میں سب سے پہلے مردانہ

کمزوری کا مردمی بکس جو کہ چھ ہفتوں پر محیط تین مراحل پر مشتمل ہے مراحل اول، مسکنات مرحلہ دوئم مغلظات اور مرحلہ سوئم میں تحریک باہ کیلئے محرک باہ ادویہ شامل ہیں جبکہ خارجی علاج میں مرحلہ اول میں طلاء آبلہ انگیز۔ مرحلہ دوئم میں قیروطی عرف برقی پٹی اور طلاء مخلوق اور مرحلہ سوئم میں طلاء مقوی الباہ اور طلاء مردمی شامل کورس ہیں اس سے پہلے کہ میں مردمی بکس مرحلہ وار آپ کی خدمت میں پیش کروں میں آپ کے سامنے مردانہ کمزوری کیا ہے پیش کرتا ہوں اس کا غور سے مطالعہ کریں اور پھر علاج معالجہ کی طرف رغبت کریں۔

مردانہ کمزوری کیا ہے؟ وظیفہ زوجیت ہمبستری میں بے لذتی ہی مردانہ کمزوری کا نام ہے اس مرض میں عضو تناسل ڈھیلا ہو جاتا ہے جس سے قوت جماع ناقص یا باطل ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے فریق ثانی مطمئن نہیں ہوتی جو لوگ شباب کی مستی میں مدہوش ہو کر خواہشات نفسانی کو بے لگام چھوڑ دیتے ہیں وہ اس حماقت کا بری طرح خمیازہ بھگتتے ہیں اور کئی قسم کے مردانہ امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں کیونکہ جلق اغلام یا کثرت جماع کی عادت میں مبتلا ہو جانے سے ایک تو منی کا خزانہ بہت جلد ختم ہو جاتا ہے دوسرے آلہ تناسل میں بھی بری طرح نقائص پیدا ہو جاتے ہیں، جن کی وجہ سے فعل جماع تسلی بخش نہیں ہوتا اور نہ ہی اولاد جیسی نعمت نصیب ہوتی ہے اسی حالت میں یعنی فعل جماع کا تسلی بخش نہ ہونے کو ہی نامردی کہا جاتا ہے یہ مرض بکثرت ہونے کے سبب کئی چالاک لوگ جن کو طب سے قطعی واقفیت نہیں ہوتی معالج بنے بیٹھے ہوئے اور بھولی بھالی عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں یہ بازاری حکیم ان سب امراض کا جو اس کے بڑے اسباب میں مثلاً جریان احتلام ذکاوت حس سرعت انزال اور عضو مخصوص کے جن خارجی نقائص وغیرہ وغیرہ کو صرف ایک ہی دواسے کرتے ہیں جو کسی طرح بھی صحیح طریقہ نہ ہونے کی وجہ سے جب مریض علاج کراتے کراتے تھک کر مایوس ہو جاتا ہے تو علاج کروانا چھوڑ دیتا ہے اور اپنی شاد زندگی سے بے زار ہو کر جان شیرین کو موت کی بھینٹ چڑھا دیتا ہے پس ایسے لوگوں کی قیمتی زندگی بچانے کیلئے حکیم مہتاب حسین دہلوی نے چھ ہفتوں پر محیط تین مراحل پر مشتمل خوراکی اور خارجی علاج پر

مشتمل مردمی بکس ترتیب دیا اور اس ترتیب سے اپنے وقت کے نامی گرامی طبیب اطباء جن میں حکیم نور محمد چوہان صاحب ایڈیٹر ماہنامہ اسرار حکمت لاہور حکیم محمد اسمعیل امرتسری مصنف مجربات حکمائے پاک وہند حکیم عبدالرحیم جلیل ایڈیٹر ماہنامہ طبیب حاذق گجرات اور حکیم محمد عبداللہ اروڑی جہانیاں والے مصنف کنز المفردات اور کنز المرکبات سے پرے کورس پر بات چیت ہوئی اور سب کے سب اس طریقہ علاج جو کہ علاج بالاصول ہے یعنی مرحلہ اول میں مسکنات یعنی کثرت احتلام ذکاوتحس ضعف معدہ اور مثانے کی گرمی کی دور کرنے والی ادویہ کے ساتھ ساتھ افزائش خون کی ادویہ بھی شامل کورس ہیں جبکہ مرحلہ دوئم میں شیادہ تر ادویہ منی کے گاڑھے کرنے اور افزائش منی کے علاوہ افزائش خون اور اعضاء رئیسہ کو تقوی اور طاقتور بنانے کی ادویہ شامل کورس ہیں جبکہ مرحلہ سوئم میں تمام تر ادویہ گرم اور تحریک باہ کیلئے محرک باہ ادویہ شامل ہیں مذکورہ بالا تمام اطباء کرام اس کورس پر متفق ہیں تین مرحلوں پر مشتمل یہ مردی بکس ہر مرحلہ دو دو ہفتوں پر محیط ہے۔

مردمی کورس کا مرحلہ اول

یہ مرحلہ سکنات یعنی کثرت احتلام ذکاوت حس ضعف معدہ افزائش خون اور مثانے کی گرمی کو دور کرنے کیلئے خوراکی ادویہ میں جوہر ذکی کشتہ فولاد فروٹ والا اکسیر ٹھنڈک نمبر 1 اکسیرا حتلامی اور سفوف تجیری شامل ہیں جبکہ خارجی علاج میں طلاء آبلہ انگیز شامل کورس ہے۔

مرحلہ اول میں شامل اجزاء اور تیاری ملاخطہ فرمائیں

جوہر ذکی

ذکاوت حس یعنی معمولی سا خیال آنے پر تھوڑا سا انتشار ہو کر منی کا خارج ہو جانا یا صرف کپڑے ہی سے مس ہو کر رگڑا کھا کر منی کا نکل جانا۔ کثرت احتلام یعنی سوتے وقت منی کا نکل جانا ان سب عوارض کیلئے جوہر ذکی اکسیر ہے جوہر ذکی کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاخطہ فرمائیں۔

اجزاء:۔

پھٹکڑی بریاں ایک تولہ، سہاگہ بریاں ایک تولہ پوٹاشیم برمائیڈ دس تولہ قلمی شورہ پانچ تولہ تمام ادویہ کو ایک پاؤ پانی میں ڈال کر حل کر لیں 4 گھنٹے کے بعد اس پانی کو آگ پر اتنا پکائیں کہ تمام پانی جل جائے تہہ میں جو کچھ بھی ملے گا یہی جوہر ذکی ہے اسے کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ نمی باقی نہ رہے

ترکیب استعمال

دو دو رتی صبح آٹھ اور دو رتی دوا شام پانچ بجے ایک گھونٹ پانی میں حل کر کے پی لیں اوپر سے ایک گلاس اور پی لیں

نمبر 2 کشتہ فولاد فروٹ والا

نہایت محنت سے ایک سال میں تیار ہونے والا کشتہ فولاد جس میں سال بھر کے تمام فروٹ پھل جو دستیاب ہو سکیں کا رس اس میں شامل ہے ی کشتہ جگر کا مانند انار رہنا دیتا ہے

اجزاء

برادہ فولاد حسب ضرورت موسمی پھل موسم کے مطابق جو پھل بھی دستیاب ہو اس کا رس اتنا کہ برادہ فولاڈ وبا رہے

تیاری

برادہ فولاد کو چینی کے مرتبان میں ڈال کر اس میں اتنی دہی ڈالیں کہ تمام برادہ فولاد لت پت ہو جائے اس کے بعد موسم کے مطابق جو بھی پھل ہو اس کا رس نکال کر ڈالیں گودا نہیں ڈالنا صرف اور صرف اس پھل کا رس ڈالنا ہے اتنا ڈالیں کہ برادہ ڈوب جائے اور خیال رہے کہ پورے سال برادہ فولاد پھلوں کے رس میں ڈوبا رہے مثلاً اب اگر نومبر تو نومبر میں سیب انار کینو مالٹے سنگترے مسمی وغیرہ پھل دستیاب ہوتے ہیں ان کا رس ڈالتے رہیں اسی طرح ہر موسم کے

پھل کا رس ڈالتے رہیں ایک سال کے بعد تمام برادہ فولاد محلول کی صورت اختیار کریگا پھر اسے ایک پرانت میں ڈال کر پڑا رہنے دیں کہ خشک ہو جائے تو پھر کھرل کر کے محفوظ رکھیں

خوراک:۔

ایک رتی فولاد فروٹ والا صبح 10 بجے مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر نگل لیں

3# اکسیر ٹھنڈک ا

مثانہ کو دھو کر اس کی گرمی کو دور کرنے پیشاب کی جلن کو دور کرنے اور ابتدائی سوزاک کیلئے بہترین شہ ہے نیز درد گردہ اور گردے کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے پیشاب میں خارج کرتی ہے کیونکہ پیشاب کی جلن کو فوراً ختم کرتی ہے ور جسم میں ٹھنڈک سی پیدا کر دیتا ہے اس مناسبت سے اس کا نام اکسیر ٹھنڈک رکھا گیا ہے

اجزاء اور تیاری

جوکھار، نوشادر، پھٹکری بریاں، سہاگہ بریاں، تخم کاسنی، حجر الیہود، قلمی شورہ، سنگ سرماہی، دال کلتھی، ریوند چینی، تخم ترب اور کباب چینی تمام اجزاء ہموزن لے کر کوٹ کر چھان لیں اور تمام کو اچھی طرح ملا لیں کہ سب یکجان ہو جائیں

ترکیب استعمال

ایک ماشہ دوا 2 بجے دوپہر کچی لسی سے یعنی آدھا پاؤ دودھ میں ایک پاؤ پانی ملا کر اس میں نمک ملا لیں۔ یہی کچی لسی ہے اس سے دوا لے لیں

4# اکسیر احتلامی

کثرت احتلام یعنی رات کو سوتے میں منی کا نکل جانے کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

اجزاء:۔

اجوائن خراسانی 2 تولہ، بجیند 2 تولہ، سنبل الطیب 3 تولہ، کشنیز 3 تولہ، پوٹاشیم

بروومائیڈ 5 تولہ، تخم بھنگ 5 تولہ، تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان کر ملا لیں اور ایک ماشہ دوا رات کو سوتے وقت پانی سے لے لیں۔

#5 مولد منی

منی کو پیدا کرنے اور اس مرحلہ میں باقی ادویہ کے ساتھ معاون کی حیثیت رکھتی ہے۔

اجزاء

ہڑ، بیڑہ، آملہ، سونف، اجوائن، نمک سیاہ، نوشادر، میٹھا سوڈا، جوکھار، قلمی شورہ، سہاگہ بریاں، برگ پودینہ، سنا مکی، ہر ایک ایک ایک چھٹانک نمک آک آدھا تولہ، کافور 1 تولہ، ست پودینہ 1 تولہ، تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں اور اخر میں نمک آک، کافور، اور ست پودینہ ملا لیں اور محفوظ مرتبان میں ڈال کر محفوظ کر لیں خوراک ایک ماشہ دوا دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد پانی سے لے لیں۔

مردمی بکس کے مرحلہ اول کا خارجی علاج

طلاء آبلا انگیز:۔

عضو مخصوص سے تمام مواد فاسدہ کو ایک ہی رات میں خارج کر کے زبردست طاقت سے ہمکنار کرنیوالا لاجواب طلاء ہے اس سے مردہ رگوں میں از سر نو خون کی لہریں دوڑنا شروع ہو جاتی ہیں اور طاقت کا طوفان امڈ آتا ہے۔

اجزاء اور ترکیب تیاری

چربی شیر 2 تولہ، جمال گوٹہ 5 تولہ، چربی ریچھ 2 تولہ، مغز پستہ آڑھائی تولہ، چربی مینڈک 2 تولہ، ویزلین 2 تولہ اول جمال گوٹہ کو اور مغز پستہ کو اس قدر کھرل کریں کہ لیس پیدا ہو جائے تو بقیہ ادویہ بھی کھرل میں ڈال کر کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے تو کھلے منہ کی شیشی میں سنبھال رکھیں شیشی

پر ہاتھ سے طلاء آبلہ انگیز سخت زہر کا لیبل لگائیں اور بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں:۔

استعمال

جس دن آپ مردمی بکس کے مرحلہ اول کی خوردنی ادویہ استعمال کریں اسی دن یعنی مرحلہ اول کے پہلے ہی دن رات کو سوتے وقت تقریباً 4 رتی طلاء آبلہ انگیز عضو مخصوص پر اسطرح لگائیں کہ ایک رتی دوا کے حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں کہ طلاء جذب ہو جائے تو رتی اور مالش کریں کہ یہ بھی جذب ہو جائے اسی طرح تمام طلاء آبلہ جذب کروا دیں تو اوپر مومی شاپر کا ایک ٹکڑا رکھ کر اوپر پٹی باندھ دیں ٹھیک دو گھنٹے کے بعد یہ دوا اپنا اثر دکھائیگی جلن شروع ہو جائے جیسے جسم کے کسی حصے پر بھی گرم گرم اُبلتا ہوا دودھ یا گھی گر گیا ہو پہلے سے مطلع کر دیا گیا ہے کہ مریض گھبرا نہ جائے نوٹ دوران مرحلہ اول خوردنی ادویہ کے استعمال سے یہ ادویہ مثانہ اور گردے کو دھو کر گردے یا مثانہ میں کوئی پتھری ریت وغیرہ ہو تو اسے باہر نکال دیتی ہے پیشاب تیزی سے اور سفید رنگ کا آتا ہے تو سمجھ لیں کہ ادویہ آپ پر کام کر رہی ہیں اس مرحلہ کی ادویہ سے خواہشات میں کمی اور برین واش ہو کر خیالات میں کمی ہوگی گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے اس مرحلہ کا کام ہی یہی ہے۔

مردمی بکس کا مرحلہ دوئم

یہ مرحلہ بھی ہفتوں کا مغلظات یعنی اس مرحلہ میں تمام تر ادویہ منی کے غلیظ کرنے اور اسے بے اختیار یا بلا ارادہ نکلنے سے روکنے کے لئے منی کا خزانہ قائم کرنے کیلئے اور منی پیدائش کے علاوہ افزائش خون کے لئے خوردنی ادویہ میں اکسیر شبابینہ سفوف تغلیظ منی اکسیر حیات اکسیر ٹھنڈک نمبر 2 کشتہ نقرہ، در بھنگ ہفتہ اول میں کشتہ نقرہ مرکب ہفتہ دوئم میں سفوف تجیری شامل کورس ہے جبکہ مرحلہ دوئم کے خارجی علاج میں مرحلہ دوئم کے ہفتہ اول میں قیروطی خاص، عرف برقی ہٹی اور مرحلہ دوئم کے دوسرے ہفتہ میں طلاء مجلوق شامل کورس ہے۔

کشتہ نقرہ در بھنگ:۔

مقوی و باہ ہے منی کو گاڑھا کر کے جسم کی نشو و نما کرتا ہے مقوی دماغ و دل ہونے کی وجہ

انسان نہایت سکون محسوس کرتا ہے۔

اجزاء اور ترکیب تیاری:۔

ورق نقرہ 2 تولہ، آب برگ بھنگ 6 ماشہ ورق نقرہ کو کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا آب برگ بھنگ بھی ڈالتے جائیں یہاں تک کہ تمام آب برگ بھنگ ختم ہو جائے نہایت ہی پتلی پتلی ٹکیاں بنالیں اور 1/2 1 سیر بھنگ کے نغدہ میں لپیٹ کر کلیہ میں گل حکمت کر کے 20 سیر اوپلوں کی محفوظ آگ دیں سرد ہونے پر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال:۔

ایک رتی دوا صبح 10 بجے مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر نگل لیں یہ مرحلہ دوئم کے ہفتہ اول میں استعمال کرنا ہے جبکہ مرحلہ دوئم کے ہفتہ دوئم میں کشتہ نقرہ مرکب استعمال کرنا ہے۔

کشتہ نقرہ مرکب:۔

مقوی اعضاء رئیسہ ہے دل دماغ جگر پھیپھڑے سب کو تقویت پہنچا کر انسانی جسم کو نہایت آرام و سکون پہنچاتا ہے

اجزاء اور تیاری:۔

ورق نقرہ 2 تولہ، یاقوت رمانی 1 تولہ، زمرد سبز 1 تولہ، سچے موتی 6 ماشہ، قلب الجر 1 تولہ، پوست بیضہ مرغ مصفی 1 تولہ، تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر ایک پاؤ روح گلاب سے کھرل کریں جب تمام روح گلاب ختم ہو جائے تو نہایت ہی پتلی پتلی ٹکیاں بنالیں اور سیر تازہ گلاب کے نغدہ میں لپیٹ کر 20 سیر اوپلوں کی محفوظ الیوا آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر ادویہ نکال کر کھرل میں ڈال کر کھرل کریں اور روح گلاب 5 تولہ میں زعفران 1 ماشہ، مشک 1 رتی، عنبر 1 رتی

بھگوکراس محلول سے ادویہ کو کھرل کریں خشک ہونے پر شیشی میں محفوظ کرلیں اوراوپر کشتہ نقرہ مرکب کا لیبل لگادیں۔

استعمال:۔

مردی بکس کے مرحلہ دوئم کے دوسرے ہفتہ میں صبح 10 بجے ایک رتی دوا لبوب کبیر میں لپیٹ کرنگل لیں اوپر سے دودھ پی لیں۔

سفوف تبجیری اجزاء:۔

فوائداور ترکیب تیاری مرحلہ اول میں ملاحظہ فرمائیں

اکسیر ٹھنڈک:۔

یہ اکسیر گرم مزاج والوں کیلئے آب حیات ہے سارے جسم سے زائد گرمی کو زائل کرکے ہاتھ کی ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلوؤں کی جلن کو زائل کرتی ہے پنڈلیوں کے درد بوجہ گرمی وضیعف باہ ختم کرکے نہایت سکون واطمینان بخشتی ہے مقوی دل ودماغ ہے یہ دوا مرحلہ دوئم کے ہفتہ میں استعمال کرنی ہے۔

اجزاء

کشنیز 2 تولہ، تخم خرفہ 3 تولہ، تخم کاہو 2 تولہ، ورق نقرہ 1 تولہ، برگ بھنگ 3 تولہ، کشتہ قلعی در بھنگ 1 تولہ، تخم بھنگ 3 تولہ اول ورق نقرہ اور تخم خرفہ کو کھرل میں ڈال کراتنا کھرل کریں کہ ورق نقرہ ناپید ہوجائیں تو بقیہ ادویہ بھی کوٹ کرشامل کھرل کرلیں اور آخر میں مصری کوزہ 6 تولہ شامل کرکے کھرل کریں یکجان ہوجائے ایک گرام دوا، اکسیر ٹھنڈک #2 دوبجے دوپہر پانی سے لے لیں۔

اکسیر شبابینہ

بدن کو تروتازہ کرنے میں اپنی مثال آپ ہے خون کی کمی کو دور کرکے جسم کو خون سے بھرپوراور عام کمزوری کیلئے ایک بہترین شہ ہے دل ودماغ کو تقویت پہنچاکر جسم کو تروتازہ کرتی ہے

اکسیر شبابینہ کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء:۔

زعفران 1 ماشہ، دارچینی 1 تولہ، جائیفل 1 تولہ جاوتیر 1 تولہ، عقرقرحا 1 تولہ، کشتہ فولاد فروٹ والا 2 تولہ، کشتہ بیضہ مرغ 1 تولہ، تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں ایک گرام دوا شام 5 بجے نیم گرم دودھ سے لیں۔

سفوف تغلیظ منی

منی کی افزائش اور اسے گاڑھا کر کے قدرتی امساک پیدا کرتا ہے کمزور سے کمزور منی گاڑھی اور طاقتور ہو کر اولاد کی تولید کے قابل ہو جاتی ہے الغرض سفوف تغلیظ منی اس کورس کر مایہ ناز ادویہ میں سے ایک ہے۔

اجزاء:۔

موصلی سفید، ثعلب مصری، ثعلب پنجہ، شقاقل مصری، گوند ببول، کمرکش، تخم کونچ، ہر ایک ایک چھٹانک کوزہ کمصری 10 تولہ ورق نقرہ 15 عدد تمام ادویہ کوٹ کر چھان لیں اور ورق نقرہ بھی شامل کر لیں، رات کو سوتے وقت تین ماشہ دوا دودھ سے لے لیں۔

اکسیر حیات فورد:۔

یہ ایک مایہ ناز نسخہ ہے یہ بیاض مہتاب کے انمول موتیوں میں سے ایک موتی ہیا صل نسخہ اکسیر حیات منفرد طور پر اس بیاض مہتاب میں آگے چل کر تحریر ہو گا منی سے متعلق تمام فوئد اس میں پنہاں ہیں اکسیر حیات فورد کے اجزاء ملاحظہ فرمائیں

اجزاء:۔

ثعلب مصری ایک چھٹانک، ثعلب پنجہ ایک چھٹانک، موصلی سفید ایک چھٹانک تخم کونچ ایک چھٹانک لاجونتی آدھا پاؤ، گوند ببول آدھا پاؤ، گوند ڈھاک ایک چھٹانک، کشتہ قلعی در بھنگ

2 تولہ، کشتہ صدف 2 تولہ، کشتہ بیضہ مرغ 5 تولہ، کشتہ نقرہ در بھنگ 6 ماشہ، کوزہ مصری تین چھٹانک ورق نقرہ 20 عدد تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں اور بعد میں برادہ صندل سفید 3 تولہ، اور الائچی خورد 2 تولہ بھی کوٹ کر شامل کر لیں کشتہ جات بھی شامل کر کے یکجان کر لیں تین ماشہ دوا صبح نہار منہ دودھ سے لیں۔

مردمی بکس کا مرحلہ دوئم کا خارجی علاج

مردمی بکس کے مرحلہ دوئم کے خارجی علاج میں دوا ادویہ شامل کورس ہیں

(۱) قیروطی خاص عرف برقی پٹی (۲) طلاء مجلوق

قیروطی خاص عرف برقی پٹی:۔

عضو مخصوص کے تمام نقائص کو دور کر کے نئی روح پھونکتی ہے خاص طور ہر عضو کے ٹیڑھے پن کو دور کرنے کیلئے نہایت ہی موزوں اور موثر دوا ہے۔

اجزاء اور ترکیب تیاری:۔

پٹیا جو لمبائی میں 4 انچ اور چوڑائی میں 1 انچ ہوں حسب ضرورت کاٹ لیں اور ایک کڑاہی میں موم سفید 3 تولہ چربی ریچھ 2 تولہ، چربی بلخ 2 تولہ، روغن سانڈہ 1 تولہ، روغن سم الفار 1 تولہ روغن بیضہ مرغ 1 تولہ ڈال کر ہلکی آگ پر رکھیں جب تمام ادویہ پگھل کر یکجان ہو جائیں تو یہ پٹیاں بھی اس میں ڈبو دیں اور کڑاہی کو آگ سے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر انھیں ایک شاپر میں محفوظ کر لیں یہ قیروطی مرحلہ دوئم کے ہفتہ اول میں ایک پٹی روزانہ رات کو سوتے وقت عضو پر رکھ کر اوپر مومی شاپر کا ٹکڑا رکھ کر اوپر باندھ دیں ساری رات انتشار سے قرار رہے گی کوئی غلط حرکت نہیں کرنی صبح کو پٹی کھول دیں اور نماز کے لیے استنجا گرم پانی سے کریں یہ سات دن کرنا ہے

طلاء مجلوق:۔

طلاء مجلوق مردمی بکس کے مرحلہ دوئم کر دوسرے ہفتہ میں استعمال ہوتا ہے زیادہ تعریف

لے پل باندھنے کی بجائے میں اس طلاء کے بارے میں صرف یہی عرض کر سکتا ہوں کہ طلاء مجلوق

مجلوق کیلئے آب حیات سے کم نہیں

اجزاءاور ترکیب تیاری

رسکپور 1 تولہ، مغز صبہ 1 تولہ، افیون 1 تولہ، مالکنگنی 1 تولہ، تخ، جوز مائل 1 تولہ، بیج کیز سفید، روغن سانڈہ شنگرف رومی، سم انار ہر ایک ایک تولہ روغن 1/2 کلو، زردی بیضہ مرغ دیسی 12 عدد، شیر آک 1 پاؤ، شیر تھوہر 1/2 پاؤ آب برگ پان ایک چھٹانک آب برگ ارنڈ 1/2 پاؤ، کوٹنے والی ادویہ کو درد کوٹ کر ایک پرانت میں ڈال دیں اور اوپر دونوں شیر اور دونوں آب ڈال کر رکھدے کہ ادویہ میں جذب ہوجائے تو روغن کنجد کڑاہی میں ڈال کر آگ پر چڑھا دیں اور زردی بیضہ مرغ اس میں دال دیں جب تمام زردی جل کر سیاہ ہو جائے تو بقیہ ادویہ بھی کڑاہی میں ڈال کر اتنا پکائیں کہ تمام ادویہ جل کر کوئلہ بن جائیں تو کڑاہی کو نیچے اتار لیں ٹھنڈا ہونے پر تیل کو چھان لیں اور کسی شیشی میں محفوظ کر لیں یہی طلاء مجلوق ہے رات کو سوتے وقت تین سے چار قطرے عضو مخصوص پر ڈالدیں اور ہاتھ سے مالش کریں جذب ہونے پر برگ پان ہلکا سا گرم کر کے عضو پر رکھ کر اوپر پٹی باندھ دیں صبح کو کھول دیں نماز ضرور پڑھیں، استنجا کیلئے پانی گرم استعمال کریں۔

مردمی بکس کا مرحلہ دوئم

یہ مرحلہ یعنی مردمی بکس کا مرحلہ سوئم تمام محرک باہ ادویہ پر مشتمل ہے اس مرحلہ میں خوردنی ادویہ میں سفوف مغلظ منی اکسیر حیات اکسیر شباب، حبوب شاہی، کشتہ مرکب نمبر ۲ جس میں سونا چاندی زمرد مرجان شنگرف مروارید سم انار وغیرہ شامل ہیں اس کے علاوہ اکسیر الباہ جیسی مایہ ناز دویہ باہ کو مستعد کرنے کیلئے اپنا ثانی نہیں رکھنے میں شامل مردمی بکس ہیں جبکہ مردمی بکس مرحلہ سوئم کے خارجی علاج میں طلاء مقوی الباہ اور طلاء مردمی شامل ہیں۔

صبوب شاہی

خواہش جماع اکسانے پر اس کا مقابلہ کوئی نسخہ نہیں کر سکتا دودھ گھی مکھن سب ہضم ہو کر جسم کی ناطاقتی و کمزوری دور ہو جاتی ہے کثرت مباشرت اور غلط کاریوں سے تباہ حال مردوں میں نئی روح پھونک دیتی ہے حرام مغز میں تحریک پیدا ہو جانے کی وجہ سے قوت باہ میں ہیجان پیدا ہو جاتا ہے تجربہ پر خود بخود اس کی خوبیاں معلوم ہوں گی۔

اجزاء ترکیب تیاری

مروارید، زمرد، یاقوت، سلاجیت، شاخ مرجان لاجورد، زعفران ہر ایک ایک تولہ کشتہ شنگرف خاص جو کہ روغن زرد ملکنگنی اور شہد میں تیار شدہ 1 تولہ ورق طلاء 20 عدد ورق نقرہ ایک دستی، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ صرف، کشتہ عقیق ایک ایک تولہ، عنبر 4 رتی مشک 2 رتی مند بید ستر 1 تولہ، ریگ ماہی 1 تولہ عقر قرما 2 تولہ، افیون 2 تولہ، روح کیوڑہ دس تولہ روح گلاب دس تولہ روح گلاب دونوں کو ایک پیالے میں ڈال دیں اور اس میں سلاجیت شعفران مشک عنبر افیون بھگو دیں کہ سب حل ہو جائیں کوٹنے والی ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں اور تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں اور مشک عنبر والا محلول قطرہ قطرہ ڈالدیں اور کھرل کریں یہاں تک کہ تمام محلول ختم ہو جائے تو دیسی مرغی کے انڈوں کی زردیاں 10 عدد ڈالدین اتنا کھرل کریں کہ حبوب بنانے کے قابل ہو جائیں گو دانہ نخود کے برابر حبوب تیار کر لیں اور خشک ہونے پر محفوظ کر لیں روزانہ شام 5 بجے دودھ سے استعمال کریں

کشتہ مرکب (سونا)

مردانہ منی کے مردہ جراثیم کو دوبارہ زندہ کرنے اور کمزور و ناتواں کا طاقتور بنانے کیلئے نہایت ہی موزوں ہے اس کے استعمال سے مرد اولاد کے قابل ہو جاتا ہے بہت سے مرد جو کہ اولاد جیسی نعمت سے محروم تھے بفضل تعالیٰ نعمت سے مالا مال ہوئے

اجزاء

ورق طلاء 6 ماشہ، کشتہ زمرد 6 ماشہ، کشتہ نقرہ 6 ماشہ، کشتہ مرجان 6 ماشہ، کشتہ شنگرف خاص 6 ماشہ، تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر 1/2 1 پاؤ عرق گلاب میں کھرل کریں جب ٹکیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو پتلی پتلی ٹکیاں بنا کر آدھ سیر گلاب کے نغدہ میں دے کر 20 سیر اوپلوں کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر کھرل کر کے محفوظ کر لیں ایک رتی دوا صبح 10 بجے لبوب کبیر 1 تولہ میں لپیٹ کر نگل لیں اوپر سے دودھ پی لیں

اکسیرالباہ

عرصہ دراز سے یہ اکسیر آزمائش میں چلتی آرہی ہے نہایت ہی مفید ہونے کے سبب ایک ہی ہفتہ میں طاقت کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر جسے سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے قوت عظیم پیدا کر کے رنگ کو مانند انار بنا دیتا ہے اس کی تعریف اس کے نسخہ کے اجزاء سے ہی معلوم ہو جاتی ہے

اجزاء

سیماب 1 تولہ، رسکپور 1 تولہ، داچکنا 1 تولہ، کبریت 1 تولہ، شنگرف رومی 1 تولہ، سم الفار سفید 1 تولہ پہلے صرف سیماب اور گندھک آملہ سارے کو کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ دونوں کی سیاہ کجلی بن جائے پھر بقیہ ادویہ ڈال کر کھرل کریں ساتھ ہی 21 عدد دیسی مرغی کے انڈوں کی زردیاں ایک ایک کر کے ڈال کر کھرل کریں یہاں تک کہ تمام انڈوں کی زردیاں ختم ہو جائیں اور دوا لیوی سے بن جائے تو انڈوں کے خالی پوستوں میں ڈال کر اوپر دوسرے خالی انڈے کا چھلکا چڑھائیں دیں اور اوپر آردباقلہ یعنی دال ماش کے آٹے لیپ کر دیں اور اوپر مٹی میں روئی ملی سے گل حکمت کر کے ایک ہانڈی جس میں چھ سیر ریت آتی ہو اس کو نصف تک ریت سے بھر دیں اوپر ادویہ والے انڈے رکھ دیں اور باقی ہانڈی کو بھی ریت سے بھر دیں ہانڈی کو چولہے پر چڑھا کر دو چوبی آگ جلائیں 24 گھنٹے کے بعد آگ جلانی بند کر دیں جب آگ

خود بخود ٹھنڈی ہو جائے تو تین چار دن کے بعد ہانڈی سے انڈے نکال کر انڈے سے دوا نکال کر جو کہ سیاہ رنگ کی ہوگی کھرل کر کے بحفاظت نگاہ رکھیں ایک رتی دوا ایک تولہ لبوب کبیر میں لپیٹ کر نگل لیں اوپر سے دودھ پی لیں۔

سفوف مغلظ منی

منی کے تمام تر نقائص کو دور کر کے جسم میں منی کی تھیلیوں کو بھر دیتی ہے۔

اجزاء

گوند ببول ایک چھٹانک، کمرکس، ایک چھٹانک، تخم کونچ ایک چھٹانک، لاجونتی 1/2 پاؤ، کشتہ بعضہ مرغ 3 تولہ، کشتہ قلعی در بھنگ 3 تولہ، کشتہ صدف 3 تولہ، موصلی سفید ایک چھٹانک لیں کشتہ جات بھی ملا لیں اور کوزہ مصری ایک پاؤ ڈال کر ورق نقرہ بھی شامل کر کے مرتبان میں محفوظ کر لیں اور رات کو سوتے وقت یہ دوا ایک گرام دودھ سے لے لیں۔

اکسیر حیات اجزاء

ترکیب تیاری مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرمائیں

سفوف تجیری اجزاء اور ترکیب تیاری مرحلہ اول میں ملاحظہ فرمائیں دوران استعمال ادویہ مرحلہ سوئم میں دودھ گھی مکھن مغز بادام پستہ اور دیگر گرم تر اشیاء کا خوب استعمال کریں جس قدر خوراک کھاؤ گے اسی قدر فوائد حاصل ہونگے

مردمی بکس کے مرحلہ سوئم کا خارجی علاج

مرحلہ سوئم کے خارجی علاج میں دو اطلیہ شامل ہیں دونوں اپنی نوعیت کے بے مثل طلاء ہیں اطلاء مقوی الباہ اور طلاء مردمی دونوں ہی مخصوص تجربات میں سے ہیں جن کی بے پناہ افادیت کی بناء پر مردمی بکس میں شامل کئے گئے ہیں طلاء مقوی الباہ ہے کیا؟ اس کے فوائد کیا ہیں۔

طلاء مقوی الباہ

اس کے چند روزہ استعمال سے ہی عضو مخصوص کے تمام نقائص مثلاً کجی، لاغری وغیرہ رفع ہو کر قوت مردی تمام وکمال حاصل ہو جاتی ہے سینکڑوں تجربات کے بعد یہ نسخہ عمل میں لایا گیا ہے اس کے استعمال سے دوسرے یا تیسرے ہی دن اس قدر قوت مردی پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ حضرات جو کہ کمزوری کی بناہ پر فریق ثانی سے چوہوں کیطرح چھپتے ہوتے تھے اس کے استعمال سے شیر نر کیطرح گھریلو زندگی گزار رہے ہیں۔

اجزاء اور ترکیب تیاری

بچھاگ تیلہ، بچھاگ دودھیہ، رسکپور، سم الفار، تخم کتائی، خوردبخ، بیخ کنیر سفید، بیر بوٹی، خراطین، جونک ہر ایک تین تین تولہ تہہ ماہی رہو چار عدد، سانڈے بڑے الائش سے پاک کچھا کم از کم 2 کلو تمام ادویہ کو کوٹ کر دردرا کر لیں اور ایک پرانت میں تمام ادویہ سانڈوں اور کچھوے کے ڈال کر اور روغن کنجد ڈال دیں چھ گھنٹوں کے بعد تمام ادویہ کو ایک روغن ہانڈی جس میں یہ سب آجائیں کے پیندے میں چھ سے آٹھ تک سوراخ کر لیں اور ان سوراخوں میں اسٹیل وائر لگا کر تمام ادویہ اس ہانڈی میں ڈالدیں اور سرپوش دے کر گل حکمت کر لیں اب ایک گڑھا کھود کر ہانڈی کا پیندا اس میں آجائے گڑھے کو پانی سے خوب تر کر دیں اور اس میں ایک پیالہ رکھدیں اور اوپر ہانڈی رکھکر گڑھے اور ہانڈی کے پیندے کو ہلکا سا لیپ کر دیں کہ کوئی چنگاری گڑھے میں نہ چلی جائے ہانڈی کو احتیاط سے ہٹائیں اور اندر سے پیالہ نکالیں انشاءاللہ پیالہ میں تیل ملے گا یہی تیل الباہ ہے۔ رات کو سوتے وقت تین سے چار قطرے عضو مخصوص پر ڈال کر ہلکے ہاتھ سے مالش کرکے اوپر برگپان ہلکا سا گرم کرکے عضو پر رکھکر اوپر پٹی باندھ دیں نماز کو ہاتھ سے نہ جانے دیں لہذا صبح پٹی کھول کر نماز کے لئے استنجا چاہے سردی ہو یا گرمی ہو گرم پانی سے کریں ٹھنڈا پانی ہرگز نہ لگائیں طلاء مقوی الباہ مرحلہ سوئم کے خارجی علاج میں ہفتہ اول میں استعمال ہوتا ہے۔

طلاء مردمی:۔

نہایت سریع الاثر اور کامیاب منتخب نسخہ ہے عموماً تین چار روز کے استعمال سے ہی کامیابی ہو جاتی سریع الاثر اس قدر ہے کہ پہلے دن سے قوت خاص بے قرار کر دیتی ہے الغرض کمزور مریض کے جملہ نقائص کو نہایت کامیابی سے رفع کر کے خوشحال گھریلو ماحول کی ضمانت دیتا ہے یہ طلاء مردمی بکس کے خارجی علاج میں ہفتہ دوئم میں استعمال ہوتا ہے۔

اجزاء اور ترکیب:۔

سم الفار سفید ایک تولہ، سم الفار سیاہ ایک تولہ، سم الفار زرد ایک تولہ، سم الفار سرخ ایک تولہ، دار چکنہ، شنگرف، رسکپور ہر ایک چار چار تولہ سانڈے بڑے سائز کے چار عدد دار چکنہ شنگرف رسکپور کو کھرل میں ڈال کر کھرل کر لیں اور ان کے چار حصہ ان تینوں ادویہ کا سانڈے کے پیٹ میں بھر کر سی دیں اس طرح باقی تین سانڈوں کے پیٹ میں بھر کر سی دیں اب ایک روغن ہانڈی جس میں پیندے میں 5 سے 7 سوراخ کر کے ان سوراخوں میں سٹیل وائر لگا دیں ہانڈی میں چاروں سانڈے اسطرح رکھیں کہ + کا نشان بن جائے تو ان کے اوپر مالکنگنی 1/2 کلو کنجد 1/2 عقرقرحا 10 تولہ، قرنفل ایک چھٹانک، دار چینی 1/2 پاؤ ہلکی سی چوٹ لگا کر دردرا کر لیں اور ڈالدیں سانڈوں کے اوپر ڈالدیں اور اوپر سے 1/2 کلو روغن کنجد بھی ڈالدیں اور ہانڈی کو گل حکمت کر کے بطریق طلاء مقوی الباہ کے روغن کشید کریں طریقہ استعمال تین یا چار قطرے حشفہ اور سیون بچا کر ہلکے ہاتھ سے مالش کریں اور جذب کے بعد برگ پان ہلکا سا گرم کر کے عضو پر لپیٹ کر اوپر پٹی باندھ دیں صبح کو کھول دیں نماز کو ہاتھ سے نہ جانے دیں نماز کے لیے استنجا گرم پانی سے کریں ٹھنڈا پانی ہرگز عضو مخصوص پر نہ لگائیں۔

اپیل:۔

اتنی اچھی کتاب آپ کے ہاتھ میں ہے اسکے صلہ میں میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین دفعہ سورۃ اخلاص پڑھ کر محترم زوجہ حکیم حاجی مہتاب حسین کی روح کو اس کا ثواب ایصال کر کے مشکوریت کا موقع دیں شکریہ۔

بھروسہ کیپسولز

قارئین کرام یہ وہی کیپسولز ہیں جس کے اشتہارات آپ نے مختلف طبی جرائد میں اِن لفاظ میں پڑھے ہوں گے۔

اشتہار بھروسہ کیپسولز:۔

قیمتی اجزاء پر مشتمل بھروسہ کیپسولز، سرعت انزال کو دور کر کے امساک پیدا کرتے ہیں ان کے استعمال سے مرجھائے ہوئے چہرے بہار کی نوخیز کلی کیطرح شگفتہ ہو جاتے ہیں، وقت پر شرمندگی اُٹھانے والے نوجوان اپنا کھویا ہوا وقار پھر سے حاصل کر سکتے ہیں، خون وافر مقدار میں پیدا ہو کر چہرہ مانند انار بن جاتا ہے۔ بے حد ممسک اور مقوی باہ ہونے کی وجہ سے دونوں فریق لذت محسوس کرتے ہیں، منی کا فوراً اخراج ختم ہو کر وظیفہ زوجیت طویل ہو جاتا ہے، عضو خاص کی مردہ رگوں میں سختی پیدا ہو کر مرد کو مردی قوت حاصل ہوتی ہے، قوت باہ کا لاثانی تحفہ ہے، یہ تھا بھروسہ کیپسولز کا اشتہار آیئے ذیل میں بھروسہ کیپسولز کا نسخہ ملاحظہ فرما دیں۔

اجزاء:۔ سیماب مصفیٰ آڑھائی تولہ، گندھک آملہ سار آڑھائی تولہ، کچلہ مدبر آڑھائی تولہ، افیون 2 تولہ، کشتہ فولاد فروٹ والا آڑھائی تولہ، عنبر 4 رتی، زعفران 6 ماشہ، دیسی مرغ کے کپورے کا جوہر آڑھائی تولہ، کشتہ شنگرف خاص جو کہ روغن زرد مالکنگنی اور شہد میں تیار شدہ ہو یا 2 تولہ کشتہ سم الفار سفید 2 تولہ، سلاجیت اصلی آڑھائی تولہ، کشتہ زمرد 2 تولہ، کشتہ مرجان 2 تولہ، کشتہ بیضہ مرغ آڑھائی تولہ، کشتہ صدف 2 تولہ، پہلے سیماب اور گندھک آملہ سار کو کھرل میں ڈال کر اسقدر کھرل کریں کہ سیماب اپنی چمک کھو بیٹھے اور کجلی تیار ہو جائیں اور مذکورہ ادویہ کو ڈال کر دو گھنٹے کھرل کریں اسی طرح دوسری دوا ڈال کر دو گھنٹے کھرل کریں اس طرح تمام ادویہ یکے بعد دیگرے کھرل کر کے تین تین رتی کے کیپسولز بھر لیں، طریقہ استعمال۔ روزانہ ایک کیپسول دودھ کے لئے ہے امساک کے لئے ایک کیپسول شام 5 بجے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

پندرہ روزہ سہاگ ملن کورس

اس کورس میں تین ادویہ خوردنی اور دو ادویہ خارجی علاج کے طور پر شامل کورس ہے خوردنی ادویہ میں I ملن کیپسولز II سفوف تبخیری III سفوف ملن شامل کورس ہیں جبکہ خارجی علاج میں قیر وطی خاص عرف برقی پٹی اور طلاء مقوی الباہ شامل کورس ہیں۔

سہاگ ملن کورس کی خوردنی مجربات:۔

نمبر 1۔ ملن کیپسولز۔ قارئن اکرام ملن کیپسولز میں کچھ اجزاء ہومیو پیتھک سے اور کچھ اجزاء بیاض مہتاب سے لے کر دونوں کے حسین امتزاج یعنی ملاپ سے ایک شاندار تخلیق جس کا نام میں نے ملن کیپسولز رکھا ہے۔ ملن کیپسولز میں شامل اجزاء کے خواص و فوائد کو مد نظر رکھتے ہوئے میں یہ تحریر کرنے میں حق بجانب ہوں گا کہ۔

ملن کیپسولز قوت مردانہ کے لئے انتہائی مؤثر ترین دوا ہے جو جنسی کمزوری نامردی، احتلام، جریان، سرعت انزال اور قوت مردانہ کے لئے بہترین دوا ہے وہ انگریزی کی ایک کہاوت ہے ''فرسٹ ایمپریشن از دی لاسٹ ایمپریشن۔

I: اگر آپ اپنی ازدواجی زندگی سے لطف اندوز ہونا چاہتے ہیں۔ II اگر آپ فریق ثانی کی رعنائیوں کو اُجاگر کرنا چاہتے ہیں۔ III اگر آپ اُمنگ عیش اور بھرپور جوانی چاہتے ہیں تو ملن کیپسولز آپ کے بہترین ساتھی ہیں۔ جو آپ کے خوابوں کی حقیقی تعبیریں ملن کیپسولز کے استعمال سے مخصوص وقت کی شرمندگی اور ندامت سے نجات دلاتی ہے۔ ملن کیپسولز کے استعمال سے اتنی طاقت توانائی اور رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے جو آپ کی سوچ سے بھی بالاتر ہے۔ ملن کیپسولز کے استعمال سے جنسی بے اعتدالی، سرعت انزال، جریان، کثرت احتلام جیسے امراض کا خاتمہ کر کے جنسی اہلیت کے قابل بناتے ہیں، ملن کیپسولز کے استعمال نہ صرف اعضاء مخصوصہ کی قوت کو بحال کرتے ہیں بلکہ اعضاء رئیسہ دل، جگر، گردے، دماغ کو تقویت پہنچا کر مردانہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرنا اس کا معمولی سا فعل ہے۔ احتلام جریان کیوجہ سے کمزوری اور نامکمل ایستادگی کو بحال کرتے

ہیں۔ یہ تمام فوائد میں نے ملن کیپسولز میں شامل اجزاء کے فوائد کو مدنظر رکھ کر تحریر کیے ہیں، کوئی بھی حکیم یا ہومیو ڈاکٹر ملن کیپسولز میں شامل اجزاء کا مطالعہ کرنے کے بعد ملن کیپسولز کے فوائد سے منحرف نہیں ہوسکتا۔ اٹھارہ سالہ نوجوان سے لے کر ستر سالہ بوڑھے تک یکساں مفید ہیں۔ ملن کیپسولز اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمادی۔ اجزاء میں میں پہلے ہومیو پیتھک کی ادویہ تحریر کرونگا۔

	نام ادویہ	پوٹنسی	مقدار		نام ادویہ	پوٹنسی	مقدار
I	ڈامیانہ	1000	30ml	II	یوہمبیم	1000	30ml
III	جنسنگ	1000	30ml	VI	ابرا	1000	30ml
V	الفلفا	1000	30ml				

ہومیو پیتھک کی تمام ادویہ ساختہ جرمنی نمبر 1۔ سیلڈ اور اچھی کمپنی کی ہونی چاہیے۔ تمام ادویہ کو کھول کر ایک بڑی بوتل میں ڈالدیں اور مضبوط ڈھکن لگا کر رکھدیں۔ کیونکہ یہ ادویہ اُڑنے کی خاصیت رکھتی ہیں۔

اب طب یونانی کے شاہکار اجزاء ملاحظہ فرمادیں۔ اجزاء۔ سم الفار سفید 1 تولہ ،افیون 2 تولہ، زعفران 6 ماشہ عنبر 4 رتی، مشک دو رتی، گلیسرین خوردنی 6 تولہ۔ ورق نقرہ کلاں سائز دو، دستی، ورق طلاء کلاں سائز 15 عدد تیزاب نمک 5 تولہ۔ ایتھائیل الکوحل جو کہ ہومیو پیتھک دواسازی میں استعمال ہوتی ہے 250ml۔ طب یونانی کے اجزاء میں سم الفار افیون اور زعفران کو تام چینی کی پیالی یا کپ میں گلیسرین ڈالدیں اور گلیسرین میں یہ اجزاء ڈالدیں اور ہلکی آنچ پر پکائیں کہ تمام اجزاء گلیسرین میں حل ہوجائیں۔

ورق نقرہ دونوں کو ڈال کر کچھ دن رکھدیں دونوں ورقیات اس میں حل ہوجائیں گے یہ محلول سونا چاندی بن جائے گا یہ محلول سونا چاندی اور محلول گلیسرین بمع ادویہ کے ان سب کو ایتھائیل الکوحل والی شیشی میں ڈالدیں اور ساتھ ہی مشک اور عنبر بھی ڈالدیں ایک ہفتہ تک پڑا رہنے دیں، ایک ہفتہ کے بعد شیشی میں ادویہ کو ملائیں اور ایک دیگچی میں پانی ڈال کر آگ پر رکھیں،

جب پانی میں اُبال آجائے تو دواؤں والی شیشی اس پانی میں ڈالدیں کہ تمام اجزاء اس الکوحل میں حل ہو جائیں تو اس محلول کو فلٹر کرلیں اب اس محلول میں ہومیو پیتھک والی تمام ادویہ ملالیں اور خوب اچھی طرح حل کرلیں یہ ملن محلول تیار ہو گیا۔ ہومیو ڈسکٹ یعنی خالی گولیاں لے کر ہومیو پیتھک طریقہ سے ان گولیوں کو بھرلیں اور کھرل میں ڈال کر ملک شوکر 50 گرام بھی ڈال کر کھرل کرلیں اور کھلی چھوڑ دیں کہ الکوحل اُڑ جائے تو درمیانہ سائز کے کیپسولز بھرلیں اور خوبصورت شیشی میں ملن کیپسولز کا لیبل لگادیں، استعمال ایک کیپسول صبح 10 بجے اور ایک کیپسول شام 5 بجے دودھ سے استعمال کریں، امساک کے کیپسول کھانے کے بعد کھانا اور کھٹی اور نمکین اشیاء سے پرہیز کریں اگر بھوک محسوس ہو تو دودھ میں گھی ڈال کر پی لیں یا دودھ میں انڈا دیسی مرغی کا ڈال کر پی لیں، ملن کیپسولز کے اجزاء، جزو بدن ہو کر عام جسمانی اور جنسی کمزوری کو دور کر کے بدن کو چشت وچالاک کر کے قوت مردمی میں نہایت ہی اضافہ کرتے ہیں، خود بنائیں اگر بنانے میں وقت محسوس کرتے ہیں تو ہم سے طلب فرماویں۔

نمبر 2۔ سہاگ ملن کورس کی دوسری خوردنی دوا۔ ملن سفوف، موصلی سفید، ثعلب مصری، ثعلب پنجہ، گوند ببول، بہمن سفید، خصیۃ الثعلب، موصلی سنبول عقرقرحا ہر ایک پانچ پانچ تولہ کوزہ مصری 10 تولہ، کشتہ صدف 2 تولہ کشتہ بیضہ مرغ 2 تولہ، تمام کوٹنے والی ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں مصری اور کشتہ جات بھی شامل کرلیں اور ورق نقرہ 10 عدد شامل کرلیں، تین گرام ملن سفوف رات کو سوتے وقت اور تین گرام ملین سفوف صبح نہار منہ دودھ سے استعمال کریں۔

نمبر 3۔ سفوف تبخیری:۔ اجزاء: اور ترکیب تیاری مردمی بکس کے مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

سہاگ ملن کورس کا خارجی علاج

کیونکہ یہ کورس پندرہ دن پر محیط ہے۔ اس لئے اس میں دو ہفتے آتے ہیں ہفتہ اوّل میں قیروطی خاص عرف برقی پٹی اور دوسرے ہفتہ میں طلاء مقوی الباہ استعمال ہوتا ہے۔

تیرو طلی خاص عرف برقی پٹی:-

مردمی بکس کے خارجی علاج میں مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرمادیں۔

طلاء مقوی الباہ:-

مردمی بکس مرحلہ سوئم کے خارجی علاج میں ملاحظہ فرمادیں۔

اکسیر اسرار الباہ

اکسیر اسرار الباہ ایک ایسی اکسیر ہے جو ضائع شدہ طاقت بدنی اور مردانہ کمزوری کو از سر نو بحال کر کے تن بے جان میں روح زندگی دوڑا دیتی ہے۔ ایک مفید ترین مقوی باہ دوا میں جس قدر اوصاف ضروری ہیں۔ بلاشبہ وہ سب اکسیر اسرار الباہ میں موجود ہیں، ضعف باہ کے مریضوں اور باہ انگیز دواؤں کے شائقینوں کے لئے واقعی آب حیات ہے۔ ضعف اعصاب، ضعف اعضائے رئیسہ اور کمزوری کے لئے عجیب شے ہے۔ مدت سے مطب میں چلا آرہا ہے۔ سو فیصد اکسیر کہلانے کی مقدار ہے۔ حرارت عزیزی کو برانگیختہ اور خون کافی مقدار میں پیدا کرتی ہے۔ بدن کو طاقت بخشتی ہے۔ ایسے کمزور حضرات جن کو شہوت کم آتی ہو اور زیادہ خراب ہو چکے ہوں وہ اسرار الباہ سے بفضلِ تعالیٰ کامیاب و کامرن ہو سکتے ہیں اس اکسیر کے اجزاء کے فوائد کو مد نظر رکھ کر یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ اس کے استعمال سے دودھ گھی مکھن اور دیگر طاقتور غذائیں جزو بدن ہو کر خون وافر مقدار میں پیدا ہوتا ہے اور بدن سرخ طاقتور اور بارونق ہو جاتا ہے۔ قوت مردانہ کما حقہ پیدا ہو جاتی ہے۔ سینکڑوں مریضوں پر تجربہ کی جاچکی ہے۔ ہر مطب میں اس کا ہونا ضروری ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمادیں۔

اجزاء:۔ هوالشافی:۔ ہڑتال ورقیہ اعلیٰ قسم 1 تولہ، سیماب مصفیٰ جو کہ روڑوں میں رگڑ کر صاف کیا گیا ہو 1 تولہ۔ سم الفار سفید اندر کو بلوری حصہ 1 تولہ۔ شنگرف رومی 1 تولہ رسکپور 1 تولہ۔ دار چکنا 1 تولہ۔ آب برگ پان 1 پاؤ۔ آب پیاز سفید 1 پاؤ۔

شیر مدار 1 چھٹانک۔ شیر تھوہر ایک چھٹانک۔ دیسی مرغی کے انڈوں کی زردی 4 عدد

ترکیب تیاری:۔ اوّل خشک ادویہ کو کھرل کریں کہ مانند غبار ہو جائے اور سیماب اپنی چمک کھو بیٹھے۔ اس کے بعد آب برگ پان تھوڑا تھوڑا کر کے ڈال کر کھرل کریں یہ تمام آب برگ پان ختم ہو جائے تو آب پیاز سفید بھی اس طرح ختم کریں اس کے بعد شیر آک اور شیر تھوہر بھی ختم کریں بعد ازاں زردی بیضہ مرغ ایک ایک کر کے ڈالیں اور اتنا کھرل کریں کہ لیوی سی بن جائے۔ اس لیوی کو انڈے کے خول میں بھر کر اوپر دوسرے انڈے کا خول چڑھا کر ہلکی سی کپڑ وٹی کر کے خشک کر لیں۔ اب ایک گھڑا کھلے منہ کا لے کر جس میں دس سیر ریت آ سکتی ہو کو گل حکمت کر کے خشک کر لیں۔ پھر چھائی ہوئی ریت دس سیر لے کر اس میں پانچ سیر ریت گھڑے میں ڈال کر ادویہ والا انڈہ ریت پر رکھ کر اوپر بقیہ ریت بھی ڈال دیں۔ اور چولھے پر چڑھا کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر چولھے کے نیچے تین چوبی آگ چوبیں گھنٹے جلائیں اور پھر آگ جلانی بند کر دیں لیکن چولھے کے نیچے سے کوئلہ وغیرہ نہ نکالیں بلکہ یہ خود بخود ٹھنڈا ہو جائیں جب ریت بھی بالکل ٹھنڈی ہو جائے تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دوا، والے انڈے کو نکالیں اور روح گلاب 5 تولہ۔ زعفران 1 ماشہ۔ عنبر 2 ماشہ، مشک 1 ماشہ، کو روح گلاب میں حل کر کے اس محلول سے انڈے والی دوا کو کھرل کریں کہ تمام محلول ختم ہو جائے۔

خوراک:۔ ایک رتی دوا صبح 10 بجے لبوب کبیر میں لپیٹ کر نگل لیں اوپر سے دودھ میں دیسی گھی ڈال کر پی لیں اور تماشہ قدرت دیکھیں۔

نوٹ:۔ اس دوا کے استعمال سے پہلے ضروری ہے کہ آپ جریان، کثرت احتلام سرعت انزال کا علاج کروا لیں اس سلسلے میں آپ کتاب ہذا کی اکسیر حیات اور سرعتی کورس استعمال کر سکتے ہیں دوا، اکسیر اسرار الباہ اور سرعتی کورس ہمارے پاس ہر وقت یار ملتی ہے۔ رابطہ

0321-9867091:

سرعتی کورس

بیاض مہتاب میں، میں آپ حضرات کے سامنے تمام ایسے تجربات پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں جو کہ میرے مطب کے چلتے ہوئے راز ہیں اِن میں سے گاہے بگاہے ہر ایک کی اشتہار بازی مختلف طبی جرائد میں ہوتی رہی ہے اور ہو رہی ہے اسی سلسلے کے تحت میں اپنے مایہ ناز کورس سرعتی کورس آپ کی خدمت میں ایک عرصہ سے کامیابی سے چل رہا ہے جو کہ مندرجہ الفاظ سے مشتہد ہے۔

سرعتی کورس کا اشتہار:

سرعت انزال، ملاپ کے فوراً بعد انزال منی یعنی منی کے جلد خارج ہو جانے کا نام سرعت انزال ہے یہ بہت ہی ناپاک مرض ہے۔ مردانہ ارادوں میں پستی پیدا کرنے والی نامراد شے ہے۔ اگر یہ پرانا ہو جائے تو ملاپ تو درکنار صرف کپڑے کی رگڑ ہی سے انزال یعنی منی کے نکل جانے کے لئے کافی ہے اور یہی نامردی کا سبب بنتا ہے۔ اس مرض کے بنیادی اسباب، ذکاوت حس، کثرت احتلام، جریان جگر اور مثانے کی گرمی، مادہ منویہ یعنی منی کا پتلا ہونا اور معدے کی خرابی میں ہذا ان اسباب کو پیش نظر رکھتے ہوئے سرعتی کورس جو کہ تین ہفتوں پر مشتمل جس میں آٹھ ادویہ شامل ہیں، مرتب کیا ہے جو ازدواجی زندگی کو خوشحال اور خوشگوار بنانے کے لئے جامع علاج ہے۔ سرعت انزال کا مکمل خاتمہ کر کے وظیفۂ زوجیت کو طویل کر کے خوش گوار گھریلو زندگی کا موجب بنتی ہے۔

کورس میں شامل ادویات۔

جوہر ذکی:۔ فوائد:۔ اجزاء اور ترکیب تیاری:۔

مردمی بکس کے مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

اکسیر ٹھنڈک نمبر 1:۔ فوائد: اجزاء اور ترکیب تیاری:۔

مردی بکس کے مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

سفوف تبخیری:۔فوائد اجزاء اور ترکیب تیاری:۔

مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

کشتہ فولاد (فروٹ والا) فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری

مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

اکسیر ٹھنڈ نمبر 2: فوائد، اجزا اور ترکیب تیاری:۔

مردی بکس کے مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرماویں۔

کشتہ نقرہ (چاندی) فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری:۔

مردی بکس کے مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرماویں۔

سفوف مغلظ: فوائد اجزاء اور ترکیب تیاری:

مردی بکس کے مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرماویں یہ سفوف دوسرے ہفتے رات کو سوتے وقت اور تیسرے ہفتہ صبح نہار منہ دودھ سے دودھ اُبال کر ٹھنڈا کیا گیا ہو۔

اکسیر سرعت:۔

منی کو گاڑھا کر کے ملاپ میں لذت بخشتا ہے اور لذت کی گھڑیوں کو طویل کر کے مسرت اور شادمانی سے ہم کنار کرتا ہے، اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں ایک پاؤ پھٹکڑی سفید میں 5 تولہ افیون درمیان میں رکھ کر تابہ آہنی پر بریاں کر لیں، سلیٹی رنگ کی دوا تیار ہوگی ایک کلو سفوف مغلظ میں ایک پاؤ یہ دوا شامل کر لیں یہی اکسیر سرعت ہے۔ تیسرے ہفتے کو رات کو سوتے وقت دودھ سے استعمال کریں۔

ہفتہ اوّل میں۔ جوہر ذکی، اکسیر ٹھنڈک نمبر 1، سفوف تبخیری، کشتہ فولاد فروٹ والا

ہفتہ دوئم میں۔ سفوف مغلظ۔ اکسیر ٹھنڈک نمبر 2، سفوف تبخیری، کشتہ نقرہ در بھنگ

ہفتہ سوئم میں۔ سفوف مغلظ، اکسیر سرعت، سفوف تبخیری، کشتہ نقرہ در بھنگ۔

اکسیر حیات

ایسے اصحاب جن میں مادہ منویہ یعنی منی کی کمی ہو یا پانی کیطرح پتلی ہو جس کیوجہ سے وہ ہر وقت رتی رہتی ہے یہ اکسیر حیات ان تمام تکالیف کا ازالہ کر کے از سر نو حیات کا پیغام دیتی ہے وہ نو جوان یا بوڑھے جن کی منی میں جراثیم کی کمی ہو اور کم ہی ہوں اور وہ بھی ابنارمل ہوں تو اُن کی کمی کو دور کر کے منی میں جراثیم کی کمی کو دور کر کے ابنارمل جراثیم کو نارمل بناتی ہے انہی خوبیوں کو دور کرنے کی خصوصیت کی حامل اکسیر حیات کی تعریف میں فخر سے ان الفاظ میں کر سکتا ہوں۔ جواہرات سے قیمتی اجزاء پر مشتمل یہ اکسیر انسانی عمارت کا سیمنٹ ہے لیجئے نسخہ کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔

اجزاء:۔ خصیہ بز ایک پاؤ، مغز بز ایک پاؤ، موصلی سفید 10 تولہ، ثعلب مصری 10 تولہ ثعلب پنجہ 10 تولہ، لاجونتی 10 تولہ، کشتہ نقرہ در بھنگ 1 تولہ، کشتہ مرجان شا، 3 تولہ، کشتہ زمرد 3 تولہ، کشتہ بیضہ مرغ 3 تولہ، کشتہ صدف 3 تولہ، کشتہ عقیق 3 تولہ، دانہ الائچی خورد 3 تولہ، برادہ صندل سفید 3 تولہ، ورق نقرہ 20 عدد۔

ترکیب تیاری:۔

اوّل خصیہ بز اور مغز بز کو جھلی سے پاک کر کے اور اس میں قدرے چینی ملا کر ہاتھ سے خوب ملیں یہاں تک کہ محلول بن جائے اب اس محلول کو ایک پلیٹ میں ڈال کر ایک دیگچی میں پانی ڈالیں اُس دیگچی کے منہ پر محلول والی پلیٹ رکھیں اور دیگچی کو چولہے پر سوار کر کے آگ جلائیں پانی میں اُبال آ کر بھاپ پیدا ہوگی اور بھاپ کی حرارت سے محلول پکنے لگے گا۔ یہاں تک کہ تمام محلول پک کر خشک ہو جائے تو بھی اسے دھوپ میں رکھیں اوپر جالی دار کپڑا ڈھانپ دیں جب بالکل خشک ہو جائے اور نمی بالکل باقی نہ رہے تو کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں نگاہ رکھیں جتنا بھی اس سے حاصل شدہ جو ہر خصیہ بز اور مغز بز بقیہ ادویہ بھی کوٹ کر چھان لیں اور سب کو یکجان کر لیں اور آخر میں ورق نقرہ ڈال کر

ملالیں۔ ایک گرام اکسیر حیات رات کو سوتے وقت اور ایک گرام اکسیر حیات صبح نہار منہ دودھ سے استعمال کریں۔

شادی کورس

طبی دنیا میں دھوم مچانے والا، خوشحال ازدواجی زندگی کا ضامن تین ہفتوں پر مشتمل شادی کورس اُن نامراد حضرات یعنی اٹھارہ سالہ نوجوانوں سے لے کر ستر سالہ بوڑھے تک جو، جوانی کے نشے میں مدہوش اپنے ہی ہاتھوں اپنی خوشحال زندگی کو تباہ و برباد کر کے منہ چھپائے پھرتے ہیں۔ ایسے ہی پریشان حال حضرات کے لئے ہم نے شادی کورس ترتیب دیا ہے۔ اس کے استعمال سے نہ صرف غیر شادی شدہ بلکہ وہ شادی شدہ حضرات بھی جو اپنی زوجین محترمہ کی دل آزاری کے باعث گھریلو زندگی کو خاردار بنا چکے ہیں۔ شادی کورس کے استعمال سے انشاء اللہ حیاتِ شادمانی سے ہمکنار ہوں گے۔

شادی کورس کو ترتیب دیتے وقت ہم نے انسانی عمارت کے ہر عضو کی تقویت کو مدنظر رکھتے ہوئے اجزاء کو ترتیب دے کر مجربات ترتیب دیئے ہیں۔ شادی کورس میں شامل مجربات کے اجزاء کو مدنظر رکھتے ہوئے میں یہ تحریر کرنے میں حق بجانب ہوں گا کہ فوائد کے اعتبار سے شادی کورس کے استعمال سے پہلے ہفتہ میں جو سکنات کا ہفتہ ہے کے استعمال سے ذکاوت حس یعنی تھوڑا سا خیال آنے پر تھوڑا سا انتشار ہو کر کپڑے کی رگڑ سے ہی منی کا خارج ہو جانا، جریان یعنی پیشاب سے پہلے یا بعد میں منی کے قطرے گرنا، احتلام یعنی رات کو سوتے میں منی کا خارج ہو جانا سرعت انزال وقت خاص پر جلد فارغ ہو جانا، دل، جگر، گردے، مثانے اور معدہ کو تقویت دے کر مردانہ کمزوری کا خاتمہ کر کے خوشحال گھریلو زندگی کا موجب بنتی ہے۔ الغرض فوائد کے اعتبار سے شادی کورس اٹھارہ سالہ نوجوان سے لے کر ستر سالہ بوڑھے تک یکساں مفید ہے۔ اب میں آپ کے سامنے شادی کورس میں شامل مجربات پیش کر رہا ہوں ملاحظہ فرمائیں۔

شادی کورس کا ہفتہ اوّل

سب سے پہلے اس ہفتہ یعنی ہفتہ اول کی خوردنی ادویہ تحریر کرتا ہوں۔

نمبر 1۔ جوہر ذکی:۔

فوائد اجزاء اور ترکیب تیاری مردمی بکس کے مرحلہ اول میں ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 2۔ کشتہ فولاد فروٹ والا:۔

فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری مردمی بکس کے مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 3۔ اکسیر ٹھنڈک نمبر 1:۔

فوائد اجزاء اور ترکیب تیاری مردمی بکس کے مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 4:۔ سفوف تبخیری:۔

اجزاء فوائد اور ترکیب تیاری مردمی بکس کے مرحلہ اول میں ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 5:۔ مؤلد منی:۔

فوائد اجزاء اور ترکیب تیاری مردمی بکس کے مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 6:۔ اکسیر حیات:۔

خورد، فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری مردمی بکس کے مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرماویں۔ جبکہ شادی کورس کے ہفتہ اول میں خارجی علاج کے طور پر قیروطی خاص عرف برقی پٹی: فوائد اجزاء اور ترکیب تیاری مردمی بکس کے مرحلہ دوئم کے خارجی علاج میں ملاحظہ فرماویں۔

شادی کورس کا ہفتہ دوئم

شادی کورس کے ہفتہ دوئم کے خوردنی مجربات ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 1۔ کشتہ نقرہ مرکب:۔ فوائد اجزاء اور ترکیب تیاری مردمی بکس کے مرحلہ دوئم میں

ملاحظہ فرماویں۔ نمبر 2:۔ اکسیر ٹھنڈک نمبر 2:۔ فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری مردی بکس کے مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرماویں۔ نمبر 3:۔ سفوف تبخیری:۔ فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔ نمبر 4:۔ تغلیظ منی:۔ فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری مردی بکس کے مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرماویں۔ نمبر 5:۔ اکسیر حیات خورد:۔ فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری مردی بکس کے مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرماوی۔ نمبر 6:۔ اکسیر شبابینہ:۔ مردی بکس کے مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرماویں۔ جبکہ شادی کورس کے خارجی علاج کے طور پر طلاء مقوی الباہ کے فوائد۔ اجزاء اور ترکیب تیاری مردی بکس کے خارجی علاج میں مرحلہ سوئم میں ملاحظہ فرماویں۔

شادی کورس کا ہفتہ سوئم

شادی کورس کے ہفتہ سوئم کے خوردنی مجربات ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 1۔ اکسری حیات:۔ ایک گرام رات کو سوتے وقت اور ایک گرام صبح نہار منہ دودھ، فوائد اجزاء اور ترکیب تیاری مردی بکس کے مرحلہ دوئم میں ملاظھف رماویں۔ نمبر 2۔ اکسیر شبابینہ، فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری مردی بکس کے مرحلہ دوئم میں ملاحظہ فرماویں۔ نمبر 3 سفوف تبخیری:۔ فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری مردی بکس کے مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔ نمبر 4:۔ کشتہ مرکب (سونا) فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری مردی بکس کے مرحلہ سوئم میں ملاحظہ فرماویں۔ نمبر 5 حبوب شاہی:۔ فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری مردی بکس کے مرحلہ سوئم میں ملاحظہ فرماویں۔ جبکہ شادی کورس کے ہفتہ سوئم میں خارجی علاج کے طور پر طلاء مردی شامل شادی کورس ہے۔

طلاء مردی:۔ فوائد، اجزاء اور ترکیب تیاری

مردی بکس کے مرحلہ سوئم کے خارجی علاج میں ملاحظہ فرماویں۔

اکسیر البدن

طبی دنیا میں طوفان بپا کردینے والی ایسی اکسیر جس کی چند خوراکوں کے استعمال سے شادی

کے بندھن میں بندھا ہوا جوڑا، اس بندھن سے آزاد ہونے ہی والا تھا۔ کہ میرے اباؤ اجداد میں سے کسی نے لڑکے کو اس کی چند خوراکیں دیں، ایک خوراک اپنے ہاتھ سے ایک پاؤ مکھن میں دی یعنی تھوڑے سے مکھن میں ایک رتی دوا لپیٹ کر دی اور اوپر سے بقیہ مکھن بھی کھلا دیا۔ ایک ڈیڑھ گھنٹے کے بعد اُسے پیاس محسوس ہوئی تو حکیم صاحب نے اُسے دودھ میں گھی ڈال کر پلایا اور ایک میل دوڑ کر جانا اور پھر واپس دوڑ کر آنا، یہ عمل صبح تقریباً 12 سیر دودھ اور ایک سیر گھی اُس کو پلا دیا گیا۔ اب اُس میں اتنی شدید مردانگی پیدا ہو گئی تھی کہ اُس سے رہا نہیں جا رہا تھا تو اُسے گھر جانے کی اجازت دے دی گئی گھر میں طلاق کے سلسلے میں بہت سے رشتہ دار اور احباب فیصلہ کے لئے جمع تھے کہ لڑکے نے اپنی بھابھی سے لڑکی کو بلوایا اور ازدواجی زندگی کی کامیاب رات گزاری صبح لڑکی نہا دھو کر جب باقی افراد خانہ کے پاس گئی تو تمام خواتین و حضرات حیران رہ گئے صبح دس بجے پنچائیت کا وقت تھا، لوگ پنچائیت کا فیصلہ سننے اردگرد کے گاؤں کے لوگ جمع ہوئے تھے۔ سرپنچ، تشریف لائے اور پچھلی کاروائیوں کو دہراتے ہوئے آگے کی کاروائی کے لئے حکم صادر فرمایا کہ لڑکا، لڑکی اور لڑکے کی بھابی تینوں نے پنچائیت میں آنے کی اجازت طلب فرمائی، سرپنچ نے اُنہیں اجازت دی، تو لڑکے نے یہ اعتراف کر لیا کہ آج سے پہلے واقعی میں نامرد تھا اور پھر لڑکی نے اپنے خاوند کی مردانگی کا اعتراف کر لیا۔ اس طرح شادی میں بندھے اس جوڑا کو جو اس بندھن سے آزاد ہونے ہی والا تھا، ازسرِنو ملی خوشی رہنے لگے۔ سرپنچ نے کہا کہ بھائی جب لڑکی اور لڑکا راضی ہیں تو پھر ہم بھی راضی ہیں، تمام پنچائیت میں دعائے خیر کی گئی۔

اکسیر البدن کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں:۔

اجزاء:۔ سم الفار سفید 1 تولہ، سیماب مصفیٰ 1 تولہ، ہڑتال ورقیہ 1 تولہ، شنگرف رومی 1 تولہ، دار چکنا 1 تولہ، اسکپور 1 تولہ، تیزاب نمک 10 تولہ یعنی 1/2 پاؤ، لکڑی کے کوئلے 5 سیر، سم الفار اور سیماب کو کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ سیماب سم الفار میں جذب ہو کر اپنی چمک کھو بیٹھے کو ایک آہنی کڑاہی میں تمام اجزاء ڈال کر اُس پر تیزاب نمک ڈال دیں

اور کھلے میدان میں جہاں لوگوں کا آنا جانا، زیادہ نہ ہو، اینٹوں کا چولہا ایسے بنائیں کہ اس میں پانچ سیر کوئلے آجائیں۔ تو کوئلے چولہے میں ڈال کر آگ لگا دیں اور ادویہ والی کڑاہی کوئلوں والے چولہے پر رکھیں، کڑاہی سے بہت زیادہ دھواں نکلے گا جو کہ نہایت ہی زہریلا ہوگا، آپ اپنے آپ کو بھی بچائیں اور آنے جانے والوں کا بھی خیال رکھیں، خاص طور پر بچوں کو اس دھوئیں سے بچائیے، جب دھواں اُٹھنا بند ہو جائے تو کوئلوں کو کڑاہی کے نیچے سے نکال لیں اور کڑاہی جب تک بالکل ٹھنڈی نہیں ہو جاتی اس وقت تک کڑاہی کو ہاتھ نہ لگائیں جب بالکل ٹھنڈی ہو جائے تو کڑاہی میں جو دوا موجود ہوگی اُسے کھرچ کر کھرل میں ڈالیں اور روح گلاب 3 تولہ، زعفران 1 ماشہ، زعفران کو روح گلاب میں حل کر لیں اور اس محلول سے دوا کو اسقدر کھرل کریں کہ تمام محلول بھی ختم ہو جائے اور دوا میں نمی باقی نہ رہے تو بحفاظت شیشی میں محفوظ کر لیں۔

ایک رتی دوا۔ مکھن میں لپیٹ کر نگل لیں اور وقفہ وقفہ سے مکھن کھاتے رہیں یہاں تک کہ ایک پاؤ مکھن ختم ہو جائے تو دودھ ایک پاؤ میں ایک تولہ دیسی گھی ڈال کر پی لیں اور اس کے بعد، تقریباً ایک میل دوڑ لگائیں اسی طرح عشاء تک جب بھی پیاس محسوس کریں تو دودھ میں گھی ڈال کر پی لیں اور دوڑ لگائیں یہ دوا، جوانوں، نوجوانوں اور بوڑھوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ بوڑھے آدمی اپنی دیگر جسمانی بیماریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے دوا کو استعمال کریں۔

نوٹ:۔ یہ دوا کسی ماہر حکیم کی نگرانی میں استعمال کریں اور دوا کو آگ کے کوئلوں پر ڈالیں اگر دوا، دھواں نہ دے تو قابل استعمال ہے۔

زور آور پلو

مردانہ طاقت کی بے مثال دوا، جس کے استعمال سے طاقت کا سمندر اُمنڈ آتا ہے امساک میں اپنا ثانی نہیں رکھتی اس کے استعمال کے لئے ضروری ہے کہ پہلے دودھ گھی مکھن دودھ کا بندوبست کر لیں، اگر جریان، احتلام کی شکایت ہو تو پہلے اُسے رفع کریں اس مقصد کے لئے میں تین ہفتوں پر مشتمل سرعتی کورس استعمال کرواتا ہوں زور آور پلو ضعف باہ کی نہایت لاجواب زور

اثر مسلمہ اکسیر اور بے نظیر ہے، کمزور سے کمزور مریضوں کو دو سے تین ہفتوں تک استعمال کرنی پڑتی ہے۔ غریبوں کی یاقوتی ہے۔ زور آور پلو کے اجزاء اور ترکیب تیار ملاحظہ فرماویں۔

اجزاء:۔ شنگرف 2 تولہ، سم الفار سفید 1 تولہ، اجوائن خراسانی 3 تولہ، نخود بریاں 3 تولہ، افیون 1 تولہ، مغز بادام 3 تولہ، مغز اخروٹ 3 تولہ، مغز پستہ 3 تولہ، جند بیدستر 1 تولہ، ریگ ماہی 1 تولہ، روح گلاب 10 تولہ، زعفران 3 ماشہ عنبر 1-1 رتی اوّل زعفران عنبر اور افیون کو روح گلاب میں بھگودیں کہ تینوں حل ہو کر محلول بن جائے۔ دوئم، شنگرف اور سم الفار کو اسقدر کھرل کریں کہ شنگرف اپنی چمک کھو بیٹھے تو بقیہ ادویہ کو ہاون دستے میں کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں اور شامل کھرل کرلیں اور کھرل میں ادویہ محلول عنبر زعفران اور افیون سے تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں کہ تمام محلول ختم ہو جائے تو دیسی مرغی کے انڈوں کی زردی 10 عدد ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں یہاں تک کہ دسویں زردی ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ کھرل میں دوا، لبدی بنانے کے قابل ہو جائے تو حبوب بقدر نخود تیار کریں، اور سایہ میں خشک کریں ایک گولی صبح 10 بجے اور ایک گولی شام 5 بجے دودھ سے استعمال کریں، اس کے ساتھ ہی ایک گرام اکسیر حیات رات کو سوتے وقت اور ایک گرام اکسیر حیات صبح نہار منہ دودھ سے لے لیں ان شاء اللہ مطلوبہ نتائج برآمد ہوں گے۔

کشتہ شنگرف نلی والا:

مردانہ صلاحیتوں کو اُجاگر کر کے زندگی کی نئی لہر دوڑانے والا یہ کشتہ خون صالح پیدا کر کے چہرے پر نکھار پیدا کرتا ہے اور گھریلو ازدواجی زندگی میں سکون پیدا کرتا ہے، الغرض تقویت باہ کے لئے لاجواب چیز ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔

اجزاء:۔ شنگرف رومی 2 تولہ، گائے کی ران کی نلی کا گودا ایک پاؤ، خشخاش ایک سیر، مال کنگنی 1/2 سیر، روغن زرد ایک پاؤ ایک کڑاہی میں نصف خشخاش ڈالیں خشخاش پر نصف مال کنگنی ڈالیں، مال کنگنی پر نصف گودا نلی کا ڈال کر شنگرف کی سالم ڈلی رکھدیں اوپر نلی کا بقیہ گودا، پھر مال

کنگنی اور پھر خشخاش ڈال کر ہاتھوں سے خوب دبائیں کہ اس میں خلا باقی نہ رہے تو اوپر روغن زرد ڈال کر کڑاہی کو چولھے پر چڑھائیں اور ہلکی آگ جلائیں 6 گھنٹے کے بعد آگ تیز کر دیں کہ آگ خود بخود کڑاہی میں لگ جائے جب تمام ادویہ جل کر خاک ہو جائیں تو آگ نیچے سے نکال لیں اور کڑاہی میں ادویہ کے ٹھنڈے ہونے پر آہستہ سے ڈلی شنگرف نکال کر کھرل کریں۔ ایک رتی دوا، انڈے میں سوراخ کر کے اُس میں ڈالدیں اور سوراخ کو ماش کے آٹے سے لیپ کر کے خوب ہلائیں کہ دوا پورے انڈے میں حل ہو جائے تو انڈے کو پانی میں اُبال کر نوش فرمادیں۔ اوپر سے دودھ میں گھی ڈال کر پی لیں۔

حب نامور

حب نامور کئی بار کی تجربہ شدہ ضعف باہ کی نہایت لاجواب زود اثر مسلمہ اکسیر اور بے نظیر ہے۔ کمزور مریضوں کو بھی لوہے کی لاٹھ بنانا اس کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے۔ بشرطیکہ اس کے ساتھ خوب خوراک کھائی جائے۔ جتنا دودھ گھی مکھن، مغز بادام پستہ اور دیگر مرغن غذائیں استعمال کریں گے تمام ہضم ہو کر جزو بدن ہو جاتی ہیں۔ قوت باہ کے تمام نسخہ جات سے اعلیٰ اور ارفع و معیاری نسخہ ہے اور پھر نہایت سہل الحصول اور اُصولی ہے جیسا کہ اکثر احباب آسان اُصولی اور کامیاب نسخہ کے متلاشی پائے جاتے ہیں، یہ نسخہ ہمہ صفت موصوف ہے اس سے قوت باہ، قوت بدنی، اعضائے رئیسہ، مقوی اعصاب، مقوی گردہ و مثانہ سے بنائیں اور ضرور بنائیں حب نامور بہ یک وقت محرک باہ بھی ہیں اور امساک آور بھی ہیں۔

اجزاء:۔ سم الفار سفید 2 تولہ، موم سفید دیسی 5 تولہ، زعفران 6 ماشہ، افیون 2 تولہ، سلاجیت 2 تولہ، عنبر 4 رتی مشک 1 رتی، کشتہ فولاد فروٹ والا 2 تولہ، جند بید ستر 2 تولہ، اوّل سم الفار سفید اور موم سفید دونوں کو ہاون دستے میں ڈال کر زوردار ہاتھوں سے لگا تار ایک ہزار چوٹیں لگائیں پھر اس میں افیون ڈال کر ایک ہزار چوٹیں لگائیں اس کے بعد سلاجیت ڈال کر ایک ہزار چوٹیں لگائیں اس کے بعد جند بید ستر ڈال کر ایک ہزار چوٹیں لگائیں اس کے بعد کشتہ فولاد ڈال کر

ایک ہزار ضربیں لگائیں اس کے بعد زعفران ڈال کر ایک ہزار چوٹیں لگائیں اس کے بعد آخر میں عنبر اور مشک ڈال کر اتنا کوٹیں کہ کم از کم چوٹیں 10 ہزار تک پہنچ جائیں تو پھر بھی کوٹتے رہیں کہ گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو حبوب بقدر نخود تیار کریں یاد رہے کہ یہ بہت جلد ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور سخت ہو جاتا ہے جس کیوجہ سے حبوب بنانے میں دقت محسوس ہوتی ہے اس لئے ایک آدمی ان پر چوٹیں لگاتار ہے اور دو تین آدمی حبوب بنانے کا کام کرتے رہیں۔ استعمال ایک گولی صبح 10 بجے اور ایک گولی شام 5 بجے ہمراہ دودھ جبکہ دوران استعمال حبوب ایک گرام اکسیر حیات رات کو سوتے وقت دودھ سے اور ایک گرام اکسیر حیات صبح نہار منہ دودھ سے استعمال کریں۔

حبوب شباب آور

حبوب شباب آور دنیا بھر کی مقوی باہ ادویہ کی سرتاج ہے یہ میں نہیں کہہ رہا بلکہ ان حبوب میں شامل اجزاء کے فوائد بول رہے ہیں۔ کہ جوانی کے اُجڑے ہوئے چمن میں پھر سے بہار لانے والا، لاجواب نسخہ ہے۔ یہ مایہ ناز حبوب اپنے جادو اثر افعال میں کبھی بھی تخلف نہیں کرتا۔ کوئی ولائتی دوا بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ اجزاء کے لحاظ سے اس کے سامنے تمام ادویہ ہیچ لیں، اس کا یاپلٹ طاقت بخش قوتوں کا مقابلہ کوئی دوا بھی نہیں کر سکتی۔ دل دماغ، معدہ جگر، گردہ، مثانہ کو طاقت دے کر تمام مردانہ کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔ خواہش جماع اُکسانے میں اس کا مقابلہ کوئی نسخہ بھی نہیں کر سکتا۔ دودھ گھی خوب ہضم ہو کر جسم کی ناطاقتی و کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ کثرت مباشرت اور غلط کاریوں سے تباہ حال مردوں میں نئی روح پھونک دیتی ہے۔ حرام مغز میں تحریک پیدا ہو جانے کیوجہ سے قوت باہ میں ہیجان پیدا ہوتا ہے۔ تجربہ پر خود بخود اس کی خوبیاں معلوم ہوں گی۔ اس کی پہلی ہی گولی حلق سے نیچے اُترتے ہی جسم کے تمام رگ وریشہ میں جذب ہو کر اپنا عمل شروع کر دیتیں ہیں۔ اس سے جسم کی تمام مردہ طاقتیں زندہ ہو کر نیا لطف محسوس ہوتا ہے۔ حبوب شباب آور کے استعمال سے تمام اندرونی اعضاء اپنا اپنا کام کرنے لگے جاتے ہیں جس سے بکثرت خون صالح پیدا ہو کر بدن میں حرارت پیدا ہو جاتی ہے۔ نیز جسم میں قوت عمل زیادہ ہو کر انسان کو ہمہ تن

مستور، رکھتی ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیار ملاحظہ فرماویں۔

اجزاء:۔

ھوالشافی:۔ یاقوت رُمانی، یاقوت زرد، زمرد سبز، مروارید ناسفتہ، جند بید ستر، سلاجیت اصلی ہر ایک ایک تولہ۔ دیگر ماہی زر 6 ماشہ افیون 1/2 1 تولہ، لاجورد، کشتہ شنگرف خاص، جو کہ شہد، بھلانوے مال کنگنی اور روغن زرد سے تیار شدہ ہو 1 تولہ۔ سم الفار سفید 1 تولہ۔ سیماب مصفی 1 تولہ۔ دانہ مرجان 6 ماشہ۔ شاخ مرجان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 3 ماشہ ورق طلاء 20 عدد، زعفران 3 ماشہ، عنبر 4 رتی، مشک 2 رتی روح گلاب ایک پاؤ۔ آب برگ پان 100 عدد پان کو کوٹ کر جسقدر پانی حاصل ہو وہ لے لیں۔ دیسی مرغی کے انڈوں کی زردی 10 عدد، اوّل روح گلاب میں افیون، زعفران، مشک اور عنبر ڈال دیں۔ دوئم، کھرل میں سم الفار اور سیماب ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ سیماب اپنی چمک کھو بیٹھے اور ناپید ہو جائے تو دونوں ورقیات یعنی ورق نقرہ اور ورق طلاء بھی شامل کھرل کریں اور جب یہ بھی اپنی حالت کھو بیٹھے تو دیگر کوٹنے پیسنے والی دواؤں کو، کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور شامل کھرل کر لیں اور آب برگ پانی سے کھرل کریں کہ تمام آب برگ پان ختم ہو جائے تو، محلول مشک وعنبر سے کھرل کریں جب یہ بھی ختم ہو جائے تو کشتہ فولاد 2 تولہ۔ عقر قرحا 3 تولہ کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور یہ بھی شامل کھرل کریں۔ لیکن یہ دونوں بھی پہلی ادویہ کے ساتھ ہی کھرل میں ڈالیں۔ جب محلول مشک عنبر۔ زعفران اور افیون ختم ہو جائے تو زردی بیضہ مرغ سے کھرل کریں آخری زردی بیضہ مرغ ڈال کر اسقدر کھرل کریں کہ تمام ادویہ کی لبدی بن جائے اور لبدی میں چکناہٹ پیدا ہو جائے تو حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ اور ایک گولی صبح 10 بجے دودھ سے اور ایک گولی شام 5 بجے دودھ سے جبکہ رات کو سوتے وقت ایک گرام اکسیر حیات اور ایک گرام اکسیر حیات صبح نہار منہ دودھ سے استعمال کریں اور دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد سفوف تبخیری جس میں ایک چھٹانک سفوف تبخیری میں ایک تولہ کشتہ فولاد فروٹ والا شامل کیا گیا ہو۔ ایک ایک چٹکی پانی سے کھالیں۔ انشاء اللہ چند روزہ استعمال سے فوائد میں جو

کچھ تحریر کیا گیا ہے وہ حاصل ہوگا۔ چہرہ گلاب کیطرح چمک اُٹھے گا۔

نوٹ: حبوب شباب آور۔ اکسیر حیات۔ کشتہ فولاد فروٹ والا اور سفوف تبخیری ہمارے مطب میں ہر وقت تیار ملتے ہیں۔ اگر آپ بنانے میں وقت محسوس کریں تو ہم سے طلب فرمائیں۔ طلب کرنے کے لئے درج ذیل پتہ پر رابطہ کریں۔ پتہ حکیم حاجی مہتاب حسین دہلوی نزد آرمر کالونی نمبر 2۔ حکیم آباد۔ نوشہرہ کینٹ فون نمبر: 0321-9867091

کشتہ شنگرف سفید مرکب

فوائد کے لحاظ سے اس میں مثانے کو تقویت پہنچا کر سلسل بول کا خاتمہ اس کا ادنٰی سا کرشمہ ہے۔ ضعیف العمر حضرات جو اکثر بلکہ خاص طور پر موسم سرما میں اس کے زیادہ شکار ہوتے ہیں۔ بفضل تعالیٰ اس بیماری سے چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے۔ نامرد کو مرد اور مرد کو جوانمرد بناتا ہے۔ ہمارے پاس مطب میں ہر وقت تیار رہتا ہے خاص طور پر موسم سرما میں تو میں اس کی تیاری کا خاص طور پر اہتمام کرتا ہوں۔ اجزاء ترکیب تیاری اور طریقہ استعمال ملاحظہ فرماویں۔

اجزاء:۔ شنگرف رومی 2 تولہ۔ دیسی مرغیوں کے انڈوں کے چھلکے 50 عدد، یاقوت رمانی 1 تولہ، لاجورد 1 تولہ۔ عقیق 1 تولہ۔ زمرد سبز 1 تولہ۔ صدف صادق 1 تولہ۔ روح گلاب 10 تولہ۔ زعفران 3 ماشہ۔

ترکیب تیاری:۔ انڈوں کے چھلکے ایک برتن میں ڈال دیں اور اوپر ایک پاؤ نمک چھڑک دیں اُس کے اوپر ایک پاؤ تیزاب نمک ڈال دیں، تین دن کے بعد اس پر اتنا پانی ڈالیں کہ پانی میں انڈے ڈوب جائیں۔ 21 دن کے بعد پانی کو برتن سے اُنڈیل دیں اس ضمن میں اپنے جسم کے اعضاء یعنی ہاتھ اور پاؤں وغیرہ کو اس پانی سے بچائیں۔ اس کے بعد پھر اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ پانی میں انڈے کے چھلکے ڈوب جائیں تو پانی کو ہلا کر اُنڈیل دیں اسی طرح یہ عمل سات مرتبہ کریں پھر ان انڈوں کے چھلکوں کو تھوڑا سا کپڑے پر پھیلا دیں کہ ہوا نکل جائے تو انڈوں کے چھلکوں کے اندر کی جھلی صاف کر کے کھرل میں ڈالیں اور ساتھ ہی شنگرف بھی ڈال کر

کھرل کریں دیگر جواہرات یعنی یاقوت عقیق زمرد وغیرہ کو۔کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں اور شامل کھرل کرلیں اور تقریبا 12 گھنٹے زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے تو گودا گھیکوار یعنی کنوار گندل کا گودا۔ایک پاؤ تھوڑا، تھوڑا کر کے ڈال کر کھرل کریں، جب تمام گودا گھیکوار ختم ہو جائے تو اس قدر کھرل کریں کہ مواد گوندھے ہوئے آٹے کی طرح ہو جائے تو روپیہ کے برابر ٹکیاں بنالیں اور دھوپ میں خشک کرلیں بعدازاں خشک ہونے پر ان ٹکیوں کو مٹی کے ایک پیالہ میں الگ الگ رکھیں، یادرہے اوپر نیچے نہیں رکھنی بلکہ دوا والی ٹکیاں نہ ملیں خشک ہونے پر ایک تندور جس میں ایک من اوپلے آجاتے ہوں 20 سیر اوپلے ڈال کر ہاتھوں سے دبائیں کہ خلاء باقی نہ رہے تو گل حکمت شدہ پیالہ اوپلوں پر رکھدیں اور باقی 20 سیر اوپلے بھی اس کے اوپر ڈال کر محفوظ ہوا۔آگ دیے دیں۔ جب آگ جل کر راکھ بالکل ٹھنڈی ہو جائے تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥ پڑھ کر پیالہ نکال لیں، پیالہ کو اچھی طرح صاف کر کے احتیاط سے کھولیں انشاء العزیز تمام ٹکیاں سفید براق نکلیں گی اگر کچھ سیاہی مائل رہ جائے تو دوبارہ گھیکوار کے گودے میں کھرل کر کے صرف 20 سیر اوپلوں کی آگ دیں مطلوبہ شے برآمد ہوگی۔روح گلاب جس میں زعفران حل کرلیا گیا ہو سے کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں نکال رکھیں۔

طریقہ استعمال:۔ نمبر 1۔ضعیف العمر حضرات جو سلسل بول بوجہ کمزوری مثانہ کے شکار ہیں اُن کو چھ ماشہ کنجد سیاہ یعنی تل سیاہ اور چھ ماشہ گڑ لے کر اتنا کوٹیں کہ وہ لٹروہا بنانے کے قابل ہو جائے تو اُس میں ایک رتی شنگرف سفید مرکب لپیٹ کر کھالیں نمبر 2۔مردانہ طاقت کے لئے جوان مرد ایک رتی شنگرف سفید ایک تولہ لبوب کبیر میں لپیٹ کر کھالیں اوپر سے دودھ میں گھی ڈال کر پی لیں، نمبر 3:۔40 سال کی عمر سے زائد لوگ دیسی مرغی کے کچے انڈے میں چھوٹا سا سوراخ کر کے اُس میں ایک رتی شنگرف سفید مرکب ڈال کر انڈے کو آٹے سے لیپ کردیں اور انڈے کو خوب ہلائیں کہ دوا، انڈے میں حل ہو جائے تو پانی میں اُبال کر چھیل کر نوش فرمادیں اوپر سے نیم گرم دودھ جس میں ایک چمچہ گھی ڈالا گیا ہو۔نوش فرمادیں، تینوں قسم کے

استعمال میں مریضوں کے لئے ضروری ہے کہ استعمال سے پانچ دن پہلے، تین گرام اکسیر حیات رات کو سوتے وقت اور تین گرام صبح نہار منہ دودھ سے لیں، اکسیر حیات کا نسخہ اس کتاب میں پیچھے چھپ چکا ہے۔

مردانہ بانجھ پن کا بانجھی کورس:۔

قارئین اکرام مردانہ بانجھ پن کا بانجھی کورس تین مراحل پر مشتمل ہے اور ہر مرحلہ آڑھائی ماہ پر مشتمل ہے۔ اس کورس کو مزید فعال بنانے کے لئے میں نے اس میں ہومیو ادویہ بھی شامل کی ہیں۔ جن کی تصدیق ماہر ہومیو ڈاکٹر بھی کریں گے اور طب سے تھوڑا سا تعلق رکھنے والا قاری اور طبیب۔ کورس میں شامل مجربات کے اجزاء کا مطالعہ کرنے کے بعد خود بخود یہ ماننے پر تیار ہو جائے گا کہ متذکرہ مرض کے لئے اس کورس کا کوئی ثانی نہیں ہے۔ اس کورس کا مرحلہ اوّل کے اختتام پر منی کا لیبارٹری ٹیسٹ کروائیں۔ انشاء اللہ آپ کی طبیعت خوش ہو جائے گی اس طرح مرحلہ دوئم کے اختتام پر لیبارٹری ٹیسٹ کروائیں تو مرحلہ اوّل کے اختتام والی رپورٹ اور مرحلہ دوئم کے اختتام والی رپورٹ میں واضح فرق نظر آئے گا۔ اسی طرح مرحلہ سوئم کے اختتام پر بھی لیبارٹری ٹیسٹ کروائیں۔ انشاء اللہ مطلوبہ نتیجہ برآمد ہوگا۔ انشاء اللہ۔ الشافی من جانب اللہ لیجیے بانجھی کورس کے مرحلہ اوّل کے اجزاء وغیرہ ملاحظہ فرماویں۔

بانجھی کورس کا مرحلہ اوّل:۔

اس مرحلہ میں 5 ادویہ بیاض مہتاب اور ایک دوا ہومیو پیتھک پر مشتمل ہے۔ دوائیں عام فہم اور بازار سے آسانی سے دستیاب ہونے والی ہیں۔ اجزاء ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 1۔ کشتہ مقوی سپرم۔ کشتہ طلائی نقرئی:۔

کشتہ مقوی سپرم ایسے حضرات جن کی منی میں سپرم جرثومہ (NIL) ہو اُس کے لئے تیر بہدف ہے۔ منی میں جرثومہ کی تقویت اور جرثومہ کی پیدائش کے لئے نہایت ہی کامیاب وکامران

ہے۔ کشتہ طلائی نقرئی کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔

اجزاء:۔ کشتہ زاج احمر 6 ماشہ۔ کشتہ طلاء کلاں، اجمل دواخانہ والا تین ماشہ کشتہ نقرہ چاندی 6 ماشہ۔ کشتہ صدف مروارید ی 6 ماشہ۔ کشتہ بیضہ مرغ 6 ماشہ۔ کشتہ مروارید تین ماشہ عنبر 2۔ رتی مشک 1 رتی روح گلاب 10 تولہ۔ مشک، وعنبر کو روح گلاب میں حل کر لیں۔ باقی ادویہ یعنی تمام کشتہ جات کو کھرل میں ڈال کر کھرل کر لیں اور محلول مشک وعنبر کے دس، دس قطرے ڈال کر کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے تو مزید 10 قطرے ڈال کر یہاں تک کھرل کریں کہ تمام محلول ختم ہو جائے تو ہومیو پیتھک کی دوا ARGENMET دس ہزار طاقت والی ولما شواب کی ایک نمبر دوا خرید کر 10-10 قطرے ڈال کر کھرل کریں کہ 30ml دوا ختم ہو جائے تو بھی کھرل شدہ ادویہ کو کھلا چھوڑ دیں تا کہ الکوحل اُڑ جائے اور دوا میں نمی باقی نہ رہے تو شیشی میں محفوظ کر لیں۔ یہ نہایت قیمت دوا اس کی حفاظت کریں، ایک رتی دوا، صبح 10 بجے لعوب کبیر 1 تولہ میں لپیٹ کر نگل لیں اوپر سے دودھ پی لیں۔

نمبر 2۔ اکسیر اعتدال پٹش۔

منی میں پیپ پٹش کی زیادتی کو اعتدال پر لاتی ہے اجزاء۔ نوشادر 5 تولہ۔ میٹھا سوڈا 5 تولہ۔ پھٹکوی سفید بریاں 2 تولہ سب کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں کہ یکجان ہو جائیں تو شیشی میں نگاہ رکھیں اور 4 رتی دوا، پانی سے لے لیں۔

نمبر 3۔ سفوف مقوی سپرم:۔

کرم منی کی کمزوری، مردہ لنگڑے، لولے، آبنارمل کرم منی کو صحت مند اور نارمل کر کے اولاد کے قابل بناتا ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔

اجزاء:۔ مغز جیا پوتا۔ 5 تولہ۔ عقر قرحا 2 تولہ۔ جند بیدستر 1 تولہ۔ مغز پنبہ دانہ 5 تولہ۔ ثعلب مصری آدھائی تولہ۔ شقاقل مصری 5 تولہ۔ بہوپھلی 5 تولہ۔ لاجونتی 10 تولہ۔ موصلی سفید انڈیا نمبر 1۔ 5 تولہ۔ جفت بلوط 5 تولہ۔ کندر 5 تولہ۔ کشتہ صدف 2 تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ 2 تولہ۔

کشتہ عقیق 2 تولہ کوزہ مصری ایک پاؤ ورق نقرہ 25 عدد، تمام کوٹنے والی ادویہ کو کوٹ کر چھان اور کشتہ جات بھی ملا کر ورق نقرہ شامل کر لیں۔ رات کو سوتے وقت ایک پاؤ دودھ میں ایک تولہ دوا سفوف مقوی سپرم ڈال کر رکھ چھوڑیں صبح کو نہار منہ حریرے کیطرح ہی لیں۔

نمبر 4۔ اکسیر حیات:۔

رات کو سوتے وقت تین گرام اکسیر حیات دودھ سے لے لیں۔ فوائد۔ اجزاء اور ترکیب تیاری کتاب ہذا میں ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 5۔ بانجھی کیپسولز:۔

تخم انسانی کی تعداد میں اضافہ کرتا ہے۔ کمزور جراثیم کو طاقتور کرتا ہے۔ ابنارمل جرثوے کو نارمل کر کے مردانہ بانجھ پن کا خاتمہ کرتا ہے اور مرد کو قابل اولاد بناتا ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔

اجزاء:۔ کندر 5 تولہ۔ مغز تخم جیاپوتا 5 تولہ۔ جفت بلوط 5 تولہ۔ تخم کونچ 5 تولہ۔ کشتہ بیضۂ مرغ 1/2 2 تولہ۔ کشتہ مروارید 3 ماشہ۔ کشتہ نقرہ 6 ماشہ۔ بہو پھلی 5 تولہ۔ تمام کوٹنے والی ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر کے کھرل میں ڈالیں اور ہومیو پیتھک دوا LYCO PODIUM دس ہزار طاقت کی ولماشوابے جرمنی کی 30ml کھرل میں ادویہ میں شامل کر کے اتنا کھرل کریں کہ دوا سے الکوحل اُڑ جائے اور نمی باقی نہ رہے تو درمیانہ سائز کے کیپسولز بھر لیں۔ ایک کیپسول شام 5 بجے دودھ سے لے لیں۔

مردانہ بانجھ پن کے جانجھی کورس کا مرحلہ دوئم

نمبر 1۔ کشتہ مقوی سپرم۔ کشتہ طلائی نقرئی

اجزاء۔ فوائد اور ترکیب تیاری اور استعمال مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 2۔ مقوی سپرم کیپسولز:۔

مغز تخم جیا پوتا، 5 تولہ، ریگ ماہی 1 تولہ۔ جند بیدستر 1 تولہ۔ خراطین 5 تولہ۔ عقر قرحا 2 تولہ۔ موصلی سیاہ 5 تولہ۔ کشتہ نقرہ 1 تولہ۔ کشتہ طلاء اجمل دواخانہ والا 1 ماشہ۔ کشتہ مروارید تین ماشہ۔ کشتہ زاج احمر 1 تولہ۔ ہومیو پیتھک دوا۔ 30X-RAY 1000 ملی لیٹر۔ تمام کوٹنے پیسنے والی ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر کے کھرل میں ڈال دیں کشتہ جات بھی شامل کھرل کر کے اتنا کھرل کریں کہ تمام ادویہ یکجان ہو جائیں تو ایکسرے 1000 30ml دوا۔ ملا کر اتنا کھرل کریں کہ الکوحل اُڑ جائے اور دوا میں نمی باقی نہ رہے۔ تو درمیانے سائز کے کیپسولز بھر لیں۔ شام 5 بجے ایک کیپسول دودھ سے لے لیں۔

نمبر 3:۔ اکسیر حیات:۔

رات کو سوتے وقت تین گرام دوا۔ دودھ سے لے لیں۔ اجزاء ترکیب تیاری، طریقہ استعمال اسی کتاب میں ملاحظہ فرمادیں۔

نمبر 4:۔ سفوف بانجھی:۔

تخم انسانی کی پیدائش اور افزائش کے لئے معمول ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء:۔ مغز بنولہ 10 تولہ۔ عقر قرحا 5 تولہ۔ ریگ ماہی 1 تولہ۔ تخم کونچ 5 تولہ۔ موصلی سیاہ 10 تولہ۔ لاجونتی 10 تولہ۔ کندر 5 تولہ۔ جفت بلوط 5 تولہ۔ تخم اوٹنگن 5 تولہ۔ شقاقل مصری 10 تولہ۔ خراطین مصفیٰ 5 تولہ۔ مصری 1/2 1 پاؤ ورق نقرہ 25 عدد۔ کشتہ بیضۂ مرغ 2 تولہ۔ کشتہ صدف 1/2 2 تولہ۔ گل گلاب 5 تولہ۔ برادہ صندل سفید 1 تولہ۔ دانہ الائچی خورد 2 تولہ۔ تمام کوٹنے والی ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں کشتہ جات بھی ملا کر ورق نقرہ ملا لیں۔ رات کو سوتے ایک پاؤ دودھ میں میٹھا ملا کر 1 تولہ سفوف بانجھی ڈال دیں صبح نہار منہ حریرے کیطرح پی لیں۔

مردانہ بانجھ پن کے بانجھی کورس کا مرحلہ سوئم

نمبر 1۔ کشتہ مقوی سپرم۔ کشتہ طلائی نقرئی:۔

اجزاء ترکیب تیاری اور فوائد مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 2۔ اکسیر حیات:۔ رات کو سوتے وقت تین گرام دودھ سے۔

نمبر 3۔ بانجھی کیپسولز۔ شام 5 بجے ایک کیپسول دودھ سے، اجزاء اور ترکیب تیاری مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔

نمبر 4۔ سفوف تولید کرم منی:۔ اجزا۔ مغز تخم جیا پوتا۔ 5 تولہ۔ کندر 5 تولہ، جفت بلوط 5 تولہ، عقرقرحا 5 تولہ، جند بیدستر 1 تولہ۔ ریگ ماہی 1 تولہ۔ تخم کونچ 5 تولہ، تخم اوٹنگن 5 تولہ، ہوچلی 10 تولہ۔ شقاقل مصری 10 تولہ۔ گوند کتیرا۔ 10 تولہ۔ گوند ببول۔ 10 تولہ۔ موصلی سفید انڈیا 5 تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ 2 تولہ۔ کشتہ قلعی 2 تولہ۔ کشتہ صدف 2 تولہ۔ مصری 1/2 کلو۔ ورق نقرہ 25 عدد تمام کوٹنے والی ادویہ کوٹ کر چھان لیں۔ کشتہ جات بھی ملالیں اور ورق نقرہ بھی ملالیں۔ رات کو سوتے وقت ایک پاؤ دودھ میں ایک تولہ سفوف تولید کرم منی ڈال کر رکھ چھوڑیں صبح نہار منہ حریرے کیطرح پی لیں۔

شرائط کاروبار:۔

بیاض مہتاب میں درج تمام ادویہ پر درج ذیل۔ ڈسکاؤنٹ دیا جائے گا۔

نمبر 1۔ تعداد والی ادویہ پر۔ بارہ پر چار کمیشن دیا جائے گا میرا مطلب ہے کہ بارہ کی قیمت میں + سولہ چیزیں ملیں گی، خواہ آپ کورسز منگوائیں یا کیپسولز اور حبوبیات منگوائیں۔

نمبر 2۔ اوزان والی ادویہ مثلاً اگر آپ اکسیر حیات طلب فرماتے ہیں تو آپ کو ایک کلوگرام کی قیمت میں 1250 گرام دوا ملے گی۔

ایک ہزار روپے سے کم کی ادویہ کے آرڈر کی تکمیل نہیں ہوگی۔

کم سے کم آرڈر ایک ہزار روپے ہو۔

امراض نسواں

امراض نسواں میں۔ میں سب سے پہلے نسوانی کورس آپ حضرات کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ نسوانی کورس ان خواتین کے لئے ہیں جو اولاد جیسی نعمت خداوند سے محروم ہوں یہ کورس تین ہفتوں کا تین مراحل پر مشتمل ہے۔ مرحلہ اوّل حیض کی درستگی سے متعلق مجربات پر مشتمل ہے۔ دوسرا مرحلہ رحم کی خامیوں کی نیست و نابود کر کے لیکوریا جیسی موذی مرض جو خواتین کو دیمک کیطرح کھاتا ہے کی بیخ کنی کر کے خصیۃ الرحم کو مقوی کر کے نسوانی مادہ منویہ کو غلیظ کر کے اس کو اولاد کے قابل بناتا ہے جبکہ تیسرے مرحلہ میں قرار حمل کے اکسیرات شامل کورس ہیں۔

نسوانی کورس کا مرحلہ اوّل:۔

اس مرحلہ میں چار ادویہ شامل ہیں۔(1) حیضینہ کیپسولز (2) سفوف نسوان (3) حب حاملینہ (4) سفوف تبخیری لیجئے مرحلہ اوّل میں شامل ادویہ کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔

(1) حیضینہ کیپسولز:۔

یہ کیپسولز خواتین کے جملہ امراض رحم کیلئے نہایت مفید ہیں۔ مثلاً کمی حیض، حیض کا وقت پر نہ آنا، بے قاعدگی، حیض کا کھل کر نہ آنا، کمی خون، حیض کا درد سے آنا اور اختناق الرحم کے لئے اکسیر ہے۔ رحم کی جملہ خرابیوں کے لئے کثیر الفوائد ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔

اجزاء:۔ مرمکی 4 تولہ۔ جند بید ستر 3 تولہ۔ جدوا خطائی 2 تولہ۔ جوکھار 2 تولہ۔ ریوند خطائی 2 تولہ۔ زیرہ سفید 2 تولہ۔ بندال ڈوڈہ 2 تولہ۔ تخم سراب 2 تولہ۔ زعفران 2 تولہ۔ جوز بوا 2 تولہ، لوٹا بجی 2 تولہ، کشتہ فولاد فروٹ والا 2 تولہ، نوشادر 2 تولہ، تمام اجزاء کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور اچھی طرح ملا کر بڑے سائز کے کیپسولز بھرلیں۔ ایک کیپسولز صبح 10 بجے اور ایک کیپسولز شام 5 بجے نیم گرم دودھ سے، حیض کے آنے سے تین دن پہلے شروع کریں اور دوران حیض بھی جاری رکھیں،

نوٹ: ۔ یہ کیپسولز۔ اسقاط حمل کی خاصیت بھی رکھتے ہیں احتیاط سے کام یہی غلط استعمال

کروانے پر روز قیامت آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔

2۔ سفوف تبخیری:۔

اجزاء اور ترکیب تیاری مردمی بکس کے مرحلہ اوّل میں ملاحظہ فرماویں۔ اس سفوف تبخیری میں ایک چھٹانک میں ایک تولہ کشتہ فولاد فروٹ والا شامل کر کے، دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد نیم گرم پانی سے لے لیں۔

3۔ سفوف نسواں:۔

یہ سفوف درستگی رحم، ورم رحم، بے قاعدگی، کمی خون خون کا درد کے ساتھ آنا، اسقاط حمل، کمر درد، سر درد، اعضاء شکنی، ہسٹریا متلی، قے اور گھبراہٹ جیسے عوارض کو دور کر کے رحم کو قابل تولید بناتا ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔ اجزاء:۔ دانہ الائچی خورد 1 تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ایک تولہ۔ کشتہ صدف 1 تولہ۔ آشوکا ایک تولہ۔ ریش برگد 1 تولہ۔ برادہ صندل سفید 1 تولہ۔ شاہترہ 1 تولہ۔ برگ نیم 1 تولہ۔ کاسنی 1 تولہ۔ اجوائن 1 تولہ۔ مرکی 1 تولہ۔ ابہل 1 تولہ۔ باد رنجبویہ 1 تولہ۔ برگ گلو 1 تولہ۔ تخم سنبھالو 1 تولہ۔ پرشیاؤشان 1 تولہ۔ بادیان 1 تولہ۔ مجیٹھ 1 تولہ۔ سرنجاسف 1 تولہ چینی 1/2 2 پاؤ۔ سب کو کوٹ کر چھان لیں، تین گرام سفوف نسواں رات کو سوتے وقت اور تین گرام صبح نہار منہ پانی سے استعمال کریں۔

نمبر 4:۔ حب حاملینہ۔ نسوانی کورس کے مرحلہ اوّل کی مایہ ناز دوا ہے جیسے کہ نام سے ظاہر ہے۔ یہ حبوب حمل قرار پانے کیلئے عجیب التاثیر ہیں۔ گو نسخہ کے اجزاء قدرے مہنگے ضرور ہیں لیکن اس مرض کی شفاعت میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اِن اجزاء میں شفاء رکھی ہے۔ حب حاملینہ کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔

اجـــــزاء:۔ سپاری دکھنی 1 تولہ۔ بسباسہ 1 تولہ، جوز بوا 1 تولہ۔ ترنجبین 1 تولہ۔ افیون 6 ماشہ۔ زعفران اصلی نمبر 1 (1 تولہ) تخم بھنگ بریاں 1 تولہ۔ کستوری اصلی 6 ماشہ۔ روح گلاب 10 تولہ۔ اوّل تخم بھنگ کو تابہ آہنی پر بریاں کریں پھر تمام اجزاء کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں۔

زعفران۔ کستوری افیون کو روح گلاب میں حل کر لیں۔ تمام اجزاء کو کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا محلول زعفران وغیرہ ڈال کر کھرل کریں کہ تمام محلول ختم ہو جائے اور نمی باقی نہ رہے۔ تو درمیانہ سائز کے کیپسولز بھر لیں۔ ایک کیپسول دوپہر دو بجے پانی سے کھائیں۔

نسوانی کورس کا مرحلہ دوئم:۔

نسوانی کورس کے مرحلہ دوئم میں تین ادویہ شامل ہیں۔

(1) اکسیر نسوانی (2) لیکورین کیپسولز (3) سفوف تبخیری

1۔ اکسیر نسوانی:۔

اس اکسیر میں شامل کشتہ جات خواتین میں کیلشیم کی کمی کو پورا کر کے رحم کو قابل تولید بناتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ اکسیر لیکوریا جیسی موذی مرض جو خواتین کو دیمک کیطرح چاٹتا ہے۔ اس کی بیخ کنی کر کے خواتین کے حسن کو برقرار رکھنے کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔ اجزاء:۔ کشتہ مرجان در مکھن ایک تولہ۔ کشتہ زمرد 1 تولہ۔ چکنی سپاری 4 تولہ۔ طباشیر 3 تولہ۔ گوند ڈھاک 3 تولہ۔ برادہ صندل سفید 3 تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ گل نیلوفر 2 تولہ۔ کشتہ صدف 4 تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ 4 تولہ۔ مصری ایک پاؤ ورق نقرہ۔ 50 عدد تمام بوٹے پیسے [illegible] اور کشتہ جات بھی ملا کر ورق نقرہ شامل کر لیں۔ 6 ماشہ دوا۔ رات کو سوتے وقت 6 ماشہ دوا صبح نہار منہ دودھ سے استعمال کریں۔

نمبر 2۔ لیکورین کیپسولز:۔

یہ کیپسولز بچہ دانی کو تقویت دے کر رحم کو حمل قبول کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرماویں۔

اجزاء:۔ کشتہ زمرد 2 تولہ۔ کشتہ مرجان 2 تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ 2 تولہ۔ کشتہ صدف 2 تولہ۔ گل دھاوا 2 تولہ۔ کشتہ عقیق 2 تولہ۔ کشتہ قلعی 2 تولہ۔ گل سپاری 2 تولہ۔ گل انار 2 تولہ۔

گل نیلوفر 2 تولہ۔ گوند ڈھاک 2 تولہ برادہ صندل سفید 2 تولہ۔ دانہ الائچی خورد 1 تولہ۔ تمام کوٹنے والی ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں اور کشتہ جات بھی ملا لیں کہ تمام یکجان ہو جائے تو کیپسولز بھر لیں ایک کیپسول صبح 10 بجے اور ایک کیپسول شام 5 بجے دودھ سے۔

نمبر 3:۔ سفوف تبخیری:۔

اجزاء اور ترکیب تیاری سردی بکس کے مرحلہ اول میں ملاحظہ کریں۔ ایک چھٹانک سفوف تبخیری میں 1 تولہ۔ کشتہ فولاد فروٹ والا شامل کر لیں اور ایک ایک چٹکی دوا، دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد پانی سے لے لیں۔

نسوانی کورس کا مرحلہ سوئم

نسوانی کورس کے مرحلہ سوئم میں قرار حمل کے لیے دو اکسیرات شامل ہیں۔

نمبر 1۔ اکسیر قرار حمل نمبر 1:۔

ناگ کیسر 1 تولہ۔ جدوار خطائی 1 تولہ۔ تخم شونیکی 1 تولہ۔ تینوں ادویہ کو کوٹ کر چھان کر وزن برابر کر لیں 1 ماشہ دوا صبح نہار منہ پانی سے استعمال کروائیں اور ساتھ ہی رات ہی کو ہم بستری کی ہدایت کریں۔ انشاءاللہ مراد پوری ہو گی۔

اکسیر قرار حمل نمبر 2:۔

قلب الحجر ایک تولہ طباشیر 1 تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ جملہ ادویہ کو پیس کر ملا لیں اور ایک ماشہ رات کو سوتے وقت دودھ سے استعمال کریں۔

محافظِ حاصلہ و بچہ

محترم قارئین اکرام اس مجرب نسخہ کی حقیقت کچھ اس طرح سے ہے کہ میرے ایک عزیز کو شادی کے ایک سال بعد اللہ تبارک وتعالیٰ نے ایک بچی سے نوازا لیکن اُس بچی کا پیر اندر کی طرف

ٹیڑھا تھا۔ ابھی وہ اس بچی کے علاج معالجہ میں مصروف تھے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ایک اور بچی سے نوازا۔ لیکن اب کی بار پیدا ہونے والی بچی کے دونوں پیر اندر کیطرف ٹیڑھے تھے اب تو سارے گھر والے بہت پریشان تھے اور آ کر صورتحال کا ذکر مجھ سے کیا۔ میرا اس بارے میں کوئی تجربہ نہ تھا۔ حکیم محمد اسمٰعیل امرتسری مرحوم (اللہ تعالیٰ اُنہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائیں آمین) کی والدِ محترم سے اچھے تعلقات تھے۔ میں نے لاہور جا کر اُن کے سامنے سارا معاملہ رکھا۔ اُنہوں نے سارا واقعہ سننے کے بعد یہ نسخہ دستی عطا فرمایا جس کے استعمال کے بعد میرے اُس عزیز کے گھر لڑکی پیدا ہوئی اور وہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بالکل ٹھیک تھی اُس کے بعد کوئی لڑکی پیدا نہیں ہوئی جبکہ اُن صاحب کے گھر میں گیارہ بچے ہیں جن میں پہلی تین لڑکیاں اور بعد میں آٹھ لڑکے پیدا ہوئے۔ اس کی افادیت کو دیکھتے ہوئے میں نے اسے بیاض مہتاب میں شامل کرلیا۔ میرے اپنے تجربے میں 80% کامیاب رہا۔ یعنی دوا کے استعمال کے بعد لڑکے ہی لڑکے پیدا ہوئے۔ اب ملاحظہ فرماویں نسخہ متبرکہ۔

ھوالشافی:۔ صدف صادق 1 تولہ۔ کہربا شمعی 1 تولہ۔ کشتہ بیخ مرجان 1 تولہ۔ صندل سرخ 1 تولہ۔ صندل سفید 1 تولہ۔ مازو سبز 1 تولہ۔ درونج عقربی 1 تولہ۔ عود صلیب 1 تولہ۔ ابریشم مقرض 1 تولہ۔ بیخ انجبار 1 تولہ۔ گلِ ارمنی 1 تولہ۔ مغز تخم تربوز 1 تولہ۔ مغز تخم خرفہ 1 تولہ۔ زرنباد 1 تولہ۔ دانہ الائچی خورد 1 تولہ۔ دارچینی 1 تولہ۔ جاوتری 1 تولہ۔ زعفران 1 تولہ۔ روح گلاب 10 تولہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں، روح گلاب میں زعفران حل کر کے یہ محلول تمام ادویہ میں ملا لیں اور رکھ چھوڑیں کہ خشک ہو جائیں تو دوبارہ کوٹ کر چھان لیں اور بڑے سائز کے کیپسولز بھر لیں۔ جب حمل کا مکمل یقین ہو جائے تو ایک کیپسولز رات کو سوتے وقت اور ایک کیپسولز صبح نہار منہ دودھ سے استعمال کریں۔ تا ولادت ولادت تک کیپسولز جاری رکھیں۔ انشاء اللہ مراد برآئے گی۔ حاملہ خاتون اور اُس کے خاوند کو چاہیے کہ مہینے میں تین روزے رکھیں اللہ نام کے اور منت مانیں اللہ سے کہ اگر میرے گھر اولادِ نرینہ ہوئی تو سات روزے خاص

تیرے نام کے رکھیں گے اس کے علاوہ نماز پابندی سے پڑھیں۔ یہی کامیابی کا راستہ ہے۔

بند حیض کا کھولن

نمبر 1۔ کشتہ فولاد شنگرفی:۔ کشتہ فولاد بازاری 3 تولہ شنگرف رومی 2 تولہ۔ دونوں کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں اور آب ادرک 1/2 پاؤ سے کھرل کر کے ٹکیاں بنائیں خشک ہونے پر دیسی مرغی کے انڈوں کی اُبلی ہوزردیاں 21 عدد۔ آدھی زردیاں مٹی کی کلیہ میں بچھا دیں اُس پر فولاد و شنگرف کی ٹکیاں رکھدیں اور بقیہ زردی رکھ کر گل حکمت کر دیں خشک ہونے پر ایک تندور یا گڑھے میں 20 سیر اوپلے لے کر 10 سیر بچھا کر اوپر دوا والی کلیہ رکھ کر بقیہ 10 سیر اوپلے بھی رکھ کر آگ لگا دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

استعمال:۔ 4 رتی دوا۔ صبح 10 بجے ایک چھٹانک مکھن یا بالائی میں لیپ کر کھلادیں۔ اوپر سے دودھ 1/2 کلو میں 1 تولہ۔ دیسی گھی اور سات عدد چھوہارے ڈال کر اُبالیں کہ دودھ ایک پاؤ رہ جائے وہ پلادیں۔ انشاء اللہ حیض کھولنے میں شافی مطلق نے اس میں بہت شفا رکھی ہے۔ نوٹ:۔ ساقط حمل کی خاصیت رکھتی ہے احتیاط سے استعمال کروائیں۔ حیض خواتین میں ایک قدرتی عمل ہے جو خواتین میں طبعی طور پر 45 سال سے 50 سال کی عمر تک جاری رہتا ہے اس کے بعد بند ہو جاتا ہے۔ اس نسخہ کو اور دیگر بندش حیض کے نسخوں کو قدرت کے مخالف نہیں چلنا یعنی 45 سالہ خاتون کو یہ ادویات نہیں دینی۔ بلکہ جوانی میں بیس سال سے 40 سال تک کی خواتین کو یہ ادویہ دے سکتے ہیں۔

نوٹ: کشتہ فولاد شنگرفی بہت سخت گرم ہے اس کے استعمال کے بعد مریضہ کو سرد ہوا اور ٹھنڈے پانی پینے سے اور نہانے سے دونوں سے پرہیز ہے اگر پیاس محسوس ہو تو نیم گرم دودھ پلائیں۔

نمبر 2۔ کاڑھا:۔

برگ بانس 1 تولہ۔ اجوائن 1 تولہ۔ سونٹھ 1 تولہ۔ چھوہارے سات عدد۔ پرانا گڑ تین

تولے اِن سب کو شام کو 1/2 کلو پانی میں بھگو کر رکھدیں، رات کو سوتے وقت اتنا اُبالیں کہ
پانی 1/2 پاؤ رہ جائے تو نیم گرم پلا کر سونے کی ہدایت دیں۔

نمبر 3۔ سفوف برائے بندش حیض:۔

جائفل جاوتری سونٹھ، کمرکس، خولنجان، ہر ایک 2-2 تولہ، فولاد بازاری 2 تولہ دار چینی،
لونگ سب 2-2 تولے لے کر کوٹ کر چھان لیں اور اس میں سات تولہ پرانا گڑ ملا لیں کہ سب
یکجان ہو جائے تو شام 5 بجے تین ماشہ دوا۔ دودھ نیم گرم سے دے دیں یہ ایک مکمل کورس ہے اور
یہ کورس 45 سال سے زیادہ عمر کی خواتین کو نہیں دینا چاہیئے ورنہ ہلاکت کا اندیشہ ہے۔

اٹھراہ:۔ جن عورتوں کے بچے مختلف امراض میں مبتلا ہو کر مر جاتے ہوں یا حمل گر جاتا
ہے۔ اس کے استعمال سے آرام ہوگا۔ ریش برگد 4 سیر لے کر 6 سیر پانی میں بھگوئیں۔ 12 گھنٹے
کے بعد اسے چولھے پر چڑھا کر اتنا پکائیں کہ پانی ایک سیر رہ جائے تو چولھے سے اُتار لیں ٹھنڈا
ہونے پر مل کر چھان لیں اور چھانے ہوئے پانی کو دوسری دیگچی میں ڈال کر اس میں دانہ الائچی
خورد 1 تولہ۔ کشتہ صدف 1 تولہ۔ رسونت 5 تولہ۔ طباشیر 2 تولہ کوٹ پیس کر کپڑ چھان کر لیں اور
مذکورہ پانی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اتنا پکائیں کہ اتنا غلیظ ہو جائے کہ حبوب بنانے کے قابل ہو جائے تو حبوب بقدر نخود سے قدرے بڑی بنائیں ایک گولی صبح 10 بجے پانی سے ایک گولی شام 5 بجے پانی سے ایک گولی رات کو سوتے وقت دودھ سے ایک گولی صبح نہار منہ دودھ سے استعمال کریں۔ انشاء اللہ مطلوبہ نتیجہ حاصل ہوگا۔

☆☆☆☆